کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 55 | اتوار 21 ربیع الثانی 1448ھ 04 اکتوبر 2026ء، صفحات 24 | شمارہ 83

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2005@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 50 روپے

ماشکیل اور جنوبی وزیرستان میں فورسز کی کارروائی 11 دہشتگرد ہلاک، ایک اہلکار شہید

پوری قوم فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

فورسز نے ماشکیل میں چیک پوسٹ پر فتنہ الہندوستان کا حملہ ناکام بنادیا دہشت گردوں موقع پر ہلاک، ایک سیکورٹی اہلکار شہید جبکہ 6 جوان زخمی، بھاری مقدار میں اسلحہ ایمونیشن، گولہ بارود برآمد

جنوبی وزیرستان میں ایک اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کے پانچ دہشت گرد ہلاک ٹھکانے بھی تباہ کردیے، سیکورٹی فورسز پائیدار امن اور شہریوں کے تحفظ کیلئے پرعزم ہیں، حکام

عوام کا تحفظ اولین ترجیح، دہشت گردی کے خلاف جنگ اپنے منطقی انجام تک جاری رہے گی اور ملک و صوبے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ، پشاور (سٹی رپورٹر، م ڈ) سیکورٹی فورسز کی جانب سے ماشکیل میں چیک پوسٹ پر فتنہ الہندوستان کے حملے کو ناکام بناتے ہوئے 6 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا جبکہ فائرنگ کے تبادلے میں ایک سیکورٹی اہلکار شہید جبکہ 6 زخمی ہوگئے ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ ایمونیشن، گولہ بارود قبضے میں لے لیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز ماشکیل میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر فتنہ الہندوستان بی ایل اے کے دہشت گردوں نے حملہ کرتے ہوئے فائرنگ کی چیک پوسٹ موجود سیکورٹی اہلکاروں نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے جوابی کارروائی شدید فائرنگ کے نتیجے میں کے 6 دہشت گرد ہلاک ہوگئے جن کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ ایمونیشن، گولہ بارود برآمد کرلیا فائرنگ کے تبادلے میں نائیک وحید شہید جبکہ حوالدار ناصر، نائیک مہتاب، نائیک، نوبت علی، لانس نائیک مہتاب، نیک محبت علی، لانس نائیک انعام مہر، سپاہی جان بادشاہ اور لانس نائیک مشتاق زخمی ہوگئے۔ حملے کی اطلاع پر مزید نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا آپریشن ردالفتنہ ثمری کے تحت سیکورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے آپریشن جاری رہے گا۔ دوسری جانب، جنوبی وزیرستان میں ایک اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران سیکورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ ذرائع نے مزید...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

ایمرجنسی لگ جاتی تو میں اکیلا ہی کافی ہوں، گورنر کے پی

اللہ کرے کہ بہتر ہو لیکن میں ناامید نہیں ہوں، فیصل کریم کنڈی

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اسلام آباد پالیسی ریسرچ انسٹیٹیوٹ میں لیکچر کے دوران

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت نے کے پی میں ایمرجنسی کا ذہن بنالیا تھا، ہم نے مخالفت کی، بلاول بھٹو

خیبر پختونخوا حکومت کی توجہ احتجاج پر ہے، وہاں دہشت گردی بڑھ رہی ہے، صوبائی حکومت دہشتگردی کیخلاف وفاق سے معاہدہ کرے

کے پی اور بلوچستان کے حالات سب کے سامنے ہیں، دہشت گردی کے اثرات تمام صوبوں پر پڑیں گے، کراچی میں خطاب

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

بلوچستان کے موجودہ حالات کو پسماندگی کا سبب قرار دینا درست نہیں، بگٹی

مسائل کا پائیدار حل مؤثر گورننس، میرٹ کریسی کے فروغ، نوجوانوں کیلئے مواقع اور ریاستی رٹ کے مؤثر نفاذ سے جڑا ہے، وزیراعلیٰ

مختلف ممالک میں ترقیاتی تفاوت موجود ہے تاہم کسی بھی علاقے کی محرومی یا پسماندگی کو معصوم شہریوں کے قتل کا جواز نہیں بنایا جاسکتا

نوجوان تشدد کے بجائے تعلیم، روزگار اور تعمیری سرگرمیوں کو اپنے مستقبل کا راستہ بنائیں، خصوصی لیکچر کے دوران اظہار خیال

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کو سمجھنے کے لیے اس کی تاریخ، جغرافیہ، سماجی ساخت، سیاسی ارتقاء اور موجودہ زمینی حقائق کو ایک مربوط تناظر میں دیکھنا ہوگا، محض مخصوص واقعات یا یک طرفہ بیانیے کی بنیاد پر صوبے...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

لانگ مارچ مؤخر نہیں ہوگا، پہلے بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو بلایا جانا چاہیے، سہیل آفریدی، عمران خان سے ملاقات کے بعد میڈیا سے بات چیت نہیں کرسکتے، محمود خان اچکزئی

پی ٹی آئی اور حکومت کے درمیان مذاکرات ناکام ہو گئے

لانگ مارچ ہوگا، سہیل آفریدی

اسلام آباد: مذاکرات کے دوران اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، محمود خان اچکزئی اور ...

مذاکرات کا پہلا دور ختم ہونے کے بعد وفاقی وزیر محسن نقوی نے صدر مملکت آصف علی زرداری کو ایوان صدر جا کر بریفنگ دی، وزیراعظم شہباز شریف کو ٹیلی فون پر پیشرفت سے آگاہ کیا گیا

بانی سے ملاقات کی بغیر کوئی اعلان یا فیصلہ ممکن نہیں، اس بات تک محدود رہیں کہ بانی سے ملاقات ہوگی تو ہی فیصلہ ہوگا اور بانی سے ملاقات کے بعد اس پر حتمی جواب دیا جائے گا، محمود خان اچکزئی

آج لکی مروت سے لانگ مارچ کے پہلے مرحلے کا آغاز ہوگا، وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی، تحریک انصاف نے حکومت کے تمام مطالبات تسلیم کرلئے ہیں، مذاکراتی کمیٹی کے حکومتی رکن کا دعویٰ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات عمران خان سے ملاقات نہ ہونے کی وجہ سے بے نتیجہ ختم ہوگئے پی ٹی آئی کا موقف تھا کہ وہ اسی صورت میں لانگ مارچ کو ختم کرسکتے ہیں، جبکہ ان کے وفد کی عمران خان سے اڈیالہ جیل میں ملاقات کرائی جائے، حکومتی وفد نے اس سلسلے میں اسٹیبلشمنٹ سمیت صدر اور وزیراعظم مشاورت لیکن کسی حتمی نتیجہ پر نہیں پہنچ سکے، اس کے بعد مذاکرات حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان بے نتیجہ ختم ہوگئے دریں اثناء اس سے قبل...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی حکومت کی سرکاری اداروں کی مالیاتی رپورٹنگ پالیسی میں ترمیم

پالیسی کے پیراگراف 31 میں تین نئی شقیں شامل، کابینہ کی منظوری کے بعد وزارت خزانہ نے ترمیمی نوٹیفکیشن جاری کردیا

اقدام آئی ایم ایف کی شرط پر سرکاری ملکیتی اداروں سے متعلق مالیاتی نظم و نسق مزید مؤثر بنانے کیلئے کیا گیا ہے، وزارت خزانہ

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

دوا کی فروخت کیلئے ڈاکٹر بھی لائسنس کا پابند ہے، ایف سی سی

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کی اندرونی کہانی

مذاکراتی عمل میں اتار چڑھاؤ کے کئی مواقع خوشگوار ماحول میں بدلتے رہے

اسپیکر قومی اسمبلی نے فریقوں کو مذاکراتی میز پر برقرار رکھنے کے لیے کردار ادا کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی، مذاکراتی عمل میں اتار چڑھاؤ کے کئی مواقع خوشگوار ماحول میں بدلتے رہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت اپوزیشن مذاکرات کے دوران بعض مواقع پر صورتحال کو خراب ہونے سے بچایا جاتا رہا، مذاکراتی عمل میں بعض نکات پر دونوں فریقوں کے...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

سعودیہ کی جانب سے حوثیوں کیخلاف بڑے فوجی آپریشن کی تیاری

ایک لاکھ سے زائد یمنی اہلکاروں کو متحرک کیے جانے کا امکان، آپریشن آئندہ چند ہفتوں میں شروع کیے جانے کا امکان ہے

سعودی فضائی حملوں کی مدد سے یمنی فورسز زمینی کارروائی کریں گی، امریکا سعودی کارروائی کیلئے معلومات فراہم کر رہا ہے، رپورٹ

ریاض (م ڈ) سعودی عرب کی جانب سے حوثیوں کیخلاف بڑے فوجی آپریشن کی تیاری کا انکشاف ہوا ہے، ایک لاکھ سے زائد یمنی اہلکاروں کو متحرک کیے جانے کا امکان ہے۔ رپورٹ کے مطابق منصوبے کے تحت سعودی فضائی حملوں کی مدد سے یمنی فورسز زمینی کارروائی...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

ایشین گیمز: والی بال میں پاکستان نے چین کو شکست دیدی

اسلام (م ڈ) ایشین گیمز میں میزبان والی بال کے مقابلے میں پاکستان نے چین کو تیسری پوزیشن کے میچ میں ہرا کر برانز میڈل جیت لیا۔ جاپان کے شہر ناگویا میں کھیلے...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

صومالیہ: پاکستانیوں کی میتیں وطن منتقلی کی تیاریاں جاری

وزیراعظم کی ہدایت پر انتظامات میں تیزی، میتیں ایتھوپیا پہنچ گئیں

سید کاشف عمر، احمد انصاری اور رفیع اللہ کی میتوں پاکستان لایا جائیگا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر صومالیہ میں جاں بحق ہونے والے پاکستانی شہریوں کی میتیں وطن واپس لانے کے لیے انتظامات تیزی سے جاری ہیں۔ اس سلسلے میں جاں بحق پاکستانی شہریوں کی میتیں صومالیہ سے ایتھوپیا کے...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

فورسز کی کوششوں سے دہشتگردی کا خاتمہ کیا جائیگا، محسن نقوی

پوری قوم دہشتگردی کیخلاف سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، بیان

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں خوارج کے خلاف خفیہ معلومات پر مبنی کامیاب آپریشن کرنے پر سیکورٹی...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کے قومی سلامتی مشیروں کا کیمپ ڈیوڈ خفیہ اجلاس

ایران اور یمن کی صورتحال پر کئی گھنٹے مشاورت کی گئی، رپورٹ

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اعلیٰ قومی سلامتی مشیروں نے کیمپ ڈیوڈ میں خفیہ اجلاس کیا، جس میں ایران اور یمن کی صورتحال پر کئی گھنٹے مشاورت کی...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی حکومت نے 2 لاکھ ٹن سرپلس چینی برآمد کا طریقہ کار طے کرلیا

وزارت نیشنل فوڈ سیکورٹی کا اسٹیٹ بینک کو برآمد سے متعلق مراسلہ جاری، چینی برآمد پر شپمنٹ کی کوئی ڈیڈ لائن نہیں ہوگی، متن

برآمد ایل سی ایٹ سائٹ یا ایڈوانس پیمنٹ اور ایکسپورٹ پروسیڈز کی رپورٹنگ اسٹیٹ بینک کے ضوابط کے مطابق ہوگی، مراسلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے 2 لاکھ ٹن سرپلس چینی کی برآمد کیلئے طریقہ کار طے کرلیا ہے۔ نائب وزیراعظم سینیٹر اسحاق ڈار کی سربراہی میں قائمہ کمیٹی نے اہم فیصلے کیے اور ملک سے سرپلس 2 لاکھ ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت دے دی۔ وزارت نیشنل فوڈ سیکورٹی نے چینی کی برآمد سے متعلق فیصلوں پر اسٹیٹ بینک کو مراسلہ تحریر کیا ہے اور کہا کہ...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت اپوزیشن سے مذاکرات نتیجہ خیز بنانا چاہتی ہے، طارق فضل چوہدری

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی گفتگو انتہائی غیرشائستہ اور قابل مذمت ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت اپوزیشن سے مذاکرات بامقصد اور نتیجہ خیز بنانا چاہتی ہے...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

مسلم لیگ ن بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ ضلعی کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

خضدار: 3 لاشیں برآمد شناخت کیلئے ہسپتال منتقل

خضدار (آن لائن) خضدار کے علاقے فیروز آباد سے تین افراد کی لاشیں برآمد کرلی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق ہفتہ کو خضدار کے علاقے فیروز آباد سے تین افراد کی لاشیں برآمد ہوئیں ہیں۔ جنہیں شناخت کیلئے...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور: بارودی مواد پھٹنے سے 2 بچے جاں بحق، 3 زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پنجگور کے علاقے میں بارودی مواد پھٹنے سے 2 بچے جاں بحق اور 3 زخمی ہوگئے نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز پنجگور کے علاقے گوار کے فتح علی بازار میں بچے...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ انتخابات: پیرا شوٹرز متحرک ہوگئے، رابطے شروع

رقم کے بل بوتے کامیابی کیلئے منتخب نمائندوں سے رابطے تیز کردیے

کوئٹہ (اے این این) سینیٹ کے مارچ میں ہونے والے الیکشن کے لیے ایک بار پھر پیرا شوٹرز خود کو کامیاب بنانے کے لیے سرگرمیاں تیز کردیے جس میں جنرل ٹیکنوکریٹ نشستوں کے ساتھ خواتین نے بھی سفارشیں اور رقم کے بل بوتے پر اپنے...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

سڑکیں بند نہیں کنٹینرز شہریوں کے تحفظ کیلئے رکھے ہیں، وزارت اطلاعات

اسلام آباد ہائیکورٹ کی ہدایات کی تعمیل میں احتیاطاً کنٹینرز رکھے گئے، حساس تنصیبات اور عوامی تحفظ کیلئے حفاظتی اقدامات کئے گئے

الجزیرہ کی جانبدارانہ رپورٹنگ منفی تاثر پیدا کرتی ہے، حقائق نظرانداز کئے گئے، جھوٹ اور پروپیگنڈا حقائق کا متبادل نہیں ہوسکتا، بیان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزارت اطلاعات ونشریات نے الجزیرہ کی رپورٹنگ غلط قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ اسلام آباد میں کوئی سڑک بند نہیں کی گئی، شہریوں کے تحفظ کے لیے اسلام آباد ہائیکورٹ کے حکم پر مختلف مقامات پر کنٹینرز رکھے گئے ہیں۔ وزارت اطلاعات کے مطابق حفاظتی اقدامات ماضی کے پرتشدد واقعات اور رویوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کیے گئے، جن کا مقصد امن و امان برقرار رکھنا اور شہریوں کا تحفظ یقینی بنانا ہے، یہ اقدامات ریاست کی امن و امان برقرار رکھنے کی ذمہ داری کے...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی سربراہی میں حکومتی اور اپوزیشن کمیٹی کے اراکین مذاکرات کررہے ہیں

بیرسٹر گوہر کا وزیر داخلہ سے ملاقات سے متعلق جواب دینے سے گریز

یہ مذاکرات ملک و قوم اور جمہوریت کے لیے بہت ضروری ہیں، چیئرمین

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر سے سوال کیا گیا کہ مذاکرات سے پہلے محسن نقوی سے آپ کی ملاقات کی اطلاعات ہیں تاہم بیرسٹر گوہر نے وزیر داخلہ سے ملاقات سے متعلق جواب دینے سے گریز کیا...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیزل کی برآمد پر پابندی کی منظوری نہیں دوں گا، ٹرمپ کا اعلان

چار ماہ میں 10 کروڑ بیرل ڈیزل اور خام تیل کی سپلائی، امریکی صدر راضی ہوگئے

برطانیہ میں ڈیزل کی قیمت ریکارڈ اضافہ، پہلی بار ریکارڈ 2 پاؤنڈ فی لیٹر تک پہنچ گئی

واشنگٹن: امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ وہ ڈیزل کی برآمد پر پابندی کی منظوری نہیں دیں گے۔ یہ اعلان جی سیون ممالک کی جانب سے اگلے چار ماہ...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

انمول پنکی کے خلاف 6 ماہ بعد پولیس کی تفتیش مکمل

عبوری چالان عدالت میں جمع، کیس سیشن جج کی عدالت منتقل

کراچی (آئی این پی) کراچی میں پولیس نے کوکین کوئن انمول پنکی کے خلاف منشیات کیس میں 6 ماہ بعد تفتیش مکمل کر کے عبوری چالان عدالت میں جمع کرادیا...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی ناظم الامور کی طلبی، دفتر خارجہ کا 2 پاکستانیوں کے قتل پر احتجاج

بھارتی فورسز کی نہتے شہریوں پر فائرنگ کو بلاجواز قرار دیتے ہوئے جاں بحق شہریوں کو ’دراندازی‘ قرار دینے کی کوشش مسترد

ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف قانونی اور محکمانہ کارروائی کرنے کا مطالبہ، دفتر خارجہ کی جانب سے مراسلہ بھی تھما دیا گیا، ترجمان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) دفتر خارجہ نے بھارتی فورسز کی نہتے شہریوں پر فائرنگ کو بلاجواز قرار دیتے ہوئے جاں بحق شہریوں کو ’دراندازی‘ قرار دینے کی بھارتی کوشش بھی مسترد کردی۔ پاکستان نے بھارتی بارڈر سیکورٹی فورس کی فائرنگ سے 2 پاکستانی شہریوں کی شہادت پر شدید احتجاج ریکارڈ کرایا ہے۔ دفتر...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

مذاکرات شروع ہونا بڑی کامیابی، سلسلہ ٹوٹنا نہیں چاہیے: فواد چودھری

میری رائے ہے بانی سے موجودہ قیادت کے بجائے سینئرز کی ملاقات کرائی جائے

اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہا ہے کہ ہم تو پہلے دن سے مذاکرات کی بات کررہے ہیں، مذاکرات شروع ہونا بڑی کامیابی ہے۔ ایک انٹرویو میں فواد چودھری نے کہا کہ مشکلات آئیں گی لیکن مذاکرات کو جاری رہنا چاہیے، بہت جلد...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور: زیادتی کا شکار خاتون کا اپنے ملک جانے سے انکار

بورڈنگ کے بعد جہاز میں سوار ہوئیں، پھر نیچے اتر آئیں، ذرائع

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور میں مبینہ اجتماعی زیادتی کا شکار ہونے والی غیرملکی لڑکی نے اپنے ملک آذربائیجان واپس جانے سے انکار کردیا۔ لاہور...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ سے متعلق بازگشت

وفاقی وزراء اور گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی نے بھی بیانات دیئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف نے گزشتہ ہفتے 27 ستمبر کو اپنا اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ مؤخر کردیا تھا اور چار اکتوبر کی نئی تاریخ کا اعلان کیا...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

فائرنگ و حادثات کے واقعات میں 7 افراد ہلاک، 3 زخمی

ولان میں پکنک منانے والے نوجوانوں پر فائرنگ سے مصطفیٰ جاں بحق، 2 ساتھی زخمی، جناح ٹاؤن میں فائرنگ سے فیض اللہ ہلاک

وندر میں مسافر کوچ اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم، 3 افراد جاں بحق، کوئٹہ اور سوراب سے نعشیں برآمد

وریجی میں مسلح افراد نے فائرنگ کرکے پولیس اہلکار کو زخمی کردیا، نعشیں و زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا، پولیس مزید تحقیقات کررہی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وندر کے علاقے میں مسافر کوچ اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق ہوگئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز وندر کے علاقے میں تیز رفتار مسافر کوچ اور موٹر سائیکل کو ٹکر سے آگ بھڑک اٹھی جس کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

امن کیلئے فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، بابر یوسفزئی

ماشکیل میں 6 دہشتگردوں کی ہلاکت فورسز کی بڑی کامیابی ہے، بیان

کوئٹہ (یو این اے) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت ماشکیل میں فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 6...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

مظاہرین پر تشدد کی مذمت، ایرانی اداکارہ کو قید کی سزا



اداکارہ کو سنائی گئی سزا کے خلاف اپیل بھی مسترد کردی گئی، ذرائع

نیویارک (م ڈ) امریکا میں قائم ایک غیرسرکاری تنظیم نے بتایا ہے کہ ایران کی معروف اداکارہ الناز شاکر دوست کو جنوری...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی حکومت نے بدامنی اور تشدد کا خطرناک منصوبہ تیار کیا، خواجہ آصف

مظاہرین اور جلسے جلوس کی آڑ میں فوجی، پولیس تنصیبات یا پوسٹوں کے آس پاس افراتفری پھیلانے کی تیاری کررکھی ہے

اس مرتبہ مارچ صرف کے پی میں ہی گھمایا جائے گا، منصوبے کی خبر فوج اور انٹیلی جنس اداروں کو پہلے ہی ہوگئی، وزیر دفاع

پشاور (م ڈ) خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت نے اپنے آنے والے لانگ مارچ کے ذریعے بدامنی اور تشدد پھیلانے کا ایک انتہائی خطرناک اور مذموم منصوبہ تیار کرلیا...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

کابل، اے یو ایف کے حملے، 102 طالبان اہلکار ہلاک

84 زخمی، ایک ماہ میں طالبان کیخلاف 68 کارروائیاں کی گئیں

حالیہ کارروائیوں میں مزید 23 طالبان اہلکاروں کی ہلاکت ہوئی

کابل (آن لائن) افغانستان میں طالبان حکومت کے خلاف سرگرم مزاحمتی گروپوں نے مختلف صوبوں میں حملوں کا سلسلہ تیز کرنے کا دعویٰ کیا...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

نوجوانوں کی فنی تربیت کیلئے چیف منسٹر ایمپلائمنٹ پروگرام کا آغاز

صوبے بھر کے تمام اضلاع سے 500 نوجوانوں کو تین ماہ کے دوران ٹیکنیکل و ڈیجیٹل اسکلز ٹریننگ فراہم کی جائے گی

بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید فنی اور ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید فنی اور ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنے کیلئے چیف منسٹر ایمپلائمنٹ پروگرام کے تحت ٹیکنیکل و ڈیجیٹل اسکلز ٹریننگ پروگرام کا آغاز ہوگیا ہے، پہلے مرحلے میں صوبے کے تمام اضلاع سے 500 نوجوانوں کو تین ماہ کی تربیت فراہم کی جائے گی حکام کے مطابق چیف منسٹر ایمپلائمنٹ پروگرام کا مجموعی ہدف ایک ہزار نوجوانوں کو جدید فنی اور ڈیجیٹل مہارتوں کی...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

ہم نے ملک کو خود برباد کیا، سہولت کاریاں کی ہیں، سعد رفیق

بانی پی ٹی آئی نے جو ہمارے ساتھ کیا، آج وہی ان کے ساتھ ہو رہا ہے

راولپنڈی و اسلام آباد ملک میں طاقت کے مراکز ہیں، پریس کانفرنس

لاہور (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق کا کہنا ہے کہ راولپنڈی اور اسلام آباد میں طاقت کے مراکز ہیں، ایک ملک میں طاقت کے دو مراکز کیسے ہوسکتے ہیں؟ لاہور میں کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سعد رفیق کا کہنا تھا کہ ملک آئین کے بغیر نہیں چلایا جاسکتا، ہم نے ملک کو خود برباد کیا، ہم نے سہولت کاریاں کی ہیں، سیاستدان برابر...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

فی تولہ سونا 4300 روپے سستا، 4 لاکھ 36 ہزار 336 روپے کا ہوگیا

کراچی (آئی این پی) ملک بھر میں فی تولہ سونے کی قیمت میں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق ملک بھر میں فی تولہ سونے کی قیمت میں 4300 روپے کی کمی ہوئی ہے جس...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

معاون پائلٹ نے دہشتگردی کا منصوبہ بنا رکھا تھا، یو اے ای

اسرائیل جانیوالی پرواز میں پائلٹ پر کلہاڑی سے حملہ کیا، پراسیکیوٹر جنرل

اسلام آباد (م ڈ) متحدہ عرب امارات نے دبئی سے اسرائیل جانے والی اماراتی پرواز کی سعودی عرب میں ہنگامی لینڈنگ کے واقعے کو دہشت گردی قرار دیدیا۔ پراسیکیوٹر...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پاک جرمنی تعلقات کو مزید مستحکم کیا جائیگا، صدر مملکت

کثیرالجہتی شعبہ جات میں دوطرفہ تعلقات وسعت پذیر رہیں گے

آصف علی زرداری کی جرمن اتحاد کے دن پر صدر اور عوام کو مبارکباد

اسلام آباد (آئی این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے وفاقی جمہوریہ جرمنی کے صدر ڈاکٹر فرینک والٹر اشٹائن مائر اور جرمنی کے عوام کو جرمن اتحاد کے دن کے موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان جرمنی کو ایک قابل اعتماد شراکت دار کی...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

روسی صدر نے اہلیہ سے 13 سال قبل علیحدگی اختیار کی

دونوں نے سرکاری ٹیلی ویژن پر اپنی علیحدگی کا اعلان کیا تھا

ماسکو (م ڈ) روسی صدر ولادی میر پیوٹن نے اپنی اہلیہ سے تقریباً 30 سال ازدواجی رفاقت کے بعد علیحدگی اختیار کرلی تھی۔ 13 سال قبل دونوں نے سرکاری ٹیلی ویژن پر اپنی علیحدگی کا اعلان کرتے ہوئے واضح کیا تھا کہ یہ فیصلہ باہمی رضامندی سے کیا گیا۔ اس وقت پیوٹن کی اہلیہ لیوڈمیلا، جن سے انہوں نے...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

تمبو: میر اللہ بخش عمرانی کیمپ پر مسلح افراد کی فائرنگ

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو میر اللہ بخش عمرانی کیمپ پر مسلح افراد کی شدید فائرنگ علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا پولیس کے مطابق تمبو کے علاقے پولیس تھانہ نچھ شوری کی حدود غفور آباد میر اللہ بخش خان...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بحرین تعاون کو وسعت دینے کیلئے مشترکہ وزارتی کمیشن اہم ہے، اسحاق ڈار

متعلقہ وزارتیں مشترکہ وزارتی کمیشن کے لیے تیاریاں باہمی رابطے سے مکمل کریں، نائب وزیراعظم کی اجلاس میں گفتگو

اعلیٰ حکام کی بریفنگ، اجلاس میں پاکستان بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان بحرین تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے مشترکہ وزارتی کمیشن اہم ہے، متعلقہ وزارتیں مشترکہ وزارتی کمیشن کے لیے تیاریاں باہمی رابطے سے مکمل کریں۔ اسحاق...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

وائٹ سی ایگل 155 سال بعد پاکستانی فضاؤں میں آ پہنچا

2025 قیمتی ترین ایگل کو سکھر سے شکاریوں سے آزاد کرایا گیا تھا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سفید دم عقاب جسے وائٹ ٹیلڈ سی ایگل بھی کہا جاتا ہے، پاکستان میں انتہائی نایاب پرندہ ہے۔ سرد خطوں کا یہ طاقتور شکاری ممکنہ طور پر سخت موسم کے باعث راستہ بھٹکا اور سندھ پہنچ گیا مگر آسانوں کا یہ شکاری سندھ کے شکاریوں سے محفوظ نہ رہ سکا اور اسے پکڑ کر قید کرلیا گیا۔ محکمہ...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

ڈکی، اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان اسنکوئی شہر میں اشیائے خوردونوش صفائی، وزن نرخ نامہ چیک کر رہے ہیں

جاپانی قونصل جنرل ندیم شاہ سے گرینڈ ماسٹر شیبان شاہد خان کی ملاقات

گلوبل کیوکوشن آرگنائزیشن پاکستان کے چیف شیہان شاہزیب خان بھی شریک تھے

کوئٹہ (آن لائن) جاپانی اعزازی قونصل جنرل برائے بلوچستان سید ندیم عالم شاہ سے انٹرنیشنل کراٹے آرگنائزیشن کیوکوشن پاکستان کے Iko Matsushima کے چیف گرینڈ ماسٹر شیہان شاہد خان یوسفزئی (بلیک بیلٹ 7th ڈان، جاپان) اور گلوبل کیوکوشن آرگنائزیشن (نیوزی لینڈ) پاکستان کے چیف شیہان شاہزیب خان یوسفزئی (بلیک بیلٹ 5th ڈان، جاپان) نے خصوصی ملاقات کی۔ جاپان قونصلیٹ کوئٹہ میں انتہائی خوشگوار ماحول میں ہونے والی ملاقات میں پاکستان میں کیوکوشن کائی کراٹے کے فروغ، نوجوانوں کی مارشل آرٹس میں شمولیت، بین الاقوامی سطح پر پاکستانی کھلاڑیوں کی نمائندگی اور پاکستان اور جاپان کے درمیان کھیلوں کے شعبے میں دوستانہ روابط کو مزید مستحکم کرنے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر شیہان شاہد خان یوسفزئی اور شیہان شاہزیب خان یوسفزئی نے جاپانی اعزازی قونصل جنرل کو پاکستان میں کیوکوشن کائی کراٹے کی سرگرمیوں، تربیتی پروگرامز اور مستقبل کے منصوبوں سے آگاہ کیا اور گزشتہ دنوں جاپان میں 6th ورلڈ کراٹے ٹورنامنٹ میں شرکت کے حوالے سے بھی تفصیل سے آگاہ کیا۔ جاپانی اعزازی قونصل جنرل نے کیوکوشن کائی کراٹے کے فروغ کیلئے کی جانے والی کوششوں کو سراہا اور پاکستان و جاپان کے درمیان کھیلوں کے ذریعے عوامی روابط کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ سید ندیم عالم شاہ نے کہا کہ مارشل آرٹس نوجوان نسل میں نظم و ضبط، خود اعتمادی، جسمانی فٹنس، برداشت اور مثبت سوچ کو پروان چڑھانے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انٹرنیشنل کراٹے آرگنائزیشن کیوکوشن پاکستان کے چیف گرینڈ ماسٹر شیہان شاہد خان یوسفزئی نے کہا کہ کیوکوشن کائی کراٹے کے ذریعے ہم پاکستان کے باصلاحیت نوجوانوں کو عالمی سطح پر اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کر رہے ہیں۔ ملاقات کے اختتام پر باہمی تعاون اور پاکستان و جاپان کے درمیان کھیلوں کے شعبے میں دوستانہ روابط کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

ٹریڈ یونین رہنماؤں کا علی باش خان سے بیٹی کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (اے این این) پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن، آل پاکستان لیبر فیڈریشن، بلوچستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز اور شانگلہ کول مائنز ورکرز ویلفیئر ایسوسی ایشن (سموا) کے عہدیداروں سمیت سیاسی، سماجی رہنماؤں، دوست احباب اور عزیز و اقارب نے پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے خیبر پختونخوا (شانگلہ) سے ممبر ایگزیکٹو کونسل علی باش خان کی جوان صاحبزادی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی فیملی سے تعزیت اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت کرے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ دیں اور تمام لواحقین کو صبر وجمیل عطا فرمائے۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر اور پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان، بلوچستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز کے سیکرٹری جنرل عبدالستار و دیگر نے علی باش خان اور سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جوان بیٹی کا انتقال والدین اور اہل خانہ کیلئے ناقابل بیان صدمہ ہے۔ ٹریڈ یونین رہنماؤں نے مرحومہ کے درجات بلندی اور مغفرت کیلئے دعا کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ سوگوار خاندان کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

نوجوان نسل کو تباہی کی طرف دھکیلنے والی آئس فیکٹریاں بند کی جائیں، سابق میئر

صوبے کے نوجوان مرد لڑکے لڑکیاں اس ناسور میں مبتلا ہو چکے ہیں ہر دوسرا گھر اس سے متاثر ہو رہا ہے

حکومت بحالی مراکز میں مدد، سرپرستوں کو نشان عبرت بنانے کیلئے اقدامات کرے، رحیم کاکڑ، سردار حسن شاہ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما سابق میئر ناظم رحیم کاکڑ سردار حسن شاہ جمیل بوستان ایڈووکیٹ میر وائس ایڈووکیٹ احمد شاہ ایڈووکیٹ عمر فاروق ایڈووکیٹ عبداللہ ایڈووکیٹ توقیر بھٹی نعمت اللہ ضیاء الحق امین آغا، ارشد اچکزئی سردار بہلول سردار احمد، شاہ مصور نے اپنے مشترکہ بیان میں اے این ایف اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ نوجوان نسل کی بربادی تباہی کے سبب بننے والے زہر آئس کی فیکٹریاں کو صوبے کے طول و عرض میں فوری طور سے بند کیا جائے اور ان کی سرپرستی کرنے والوں کو نشان عبرت بنایا جائے اس وقت صوبے کے نوجوان مرد لڑکے لڑکیاں اس ناسور والی نشہ میں مبتلا ہے ہر دوسرا گھر اس سے متاثر ہو چکا ہے حکومتی سطح اور عوامی سطح پر اس طرف کسی کی توجہ نہ ہونے کے برابر ہے باقی چند ایک ادارہ جو کہ اس نشے سے متاثر ہونے والے نوجوانوں کا علاج کر رہی ہے وہ بھی اپنی مدد آپ کے تحت حکومت کی جانب سے کوئی مدد نہیں کی جا رہی حکومت کو چاہیے کہ وہ ان اداروں کے ساتھ ہر قسم کی تعاون کریں تحریک انصاف عوام کے ساتھ کھڑی جماعت ہے۔

کانک کراس کی سڑک مہینوں سے بند، مسافروں کو مشکلات کا سامنا

تعلیمی اداروں، اسپتالوں اور منڈیوں تک رسائی مشکل، فوری بحالی کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) کانک کراس کوئی ماہ بعد سکورٹی کے پیش نظر سڑک کو ماہ سے بند، شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے کانک کراس کے علاقے میں اگست سے بند سڑک تاحال بحال نہ ہو سکی، جس کے باعث مقامی آبادی اور کوئٹہ تفتان شاہراہ پر آمد ورفت، تعلیمی اداروں، اسپتالوں اور منڈیوں تک رسائی میں مشکلات کا سامنا ہے شہریوں نے انتظامیہ سے سڑک فوری بحال کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

کوئٹہ، گوالمنڈی تھانے میں کھلی کچہری کا انعقاد، شہریوں کے مسائل موقع ہی حل

ڈی آئی جی کوئٹہ کی ہدایات پر پولیس اور عوام کے درمیان رابطے کو موثر بنانے کا اقدام

کوئٹہ (یو این اے) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایات پر تھانہ گوالمنڈی میں عوام کے مسائل کے فوری حل کے لیے ایک بڑی کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ اس کھلی کچہری کی صدارت ڈی ایس پی اسحاق علی چنگیزی نے کی جبکہ ایس ایچ او احسن بخاری اور ایڈیشنل ایس ایچ او بابر ترین بھی اس موقع پر موجود تھے۔ کچہری میں علاقے کے کثیر تعداد میں معتبرین، عمائدین اور عام شہریوں نے شرکت کی۔ کھلی کچہری کے دوران پولیس افسران نے شہریوں کے مسائل اور شکایات کو توجہ سے سنا، جن میں سے کئی ایک بنیادی نوعیت کے مسائل کو موقع پر ہی احکامات جاری کر کے حل کر دیا گیا جبکہ دیگر متعلقہ امور کے لیے فوری کارروائی کی ہدایات جاری کی گئیں۔ پولیس حکام کا اس موقع پر کہنا تھا کہ اس طرح کی کھلی کچہریوں کے انعقاد کا بنیادی مقصد عوام اور پولیس کے درمیان فاصلوں کو مٹانا، باہمی رابطے کو مزید مؤثر بنانا اور شہریوں کی شکایات کا بلاتاخیر اور بروقت ازالہ یقینی بنانا ہے۔

حاجی حنیف خان اچکزئی کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے چیئرمین احمد خان اور دیگر رہنماؤں نے حاجی حنیف خان اچکزئی حمیدزئی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ چیئرمین احمد خان، عبدالصادق خان، حاجی جلیل خان، صورت خان، نجیم اللہ خان، امان اللہ اور دیگر رہنماؤں نے تعزیتی بیان میں حاجی حنیف خان اچکزئی حمیدزئی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی مرحوم کے اہل خانہ اور پسماندگان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔ آمین۔

کوئٹہ مغربی بائی پاس کی تعمیر کا کام پانچ سال گزرنے کے باوجود مکمل نہ ہو سکا

ٹریفک کی روانی متاثر، اہم بین الاقوامی شاہراہ پر تعمیراتی کام سست روی کا شکار، 10 گز کا چھوٹا پل بھی تاحال تشنہ تکمیل ہے

کوئٹہ کا اہم تجارتی اور مواصلاتی راستہ ہے ہزاروں گاڑیوں کی آمد ورفت رہتی ہے، مسافروں، ٹرانسپورٹرز کو مشکلات کا سامنا ہے

کوئٹہ (یو این اے) وفاقی حکومت کے اہم منصوبے کوئٹہ مغربی بائی پاس کی تعمیر کا کام پانچ سال گزرنے کے باوجود مکمل نہ ہو سکا، اہم بین الاقوامی شاہراہ پر تعمیراتی کام سست روی کا شکار ہے جبکہ منصوبے میں شامل تقریباً 10 گز کا ایک چھوٹا پل بھی تاحال تکمیل نہیں کیا جا سکا۔ [illegible] تجارتی اور مواصلاتی راستہ ہے جہاں روزانہ ہزاروں گاڑیوں کی آمد ورفت رہتی ہے۔ [illegible] شہریوں، مسافروں اور ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا [illegible] کرنے والوں کو بھی مشکلات اور اضافی وقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے وفاقی حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ مغربی بائی پاس کے زیر تکمیل منصوبے پر کام کی رفتار تیز کی جائے [illegible] شہریوں اور ٹرانسپورٹرز کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔

گوادر، وائس چانسلر یونیورسٹی آف گوادر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کمشنر مکران ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ کو یونیورسٹی کے دورے کے موقع پر یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

کور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل حمایت حسین کی تعیناتی پر نیک تمناؤں کا اظہار

[illegible] کے طور پر لیفٹیننٹ جنرل حمایت حسین کی تعیناتی پر انہیں دلی مبارکباد اور نیک تمنائیں پیش کی اور ان کی تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا جاتا ہے کہ وہ اپنی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور تدبر سے بلوچستان میں امن و امان کے قیام، عوامی تحفظ کے استحکام اور خطے کی ترقی و خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ صوبہ بلوچستان کی جغرافیائی اہمیت اور درپیش سیکیورٹی چیلنجز کے پیش نظر امید ہے کہ نئے کور کمانڈر کی قیادت میں پاک فوج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے سرحدوں کی حفاظت، دہشت گردی کے خاتمے اور پائیدار امن کے عمل کو مزید مضبوط بنائیں گے۔ صوبے کے عوام امن و امان کی بحالی اور خوشحالی کے اس سفر میں سیکیورٹی اداروں کے ساتھ مکمل تعاون اور یکجہتی کا اعادہ کرتے ہیں۔

امیر حمزہ زہری کی مکری نجیب جنگ سے والدہ کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما مکری نجیب جنگ کی رہائش گاہ پر پہنچ کر ان کی والدہ کے انتقال پر مکری نجیب جنگ، مکری کریم داد جنگ اور مولا داد جنگ سے تعزیت اور اظہار ہمدردی کیا اس موقع پر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر و استقامت کی تلقین کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی قلات نوابزادہ میر شعیب جان زہری، میر عظمت جنگ اور دیگر قبائلی معتبرین بھی موجود تھے۔

فقیر محمد روڈ اندھیرے میں ڈوب گیا، طویل لوڈشیڈنگ سے شہریوں کا جینا حرام

75 سال گزرنے کے باوجود کمرشل اور نان کمرشل صارفین میں فرق واضح نہ ہو سکا

غریب پرور عوام پر بھاری بھرکم بجلی کے ظالمانہ بل مسلط کیے جا رہے ہیں، کوئٹہ سٹی اتحاد

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ سٹی اتحاد کے چیئرمین نعیم احمد مدنی نے کہا ہے کہ گنجان آباد علاقے فقیر محمد روڈ اور اس کے گردونواح اندھیرے میں ڈوبے ہوئے ہیں، جہاں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کا جینا حرام کر دیا ہے۔ فقیر محمد روڈ اور اس کے گردونواح کے مکینوں پر بجلی کی ظالمانہ بندش اور ناقابل برداشت بلوں کا پہاڑ توڑ دیا گیا ہے۔ ان خیالات اظہار کوئٹہ سٹی اتحاد کے چیئرمین نعیم احمد مدنی، وائس چیئرمین نجم الثاقب، اراکین کمیٹی محمد کامران مدنی، الطاف خان، کامران خان جدون، مبشر اعوان، آصف درانی، تصور شاہ، منظور حسین شاہ، ملک مقصود اعوان، جعفر خان جدون، و دیگر نے بیان جاری کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کا جینا محال اور روزمرہ کا نظام زندگی مفلوج کر کے رکھ دیا ہے۔ کوئٹہ سٹی اتحاد کے چیئرمین نعیم احمد مدنی نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہر کا 90 فیصد حصہ پہلے ہی سولر سسٹم پر منتقل ہو چکا ہے، اس کے باوجود بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل بندش اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ اعلیٰ حکام فوری طور پر اس بات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کریں کہ آخر اتنی بڑی مقدار میں بجلی کہاں اور کس طرح استعمال ہو رہی ہے۔ انہوں نے کڑے الفاظ میں تنقید کرتے ہوئے کہا کہ قیام پاکستان کے 75 سال بیت جانے کے باوجود کیسکو حکام کمرشل اور نان کمرشل صارفین میں فرق واضح کرنے میں مکمل طور پر ناکام رہے ہیں۔ عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے بجائے اندھیرے اور غریب پرور عوام پر بھاری بھرکم بجلی کے ظالمانہ بل مسلط کیے جا رہے ہیں جو کہ سراسر زیادتی ہے۔ چیئرمین کوئٹہ سٹی اتحاد نے صوبائی اور وفاقی حکام اور کیسکو کے اعلیٰ عہدیداروں سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ فقیر محمد روڈ اور ملحقہ علاقوں میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کیا جائے، ورنہ عوام کو ساتھ لے کر شدید احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

اساتذہ و ملازمین کے حقوق کیلئے جدوجہد جاری رہے گی، اے ایس اے

ریٹائر اساتذہ و ملازمین کے واجبات کیلئے 52 کروڑ روپے جامعہ کے اکاؤنٹ میں منتقل کا خیر مقدم

اسسٹنٹ پروفیسر، ایسوسی ایٹ پروفیسر اور پروفیسر کی خالی اسامیاں جلد مشتہر کی جائیں، مشترکہ بیان

کوئٹہ (این این آئی) اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کے کابینہ نے جامعہ بلوچستان کے سال 2020 سے ریٹائر ہونے والے اساتذہ و ملازمین کے پنشن، کمیوٹیشن اور لیو انکیشمنٹ کے واجبات کی ادائیگی کے لیے صوبائی حکومت کی جانب سے 52 کروڑ روپے جامعہ بلوچستان کے اکاؤنٹ میں منتقل کیے جانے پر اطمینان اور خوشی کا اظہار کیا ہے۔ اے ایس اے نے کہا کہ یہ اہم پیش رفت اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن، ایمپلائز و آفیسرز ایسوسی ایشن کی طویل اور صبر آزما جدوجہد، وائس چانسلر کی مسلسل کاوشوں اور چانسلر کی رہنمائی کے نتیجے میں ممکن ہوئی۔ ایسوسی ایشن نے اس اقدام پر صوبائی حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے تمام ریٹائرڈ اساتذہ و ملازمین کو مبارکباد پیش کی۔ بیان میں اساتذہ کی خالی اسامیوں کی تشہیر کے حوالے سے بلاوجہ تاخیر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا گیا کہ اسسٹنٹ پروفیسر، ایسوسی ایٹ پروفیسر اور پروفیسر کی خالی اسامیاں جلد مشتہر کی جائیں۔ اے ایس اے نے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی جانب سے یوٹیلٹی الاؤنس کی منظوری کو بھی خوش آئند قرار دیا گیا۔ اے ایس اے قیادت نے واضح کیا کہ اساتذہ و ملازمین کے حقوق اور فلاح و بہبود کے لیے جدوجہد جاری رہے گی۔ اردلی الاؤنس کی بحالی، یونیورسٹی کالونی میں مینٹیننس اور دیگر بنیادی مسائل کے حل کے لیے بھی بھرپور کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ اے ایس اے نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ جامعہ بلوچستان کی بہتری، اساتذہ و ملازمین کے جائز حقوق کے تحفظ اور ادارے کی ترقی کے لیے دیگر ایسوسی ایشنز کے ساتھ مل کر مثبت اور تعمیری انداز میں کام جاری رکھے گی۔

بلخ شیر قاضی کے چچا کیپٹن شریف کے انتقال پر اہل خانہ سے تعزیت

تربت (آئی این پی) نیشنل پارٹی کے مرکزی فنانس سیکرٹری حاجی فدا حسین دشتی، سینئر رہنما سید ملا برکت بلوچ، وحدت بلوچستان کے میڈیا سیکرٹری حفیظ علی بخش، ضلعی نائب صدر حاجی شوکت دشتی، شے غلام قادر بلیدی اور ڈاکٹر انور بلوچ نے حاجی رسول بخش بابل، سابق میئر قاضی غلام رسول اور شیر زمان کے چھوٹے بھائی، جبکہ نیشنل پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے رکن اور میئر تربت بلخ شیر قاضی کے چچا کیپٹن شریف کے انتقال پر ان کے گھر جا کر اہل خانہ سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ انہوں نے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

گلوبل کیوکوشن آرگنائزیشن پاکستان کے چیف شیہان شاہزیب خان یوسفزئی جاپانی اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ کو اپنی جاپان سے ملی ہوئی اسناد دکھا رہے ہیں

صراف ایسوسی ایشن کے وفد کی کوئٹہ چیمبر آف کامرس کی نومنتخب کابینہ سے ملاقات

کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور مختلف تجارتی شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

تاجروں کے مسائل متعلقہ اداروں تک پہنچانے، باہمی روابط کا سلسلہ مضبوط بنانے کا عزم

کوئٹہ (آئی این پی) صراف ایسوسی ایشن کے وفد نے ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے نومنتخب عہدیداران کو بلا مقابلہ کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے تاجر برادری کے باہمی روابط، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششوں کو مزید موثر بنانے پر زور دیا۔ گزشتہ روز صراف ایسوسی ایشن کے صدر محمد حسین، ایگزیکٹو ممبر حاجی اسماعیل، عمران خان کاکڑ اور صوبائی جنرل سیکرٹری نعیم رمضان پر مشتمل وفد نے کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری پہنچ کر نومنتخب صدر حاجی احمد گل کاکڑ، سینئر نائب صدر حاجی مرزا خان خلجی اور نائب صدر جنگیان دشتی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر صراف ایسوسی ایشن کے وفد نے نومنتخب عہدیداران کو بلا مقابلہ کامیابی حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک تمناؤں اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وفد کے ارکان نے امید ظاہر کی کہ نومنتخب قیادت تاجر اور کاروباری برادری کی فلاح و بہبود، درپیش مشکلات کے ازالے اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی۔ ملاقات کے دوران کوئٹہ سمیت بلوچستان میں کاروباری سرگرمیوں کی صورتحال، تاجروں کو درپیش مختلف مسائل اور ان کے حل کے لیے باہمی تعاون کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ تاجر برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام متعلقہ پلیٹ فارمز پر موثر آواز اٹھانے اور متعلقہ اداروں سے رابطہ کاری کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر تاجر برادری کے درمیان باہمی روابط اور اتحاد کو مزید مضبوط بنانے، مختلف تجارتی شعبوں کے درمیان تعاون بڑھانے اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مشترکہ اقدامات جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تاجر برادری کے وسیع تر مفاد میں باہمی مشاورت، رابطے اور تعاون کا سلسلہ مزید موثر انداز میں جاری رکھا جائے گا، جبکہ تاجروں کے مسائل کو متعلقہ حکام تک پہنچانے اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

کوئٹہ: دو دکانی بابا چوک پر سیوریج کے گندے پانی کا منظر پیش کر رہا ہے

بلوچستان کے 70 اہل قلم کیلئے علامہ اقبال صوبائی ایوارڈ

سرزمین بلوچستان کو کثیر اللسانی اور مردم خیز خطہ ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ [illegible] کے فروغ کے لیے نمایاں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ بلوچستان میں اردو، بلوچی، براہوی، پشتو اور ہزارگی سمیت مختلف زبانوں میں تخلیقی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ یہاں کے ادباء و شعراء کو حکومتی اور نجی سطح پر بھی سراہا جاتا رہا ہے۔ گزشتہ دنوں صوبے بھر سے تعلق رکھنے والے تقریباً 70 اہل قلم کو ان کی ادبی خدمات اور تصانیف پر علامہ اقبال ادبی ایوارڈز سے نوازا گیا، جو صوبے کے ادبی حلقوں کے لیے ایک اہم پیش رفت قرار دی جا سکتی ہے۔ ادارہ ثقافت، سیاحت و آثار قدیمہ حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام نوری نصیر خان کلچرل کمپلیکس میں تقسیم ایوارڈز کی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کا افتتاح معتمد ثقافت و سیاحت و آثار قدیمہ حمید اللہ ناصر نے کیا۔ تقریب میں معززین شہر، ادباء، شعراء، سیاسی عمائدین، سرکاری افسران اور اساتذہ سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی تقریب کی مہمان خصوصی تھیں۔ صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معاشرے کی بیداری اور مثبت فکری تربیت میں علم و ادب کا کلیدی کردار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سماجی تبدیلی کے لیے ضروری ہے کہ مثبت سوچ اور تعمیری فکر کو پروان چڑھایا جائے۔ انہوں نے اہل قلم پر زور دیا کہ وہ اپنے قلم کے ذریعے منفی رویوں کے خلاف آواز بلند کریں تاکہ معاشرے میں اصلاح اور شعوری بیداری کے عمل کو مزید تیز کیا جا سکے۔ تقریب میں اردو، بلوچی، براہوی، پشتو اور ہزارگی زبانوں میں ادبی خدمات انجام دینے والے اہل قلم کو ان کی تصانیف پر علامہ اقبال ایوارڈز سے نوازا گیا۔ ممتاز افسانہ نگار اور ناول [illegible]

رکھنا ضروری ہے، کیونکہ علم و ادب کا حقیقی فروغ مطالعے اور کتاب سے وابستگی ہی کے ذریعے ممکن ہے۔ دوسری جانب جیلانی زیبلک گرلز کالج کیمپس میں فن گالا کے موقع پر ادبی نشست اور بیت بازی کا مقابلہ منعقد ہوا۔ کالج کی پرنسپل ڈاکٹر آمنہ سومرو نے کہا کہ ادباء و شعراء معاشرے کا حساس طبقہ ہیں جو اپنے قلم کے ذریعے نہ صرف معاشرتی مسائل کو اجاگر کرتے ہیں بلکہ تہذیب، ثقافت اور زبانوں کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ادب انسانی جذبات کا ترجمان اور معاشرے کا آئینہ ہوتا ہے۔ ادیب اپنے تخلیقی اظہار کے ذریعے زندگی کی کھردری حقیقتوں کو بھی حسن، سلیقے اور قرینے کے ساتھ پیش کرتا ہے۔ اس موقع پر جیلانی زیبلک کیمپس کے پرنسپل پروفیسر آصف اختر، بلوچستان ریفارمز ادبی سوسائٹی کے صدر شاہ محمد شامی اور نرگس نہاں بھی موجود تھیں۔ تقریب میں طالبات کے درمیان بیت بازی کا مقابلہ بھی ہوا جس میں طالبات نے اپنی ادبی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ ادھر جیوز گوادر کے زیر اہتمام معروف بلوچی شاعر، ادیب، افسانہ نگار اور مترجم مراد ساحر کی یاد میں ایک ادبی نشست منعقد ہوئی، جس میں مقررین نے ان کی زندگی، فکر و فن اور ادبی خدمات پر تفصیلی اظہار خیال کیا۔ تقریب میں رحیم مہر، اصغر ملنگ اور طاہر تاج نے مراد ساحر کی شاعری، افسانہ نگاری اور دیگر ادبی خدمات پر روشنی ڈالی۔ تقریب کی نظامت کے فرائض بی بی فراق نے انجام دیے، جبکہ نشست میں مراد ساحر کے کلام کو ترنم کے ساتھ بھی پیش کیا گیا۔ ڈاکٹر رحیم مہر نے مراد ساحر کی زندگی، ادبی کردار اور فکر و فن پر گفتگو کرتے ہوئے ان کی تخلیقی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا

کوئٹہ، وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن چوہدری نعیم کریم سے صوبائی مشیر کھیل نسیم الرحمن ملاخیل تقریب کے موقع پر بات چیت کر رہے ہیں

بلوچستان کی شاہراہوں پر 2 اکتوبر کو 45 حادثات، 51 افراد زخمی ہوئے

میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹرز نے مجموعی طور پر 51 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان میں مختلف شاہراہوں پر 2 اکتوبر کو پیش آنے والے ٹریفک حادثات میں میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹرز (MERC) 1122 نے مجموعی طور پر 45 حادثات میں امدادی کارروائیاں کرتے ہوئے 51 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی، تاہم کسی حادثے میں ہلاکت ریکارڈ نہیں کی گئی۔ MERC1122 بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ روزانہ رپورٹ کے مطابق ٹراما سینٹر خضدار نے 18 حادثات میں 21 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی، جبکہ ٹراما سینٹر ژوب نے 17 حادثات میں 21 زخمیوں کا علاج کیا۔ رپورٹ کے مطابق وندر لسبیلہ میں 3 حادثات میں 3 افراد، بختیار آباد بی میں ایک حادثے میں ایک شخص، یاسمہ واشک میں 2 حادثات میں 3 افراد اور رکنی بارکھان میں 2 حادثات میں 2 افراد زخمی ہوئے۔ اسی طرح دشت تربت اور ہوشاپ کیچ میں ایک، ایک حادثہ رپورٹ ہوا تاہم ان حادثات میں کسی زخمی کی اطلاع درج نہیں کی گئی MERC1122 کی مجموعی رپورٹ کے مطابق 2 اکتوبر کو بلوچستان کی مختلف شاہراہوں پر 45 حادثات میں 51 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی گئی جبکہ حادثات کے نتیجے میں کوئی ہلاکت ریکارڈ نہیں ہوئی۔

بھکاریوں کیلئے قائم کرائسس سینٹر نارکوٹکس کے حوالے کرنے کا نوٹس لیا جائے

سینٹر یا تو فوری فعال کیا جائے یا میٹروپولیٹن کارپوریشن کے حوالے کیا جائے، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ عمر فاروق ایڈووکیٹ نے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ سے کہا ہے کہ وہ ایئرپورٹ روڈ ٹیلی گرام کے قریب اس وقت کی کرائسس سینٹر ڈسٹرکٹ گورنمنٹ جو کہ اس وقت سوشل ویلفیئر کو کوئٹہ شہر میں بھکاریوں بیگرز کے لیے ایک سینٹر کا قیام کر کے دیا گیا تھا صرف اور صرف بیگرز کے لیے یہ جگہ اب بھی میٹروپولیٹن کی ملکیت ہے گزشتہ گورنمنٹ جس وقت موجودہ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ عبدالرؤف سوشل ویلفیئر سیکرٹری تھے نے موجودہ بیگرز ہوم کے لیے سینکڑوں افراد بھرتی کیے بدقسمتی سے وہ تمام افراد اب گھروں پر بیٹھ کر تنخواہیں وصول کر رہے ہیں اور سینٹر اب نارکوٹکس والوں کے حوالے ناجائز طور سے کیا گیا ہے لہذا ضروری ہے کہ مذکورہ بیگرز ہوم کو فوری نارکوٹکس والوں سے خالی کرایا جائے اور بیگرز ہوم کو چلایا جائے یا پھر مذکورہ سینٹر بمعہ ملازمین میٹروپولیٹن کے حوالے کیا جائے تحریک انصاف عوام کے ساتھ کھڑی جماعت ہے۔

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک، گرم رہنے کا امکان، محکمہ موسمیات

خضدار، خاران، پنجگور، دالبندین میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی توقع

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ دن کے اوقات میں گرم رہنے کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ خضدار، خاران، پنجگور، دالبندین اور ان کے گردونواح میں چند مقامات پر تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی توقع ظاہر کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق صوبے کے مختلف شہروں میں ریکارڈ کیے گئے درجہ حرارت میں کوئٹہ میں درجہ حرارت 33 ڈگری سینٹی گریڈ، سبی میں 38 ڈگری سینٹی گریڈ، تربت میں 37 ڈگری سینٹی گریڈ، نوکنڈی میں 41 ڈگری سینٹی گریڈ، گوادر میں 31 ڈگری سینٹی گریڈ، جیوانی میں 32 ڈگری سینٹی گریڈ اور قلات میں 29 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بولان میں ہزارہ نوجوانوں پر فائرنگ قابل مذمت ہے، کاشف حیدری

مصطفیٰ کی شہادت، دو نوجوانوں کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کرتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری، ہزارہ ٹاؤن کے تاجر رہنما واحد بادی، محمد مہدی، عزت اللہ کاظمی، حاجی عبدالحق، ممبر سپریم کونسل الیاس ہزارہ، ملا مہدی ہزارہ، ناصر علی حیدری، نادر امانی، حفیظ اللہ نظری، ذیشان علی، علی حسین، لالا عبدل، محمد علی، منظور حسین، ملا حسین و دیگر نے بولان میں نوجوانوں پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم شہریوں کو فائرنگ کا نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت عمل ہے۔ فائرنگ کے نتیجے میں مصطفیٰ ولد نادر علی کی شہادت اور دو نوجوانوں کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہیں۔ تاجر رہنماؤں نے کہا کہ کسی بھی بے گناہ شہری کی جان کا ضیاع پورے معاشرے کے لیے باعث تشویش ہے۔ بلوچستان کے عوام پہلے ہی بدامنی کے باعث مشکلات اور خوف کی فضا کا سامنا کر رہے ہیں، ایسے واقعات عوام میں عدم تحفظ کو مزید بڑھا دیتے ہیں۔

حنیف خان اچکزئی کے انتقال پر اے کیو ایم کے رہنماؤں کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے چیئرمین احمد خان اور دیگر رہنماؤں نے حاجی حنیف خان اچکزئی حمیدزئی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ تعزیتی بیان جاری کرنے والے رہنماؤں میں چیئرمین احمد خان، عبدالصادق خان، حاجی جلیل خان، صورت خان، نجیم اللہ خان، امان اللہ اور دیگر شامل ہیں۔ رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں حاجی حنیف خان اچکزئی حمیدزئی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے دعا کی اور ان کے اہل خانہ اور پسماندگان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق اور صبر جمیل عطا فرمائے۔

MINISTRY OF COMMERCE, GOVERNMENT OF PAKISTAN
PAKISTAN REINSURANCE COMPANY LIMITED (PRCL)

CAREER OPPORTUNITY
Chief Medical Officer

Pakistan Reinsurance Company Limited (PRCL) invites applications from individuals to serve as Chief Medical Officer on a contractual basis. Applicants should possess the following qualifications, experience, and meet the specified age limit:

JOB SPECIFICATION & DESCRIPTION

QUALIFICATION
- MBBS from well-reputed institute recognized by the Higher Education Commission of Pakistan.
- MCPS Family Medicine or equivalent Foreign Qualification or Higher Qualification in Internal Medicine or Family Medicine will be a plus.

EXPERIENCE
Must have at least three (03) years' experience in healthcare administration of a corporate set-up, company or hospital as of the closing date of submission of applications.

KEY RESPONSIBILITIES
The Chief Medical Officer will be responsible for, but not limited to, the following duties:
- To visit PRCL head office daily for five (5) hours and scrutinize medical files, bills of panel hospitals etc.
- To check, verify and countersign the medical reimbursement claims of PRCL employees and their family members.
- To attend patients for consultations as envisaged in PRCL HR Manual, and to issue reference letters and/or any other advice as contained under treatment clause of PRCL HR Manual;
- To carry out medical examination of all newly recruited employees;
- To refer patients to panel hospitals/approved specialists, as the case may be;
- To conduct random visits to employees or their families at panel hospitals where they are admitted and liaise with panel hospitals' authorities for best possible treatment of the patient(s);
- To provide technical assistance to Administration Department of PRCL during the performance of their functions with regards to medical facility;
- To assist PRCL in implementing medical rules/regulations and policies for medical attendance;
- Any other task assigned by Chief Executive Officer PRCL or any authorized officer of PRCL.

TERMS, CONDITIONS & OTHER IMPORTANT POINTS
- Selection will be on basis of merit in accordance with the criteria prescribed in this advertisement.
- The interviewing committee will be the competent authority for finalizing the order of merit based on the performance of candidates in the interview.
- Appointment will be initially for two years; extendable further as per need of company, with mutual agreement of both parties and subject to approval of the competent authority.
- The selected candidate will be paid fixed amount per month as consultancy fee, to be mutually decided in Interview commensurate with relevant verifiable experience of the candidate.
- The selected candidate will report to the Chief Administration Officer (CAO) or any other officer authorized by CAO.
- The role may require travelling within or outside Pakistan however the same shall be strictly subject to prior approval by the CEO.
- Age limit shall be maximum 50 years on the closing date of applications.

IMPORTANT NOTES
1 The appointment will initially be made for two years, further extendable upon satisfactory performance.
2 Original academic / professional documents mentioned in the resume will be required at the time of interview.
3 Applicants working in the public sector are required to provide an NOC at the time of interview.
4 The candidate shall not be entitled to any TA / DA for appearing in the interview.
5 The client reserves the right to stop the hiring process at any stage without assigning any reason.
6 Only shortlisted applicants will be invited for interview; selection will be finalized on the basis of merit resulting from the interview.
7 Any effort to influence the recruitment and selection process will disqualify the candidate, who might otherwise be qualified.
8 Applications not submitted as per the above instructions shall not be considered.

HOW TO APPLY
If you have the required experience and qualifications to take up this challenging role, please apply online at https://www.njp.gov.pk/ along with updated CV and educational certificates, degrees, copy of CNIC and experience certificates within 15 days from the date of issuance of this advertisement. For further information or queries, please contact 021-99202928 or 021-99202908-14 and at careers@pakre.org.pk

PID(K)1096/26

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

کور کمانڈرز کانفرنس کا اعلامیہ قومی جذبات اور دفاعی عزم کی بھرپور ترجمانی ہے، سلیم کھوسہ

پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا تحفظ پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور اس مقصد کے لیے قوم اپنے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے، وزیر مواصلات

دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی اقدامات کے ساتھ موثر حکمرانی، عوامی مسائل کا بروقت حل اور ریاست و عوام کے درمیان مضبوط رابطہ بھی ضروری ہے، بیان

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ کور کمانڈرز کانفرنس کا اعلامیہ ملکی دفاع، قومی سلامتی اور پاکستان کے امن و استحکام کے حوالے سے قومی جذبات اور عزم کی بھرپور ترجمانی کرتا ہے۔ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا ... دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں اور عوام نے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ شہداء کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا ناقابل فراموش باب ہیں، جنہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی اقدامات کے ساتھ موثر حکمرانی، عوامی مسائل کا ... استعداد کار میں اضافہ، جدید ٹیکنالوجی کا موثر استعمال، پیشہ ورانہ تربیت اور انٹیلی جنس کی بنیاد پر کارروائیاں امن و امان کے قیام اور قومی سلامتی کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ قومی سلامتی اور داخلی استحکام کے لیے آئین و قانون کی بالادستی اور ریاستی اداروں کے درمیان موثر تعاون ناگزیر ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پاکستان کے دفاع، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے پوری قوم اپنی مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ متحد ہے۔ قومی اتحاد، ... ریاستی اداروں کے درمیان ہم آہنگی اور عوامی اعتماد ہی پائیدار امن و استحکام کی مضبوط بنیاد ہیں۔ انہوں نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان برادرانہ تعلقات اور دفاعی تعاون کے فروغ کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ دونوں برادر اسلامی ممالک کے درمیان دیرینہ تعلقات باہمی احترام اور اعتماد پر مبنی ہیں۔ حرمین شریفین کے تحفظ، تقدس اور سعودی عرب کے امن و استحکام کے لیے پاکستان کا عزم واضح اور قابل تحسین ہے۔ میر سلیم کھوسہ نے مسئلہ کشمیر کے حل پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مسئلہ کشمیر کا حل اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں پائیدار امن کے لیے دیرینہ تنازعات کا منصفانہ اور پرامن حل ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حالات میں قومی یکجہتی، آئین و قانون کی پاسداری، اداروں کے درمیان ہم آہنگی اور عوامی اعتماد کو مزید مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پاکستان ایک مضبوط، پرامن، مستحکم اور خودمختار ملک کی حیثیت سے آگے بڑھنے کے لیے پرعزم ہے۔

تھانہ رات کے علاقے میں چور گھر سے 100 تولے سونا اور دیگر قیمتی اشیاء لے اڑے

... مقدمہ درج کرلیا متاثرہ خاندان 24 ستمبر کو آبائی گاؤں ملتان گیا 30 ستمبر کو واپس پہنچا تو گھر کا تالا ٹوٹا ہوا تھا گھر میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کے مطابق 28 ستمبر کو 2 نامعلوم ملزمان گھر کے واش روم کی کھڑکی توڑ کر اندر داخل ہوئے اور ایک کمرے کا تالا توڑ کر مبینہ طور پر 100 تولے سونے کے زیورات، 2 لیپ ٹاپ، 3 گھڑیاں، پاور بینک اور 2 موبائل بھی لے اڑے۔

کور کمانڈرز کانفرنس کا اعلامیہ پاکستانی قوم کے جذبات کی عکاسی ہے، زرک مندوخیل

عوام اور ریاست کے درمیان باہمی اعتماد پر دہشت گردی کے خلاف جاری جدوجہد کو مزید تقویت دے گا، رکن اسمبلی

سیکیورٹی اقدامات کے ساتھ موثر گورننس، عوامی مسائل کا حل اور ریاستی اداروں و عوام کے درمیان مضبوط رابطہ بھی ناگزیر ہے

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ کور کمانڈرز کانفرنس کے اعلامیے میں پیش کیے گئے نکات پاکستانی قوم کے جذبات اور ملکی دفاع، سلامتی و خودمختاری کے عزم کی بھرپور عکاسی کرتے ہیں۔ پاکستان کا امن، استحکام، خودمختاری اور قومی سلامتی پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے، جبکہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شہداء کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا ناقابل فراموش باب ہیں۔ یہ بات انہوں نے بیان جاری کرتے ہوئے کہی کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی اقدامات کے ساتھ موثر گورننس، عوامی مسائل کا حل اور ریاستی اداروں و عوام کے درمیان مضبوط رابطہ بھی ناگزیر ہے۔ عوام اور ریاست کے درمیان موثر ابلاغ اور باہمی اعتماد قومی سطح پر دہشت گردی کے خلاف جاری جدوجہد کو مزید تقویت دے سکتے ہیں۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار میں اضافہ امن و امان کے قیام کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ قومی سلامتی اور داخلی استحکام کے لیے قانون کی بالادستی، آئینی ذمہ داریوں کی پاسداری اور ریاستی اداروں کے درمیان موثر ہم آہنگی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔

گنداخہ، ڈی سی کی ہدایت پر بچوں میں کتابیں تقسیم کر دی گئیں

گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول آزاد خان جمالی میں طلبہ کو کتابوں کی کمی کا سامنا تھا

گنداخہ (آن لائن) گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول آزاد خان جمالی میں طلبہ کو کتابوں کی کمی کا سامنا تھا، جس پر گاؤں کی معزز شخصیت آزاد خان جمالی نے ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد رمضان پلال کو صورتحال سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈی ڈی او ای او محمد نسیم رند اور ہیڈ ماسٹر محمد انور رند کو طلبہ کو درسی کتب کی فراہمی کے احکامات جاری کیے، جس کے بعد سکول میں بچوں کے درمیان کتابیں تقسیم کر دی گئیں۔ کتابیں ملنے پر طلبہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ آزاد خان جمالی نے طلبہ کی تعلیمی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے فوری اقدامات پر ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

کانک کے عوامی مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن کردار ادا کروں گا، جمال رئیسانی

عوامی خدمت کسی علاقے یا سیاسی وابستگی تک محدود نہیں، شہریوں کے مسائل کا حل ترجیح ہے، رکن قومی اسمبلی

استاد عبدالکریم رئیسانی، ڈاکٹر محمد اقبال رئیسانی اور ثناء اللہ سمیت دیگر کی سراوان ہاؤس کوئٹہ میں نوابزادہ سے ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا ہے کہ حلقہ سمیت کانک اور بلوچستان میں پائیدار ترقی کیلئے سیاسی اختلافات سے بالاتر ہوکر عوامی مسائل پر توجہ دینا وقت اور حالات کے لئے ناگزیر ہے ہماری کوشش ہے کہ لوگوں کو مسائل اور مشکلات سے چھٹکارا دلایا جائے جس پر پیپلز پارٹی کی حکومت ترجیحی بنیادوں پر کام کررہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے استاد عبدالکریم رئیسانی، ڈاکٹر محمد اقبال رئیسانی اور ثناء اللہ رئیسانی سے سراوان ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کے دوران مجموعی سیاسی صورتحال، کانک میں ترقیاتی امور اور عوام کو درپیش مسائل سمیت علاقے کی امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کرتے ہوئے کیا۔ شرکاء نے علاقے میں ترقیاتی عمل کو مزید موثر بنانے، بنیادی مسائل کے حل اور عوام کو درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے مختلف تجاویز بھی پیش کیں۔

یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر پروفیسر انجینئر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ ترکی کی جانب سے جدید زیتون کا تیل نکالنے کا یونٹ نصب کرنے پر معائنہ کررہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر گوادر کی ترقی کا عمل تیز کر دیا گیا ہے، ظہور بلیدی

گوادر اولڈ ٹاؤن کی بحالی کا اگلا مرحلہ شروع، نئے اسپورٹس کمپلیکس اور جی ڈی اے اسکول کی بہتری کیلئے اقدامات جاری ہیں

شادی کور سے پانی کی بحالی، 300 کلومیٹر ڈسٹری بیوشن لائن فعال، 16 ہزار نئے کنکشنز فراہم کردیے گئے ہیں، ڈی جی، جی ڈی اے معین الرحمن کی بریفنگ

اعلیٰ سطحی اجلاس میں اراکین صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن، سید ظفر علی آغا، انجینئر عبدالمجید بادینی، خان، چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد کی شرکت

گوادر (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے گوادر کے دورے کے موقع پر گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی، جس میں جاری و مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں، شہر میں پانی کی فراہمی کی صورتحال، مستقبل کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے درکار فنڈز، انتظامی امور اور جی ڈی اے اسکول کی کارکردگی و بہتری کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اراکین صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن، سید ظفر علی آغا، انجینئر عبدالمجید بادینی، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمن خان، چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صوبائی وزیر کو ادارے کے مختلف ترقیاتی منصوبوں، بالخصوص اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت جاری اور مکمل ہونے والے کاموں، پانی کی فراہمی کے نظام میں بہتری، میونسپل سروسز اور ادارے کی مجموعی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبہ گوادر کی شہری تعمیر و ترقی، بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی اور تاریخی و ثقافتی ورثے کے تحفظ کے حوالے سے ایک جامع منصوبہ ہے۔ اس کے تحت شہر کی مختلف شاہراہوں، گلیوں، بازاروں، تعلیمی اداروں، قبرستانوں، عیدگاہوں، چوکوں اور چوراہوں کی تعمیر و توسیع، بحالی اور تزئین و آرائش کے کام کیے گئے ہیں، جس سے شہری ماحول، آمدورفت اور کاروباری سرگرمیوں میں بہتری آئی ہے اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملی ہے۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے بتایا کہ ادارے نے شہر میں پانچ ہزار سے زائد درخت لگائے ہیں، جبکہ تقریباً 31 کلومیٹر سوریج نالوں، 23 کلومیٹر برساتی نالوں، تین اسٹیڈیمز، تین پبلک پارکس، ڈھائی سو کلومیٹر سے زائد شاہراہوں، جی ڈی اے اسکول، جی ڈی اے ہسپتال اور فش لینڈنگ جیٹی سمیت مختلف شہری و ترقیاتی سہولیات کی تعمیر و ترقی کے ساتھ ان کی آپریشنل و دیکھ بھال اور مرمت کی ذمہ داریاں بھی سنبھال رکھی ہیں۔ جی ڈی اے کی میونسپل سروسز کے تحت شہر کی شاہراہوں، چوکوں اور دیگر عوامی مقامات کی صفائی اور دیکھ بھال کا کام بھی جاری ہے۔ اجلاس میں گزشتہ ایک سال کے دوران گوادر میں پانی کی فراہمی کے حوالے سے کیے گئے اقدامات پر بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ صوبائی وزیر کو بتایا گیا کہ جی ڈی اے نے پانی کی قلت پر قابو پانے اور شہریوں کو پانی کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں، جن میں شادی کور ڈیم سے پانی کی فراہمی کا دوبارہ آغاز، شہر میں تقریباً 300 کلومیٹر طویل ڈسٹری بیوشن لائن کی فعالیت، 16 ہزار نئے واٹر کنکشنز کی فراہمی اور ہیلتھ انجینئرنگ (پی ایچ ای) کی پرانی لائنوں سے نئے نظام پر کنکشنز کی منتقلی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ واٹر بلنگ کا نظام متعارف کرانے، مرکزی ٹرانسمیشن لائن کی بہتری اور زیر زمین واٹر اسٹوریج ٹینکس کی تعمیر جیسے اقدامات بھی کیے گئے ہیں، جن سے پانی کی فراہمی کے نظام کو مزید مستحکم بنانے میں مدد ملی ہے۔

پی ٹی ایم ایل اور مائی کو نے یوفون اور ٹیلی نار صارفین کیلئے پریمیئر لیگ کے پیکجز متعارف کرا دیے

شراکت داری کے ذریعے فٹبال کے شائقین کے لیے معیاری تفریح آسان اور قابل استطاعت ہو جائے گی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی ایم ایل) نے جنوبی ایشیا اور مشرق وسطیٰ و شمالی افریقہ میں تیزی سے مقبول ہونے والے اسٹریمنگ اوٹی ٹی پلیٹ فارم، مائی کو (myco) کے ساتھ شراکت داری قائم کی ہے۔ جس کے تحت یوفون اور ٹیلی نار صارفین کو انگلش پریمیئر لیگ (ای پی ایل) کے پیکجز پر خصوصی رعایت فراہم کی جائے گی۔ اس شراکت داری ... ڈیجیٹل تجربات کے ذریعے مزید فوائد پہنچانے کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ مائی کو جیسے معروف ڈیجیٹل کانٹینٹ پلیٹ فارم کے ساتھ اشتراک کے ذریعے پی ٹی ایم ایل اپنے متنوع صارفین کی دلچسپیوں کے مطابق منفرد تفریحی مواقع فراہم کر رہے گا۔ شراکت داری پر تبصرہ کرتے ہوئے چیف کمرشل آفیسر، پی ٹی ایم ایل اسید عاطف رضا نے کہا، "ہم ...

عوام 7 اکتوبر کے ژوب جلسہ عام میں بھرپور شرکت کریں، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

ژوب (آن لائن) ملک کے موجودہ حالات کے پیش نظر عوام 7 اکتوبر کے ژوب جلسہ عام میں بھرپور شرکت کریں۔ جلسے سے محمود خان اچکزئی نواب ایاز جوگیزئی خطاب کریں گے ان خیالات کا اظہار پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان صوبائی ایگزیکٹیو ممبران حیات میرزئی گل مکئی اقبال بہ زئی نصیب اللہ خان ایمل شیرانی فضل مندوخیل عبداللہ شاہ شریف درمان اور ایوب خان کا پریس کلب میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک میں بدامنی قتل و غارت اغوا برائے تاوان عوام کے زمینوں پر ناجائز قبضے مہنگائی شاہراہوں کی بندش بازار کی بندش بیروزگاری جیسے مسائل کا شکار ہے ...

پانی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے مرمتی کام تیز کیا جائے، خسرو دواری

پشین (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر پشین خسرو دواری نے پشین شہر کو پانی کی فراہمی کے لیے قائم مین واٹر سپلائی پائپ لائن میں پیچ کی مرمت کے جاری کام کا موقع پر جا کر معائنہ کیا۔ اس موقع پر ایس ڈی او پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) نوازنے اسسٹنٹ کمشنر پشین کو جاری مرمتی کام، پیش رفت اور پائپ لائن کی بحالی سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔

نئے تھانے شہری دوست جدید تقاضوں کے مطابق تعمیر کیے جا رہے ہیں، کائنات اظہر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد ٹریفک پولیس کائنات اظہر خان نے ہنر کدہ (Hunerkada) انسٹی ٹیوٹ کے بانی جمال شاہ کے ہمراہ اسلام آباد کے زیر تعمیر تھانہ جات کا دورہ کیا۔ ...

نیشنل بینک گنداواہ میں اے ٹی ایم کی سہولت فراہم کی جائے، پنشنرز

عوام، پنشنرز اور سرکاری ملازمین شدید مشکلات کا شکار، اعلیٰ حکام کی نوٹس لیں

گنداواہ (این این آئی) نیشنل بینک گنداواہ برانچ میں اے ٹی ایم مشین کی سہولت نہ ہونے کے باعث عوام، سرکاری ملازمین، پنشنرز اور کاروباری حضرات شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ گنداواہ جیسے ضلعی ہیڈکوارٹر اور اہم تجارتی مرکز میں نیشنل بینک کی موجودگی کے باوجود صارفین کو اے ٹی ایم جیسی بنیادی بینکاری سہولت سے محروم رکھنا شہریوں ...

نوشکی، گیس دو ماہ سے غائب بھاری بلوں کا سلسلہ جاری

قاضی آباد اور غریب آباد میں متعدد گھروں کے گیس میٹرز چوری ہوگئے

نوشکی (یو این اے) نوشکی شہر میں گزشتہ تقریباً دو ماہ سے گیس کی فراہمی معطل ہے، تاہم صارفین کو گیس نہ ہونے کے باوجود مسلسل بل موصول ہو رہے ہیں۔ دوسری جانب گیس کی بندش کا مبینہ طور پر چوروں نے فائدہ اٹھانا شروع کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق قاضی آباد اور غریب آباد کے گزشتہ چند ... وارداتوں سے پہلے ہی پریشان شہری اب گھروں کے گیس میٹرز بھی محفوظ رکھنے پر مجبور ہوگئے ہیں۔ عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ اور پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ گیس میٹرز سمیت چوری کی وارداتوں کا فوری نوٹس لے کر ملزمان کے خلاف عملی کارروائی کی جائے ...

پیر معصوم شاہ نقوی جمعیت علماء پاکستان (نیازی) کے مرکزی سیکریٹریٹ میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

قومی مسائل کے حل کیلئے سیاسی مکالمہ اور آئینی طریقہ کار ضروری ہے: ملک محمد احمد خان

پارلیمان کو بااختیار اور مقامی منتخب اداروں کو موثر بنانے کی ضرورت ہے، اسپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (آن لائن) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ قومی مسائل کے حل، جمہوری استحکام اور بہتر طرز حکمرانی کیلئے سیاسی مکالمے، آئینی بالادستی اور قانون کی حکمرانی کو مضبوط بنانا ضروری ہے۔ سیاسی اختلافات کے باوجود باہمی مشاورت کا راستہ کھلا رہنا چاہیے۔ ...

گوادر یونیورسٹی خطے کے نوجوانوں کو معیاری تعلیمی مواقع فراہم کر رہی ہے، ڈاکٹر طفیل بلوچ

وی سی سے ملاقات کے بعد پرو وی سی ڈاکٹر سید منظور احمد نے یونیورسٹی کے تعلیمی و انتظامی امور پر بریفنگ دی

کمشنر مکران نے ڈی سی کے ہمراہ آئی ٹی ہب لیبارٹریز کا معائنہ، یونیورسٹی کے ترقیاتی منصوبوں اور سہولیات کا جائزہ

گوادر (پ ر) کمشنر مکران ڈویژن ڈاکٹر طفیل بلوچ نے یونیورسٹی آف گوادر اور پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ کا دورہ کیا۔ ... کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ کمشنر مکران اور ڈپٹی کمشنر گوادر نے یونیورسٹی آف گوادر کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر اور پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد ... اعلیٰ تعلیم، فنی و پیشہ ورانہ تربیت اور انسانی وسائل کی ترقی کے عمل کو مزید موثر انداز میں آگے بڑھایا جا سکے۔ بعد ازاں کمشنر مکران ڈاکٹر طفیل بلوچ نے پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا اور بالخصوص حال ہی میں قائم کی جانے والی آئی ٹی ہب لیبارٹریز کا معائنہ کیا۔ ...

علامہ پیر سید اظہر حسین شاہ جمعیت علماء پاکستان (نیازی) سندھ کے صدر نامزد

جماعت کو سندھ بھر میں فعال و منظم بنانے اور قائد ملت کے مشن کو آگے بڑھانے کا عزم

صدارت کی ذمہ داری سنبھالتے ہی اظہر حسین شاہ نے سندھ میں جماعت کی تنظیم سازی تیز کرنے کا اعلان کر دیا

لاہور (این ایل آئی) جمعیت علماء پاکستان (نیازی) کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ایک اہم اجلاس پیر معصوم شاہ نقوی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں جماعت کے مرکزی و صوبائی رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ملک کی موجودہ صورتحال، جماعتی امور اور نظام مصطفیٰ کے نفاذ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ...

کمشنر گوادر ڈویژن ڈاکٹر طفیل بلوچ یونیورسٹی آف گوادر کے مختلف شعبوں کا معائنہ کررہے ہیں دوسری جانب وائس چانسلر پروفیسر عبدالرزاق صابر اور پروفیسر ڈاکٹر منظور احمد سے بات چیت کررہے ہیں

عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، حاجی خان لاشاری

عوام کی شکایات کے ازالے اور انہیں بروقت انصاف کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جائے گا

اوستہ محمد (آن لائن) زور گڑھ پولیس تھانہ کے نئے ایس ایچ او سب انسپکٹر حاجی خان لاشاری نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ اس موقع پر پولیس ایس ایچ او حاجی خان لاشاری نے کہا کہ علاقے میں امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنا اور عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ عوام کی شکایات کے ازالے اور انہیں بروقت انصاف کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جائے گا ...

بھاگ، اوستہ محمد میں ڈکیتی کی وارداتیں، ڈاکٹر سمیت 5 افراد کو لوٹ لیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بھاگ اور اوستہ محمد میں ڈکیتی، رہزنی اور موٹر سائیکل چھیننے کے مختلف واقعات میں ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر ایک ڈاکٹر سمیت پانچ افراد سے موٹر سائیکلوں نقدی اور موبائل فون چھین لیے گئے ملزمان فرار ہوگئے ...

شہری شکایات کا فوری ازالہ، جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن تیز کیا جائے، آئی جی اسلام آباد

کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس، اردل روم میں پولیس افسران و جوانوں سے خطاب

بروقت ریلیف فراہم کیا جائے اور موثر کمیونٹی پولیسنگ کے ذریعے پولیس اور عوام کے درمیان روابط کو مزید مضبوط بنایا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس، امن و امان، جرائم کے تدارک اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کا جائزہ۔ ...

ڈیرہ اللہ یار اور درگئی ٹریفک حادثات چھ افراد شدید زخمی

ابتدائی طبی امداد کے بعد تین کی حالت نازک ہونے پر انکو سندھ سکھر ریفر کر دیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار اور درگئی ٹریفک حادثات چھ افراد شدید زخمی ہوگئے تین کی حالت نازک تشویش ناک حالت میں سکھر ریفر پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار پولیس تھانے کی حدود جمالی بائی پاس پر دو موٹر سائیکل ایس میں ٹکرانے سے پانچ افراد شدید زخمی ہوگئے جن کو فوری طور پر ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ اللہ یار منتقل کر دیا گیا ابتدائی طبی امداد کے بعد تین کی حالت نازک ہونے پر انکو سندھ سکھر ریفر کر دیا گیا ...

خواجہ سلمان رفیق کا گوجرانوالہ ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال اور چلڈرن ہسپتال کا دورہ

سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کے علاج معالجہ میں ایک فیصد بھی غفلت برداشت نہیں کرینگے، صوبائی وزیر

لاہور (آن لائن) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے گوجرانوالہ ڈی ایچ کیو (DHQ) ٹیچنگ ہسپتال اور چلڈرن ہسپتال کا اچانک دورہ کیا۔ ...

صحت مند معاشرے کی تشکیل کیلئے کھیلوں کا فروغ ضروری ہے، کمشنر مکران

نوجوانوں کو کھیلوں کے بہتر مواقع اور ضروری سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں

بلوچ وارڈ میں بی ایس ڈی آئی کے تحت فٹسال گراؤنڈ کے افتتاح کے موقع پر ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ کا اظہار خیال

گوادر (خ ن) کمشنر مکران ڈویژن ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ نے اپنے دو روزہ دورہ گوادر کے دوران ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کے ہمراہ بی ایس ڈی آئی (BSDI) کے تحت مکمل ہونے والے فٹسال گراؤنڈ بلوچ وارڈ کا افتتاح کیا۔ ...

ڈیرہ بگٹی سے معروف ہندو تاجر ریوت کمار اغوا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی کے علاقے سے ہندو تاجر کو اغوا کر لیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی سوئی پولیس تھانے کی حدود سوئی کشمور روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے ڈیرہ بگٹی کے مشہور ہندو تاجر ریوت کمار کو اغوا کر کے نامعلوم مقام کی طرف فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کی ناکہ بندی کرکے مغوی ہندو تاجر کی بازیابی اور اغوا کاروں کی تلاش شروع کر دی گئی۔

کوئٹہ، پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما چیف آف ہنکلزئی سردار نور احمد ہنکلزئی پی پی وومن ونگ بلوچستان کی صوبائی سیکرٹری اطلاعات صبا خان کاکڑ کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

ہر بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنائی جائے، ڈپٹی کمشنر دکی

رہ جانے والے بچوں کی فوری کوریج اور انکاری خاندانوں کی موثر کونسلنگ کی ہدایت

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی زیر صدارت اکتوبر 2026 مہم کے بعد SNID پوسٹ کمپین ریویو اجلاس منعقد ہوا، جس میں 2026 کی پولیو مہم کے دوران فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی، بچوں کی کوریج، رہ جانے والے بچوں، انکاری خاندانوں اور فیلڈ میں سامنے آنے والے مسائل کا جائزہ لیا گیا۔ ... ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے ہدایت کی کہ ہر بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنائی جائے۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر: 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر: 2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 4 اکتوبر 2026ء

کاروباری آسانی کے لئے ریگولیٹری اصلاحات کا مستحسن عزم!!

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ کاروباری سرگرمیوں میں آسانی اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے ریگولیٹری اصلاحات ناگزیر ہیں یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ان کی زیر صدارت منعقد ہونے والے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کے موقع پر کہی اجلاس میں ریگولیٹری اصلاحات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کاروبار میں آسانی، سرمایہ کاری کے فروغ اور ریگولیٹری نظام کو مزید موثر، شفاف اور کاروبار دوست بنانے کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ کاروباری سرگرمیوں میں آسانی اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے ریگولیٹری اصلاحات ناگزیر ہیں، حکومت کاروباری برادری کو سہولت فراہم کرنے اور غیر ضروری ضابطہ کاری کے خاتمے کے لئے موثر اقدامات کر رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان میں اصلاحات کے ذریعے اسے جدید خطوط پر استوار کیا گیا ہے، اسی طرز پر دیگر ریگولیٹری اداروں میں بھی اصلاحات لائی جائیں۔ ہم وزیراعظم شہباز شریف کے عزم کو سراہتے ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ کاروباری آسانیوں کو یقینی بنانے کے لئے ریگولیٹری اصلاحات کا عزم انتہائی مثبت، قابل ستائش اور مستحسن ہے۔ ہماری معیشت کو مستحکم، متحرک اور پائیدار بنیادوں پر استوار کرنے کے لئے سرمایہ کاری، صنعتی سرگرمیوں، کاروباری وسعت اور نجی شعبے کے فعال کردار کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ کوئی بھی معیشت اس وقت تک اپنی حقیقی استعداد کے مطابق ترقی نہیں کر سکتی جب تک کاروبار شروع کرنے، اسے وسعت دینے، سرمایہ لگانے، صنعت قائم کرنے، برآمدات بڑھانے اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے عمل میں غیر ضروری رکاوٹیں موجود رہیں۔ اسی حقیقت کے پیش نظر حکومت کی جانب سے کاروباری سرگرمیوں میں آسانی اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے ریگولیٹری اصلاحات پر خصوصی توجہ ایک اہم اور بروقت اقدام قرار دی جا سکتی ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت ہونے والے حالیہ اجلاس میں بھی اسی عزم کو واضح کیا گیا کہ ملک میں ایسا ریگولیٹری نظام تشکیل دیا جائے جو شفاف، موثر، مربوط اور کاروبار دوست ہو۔ ہمارے ہاں بدقسمتی سے کاروباری طبقہ طویل عرصے سے پیچیدہ طریقہ کار، متعدد اداروں سے اجازت ناموں، مختلف محکموں کی الگ الگ شرائط، کاغذی کارروائی، بار بار کے تقاضوں اور بعض اوقات ایک ہی نوعیت کی معلومات متعدد مرتبہ فراہم کرنے جیسے مسائل کی نشاندہی کرتا رہا ہے۔ یہ صورتحال نہ صرف کاروبار کی لاگت میں اضافہ کرتی ہے بلکہ نئے سرمایہ کاروں کے لئے بھی غیر یقینی پیدا کرتی ہے۔ حکومت کی موجودہ اصلاحاتی سوچ کا اہم پہلو یہ ہے کہ ریگولیشن کو کاروبار کی راہ میں رکاوٹ بنانے کے بجائے ایسا ذریعہ بنایا جائے جو شفافیت، معیار، صارفین کے تحفظ اور معاشی سرگرمی کے درمیان متوازن تعلق قائم کرے۔ وفاقی حکومت کے ریگولیٹری اصلاحات کے پروگرام میں بھی غیر ضروری تقاضوں کے خاتمے، طریقہ کار کو آسان بنانے اور ڈیجیٹل نظام کو فروغ دینے پر زور دیا گیا ہے۔ وزیراعظم کی جانب سے ریگولیٹری رجسٹری تشکیل دینے کی ہدایت اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ ملک میں موجود مختلف قواعد و ضوابط اور ریگولیٹری تقاضوں کو ایک جامع نظام کے تحت مرتب کرنے سے کاروباری افراد کو یہ معلوم ہو سکے گا کہ کسی شعبے میں کام شروع کرنے یا اسے جاری رکھنے کے لئے کن قانونی اور انتظامی تقاضوں کی ضرورت ہے۔ اس طرح نہ صرف معلومات تک رسائی آسان ہوگی بلکہ مختلف اداروں کے درمیان اختیارات اور ذمہ داریوں کی وضاحت بھی بہتر انداز میں ہو سکے گی۔ ایک جدید معیشت میں یہ بات بنیادی اہمیت رکھتی ہے کہ سرمایہ کار کو قواعد کا علم پہلے سے ہو، طریقہ کار واضح ہو اور فیصلوں کے لئے غیر ضروری انتظار نہ کرنا پڑے۔ کاروبار میں آسانی صرف بڑے سرمایہ کاروں کا مسئلہ نہیں۔ اس کا براہ راست تعلق چھوٹے تاجروں، نوجوان کاروباری افراد، خواتین، اسٹارٹ اپس، چھوٹی اور درمیانے درجے کی صنعتوں اور ان لاکھوں افراد سے ہے جو اپنے محدود وسائل کے ساتھ کاروبار شروع کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اگر ایک نوجوان کو کاروبار شروع کرنے کے لئے مختلف دفاتر کے چکر لگانے پڑیں، متعدد دستاویزات جمع کرانا پڑیں اور طویل انتظار کا سامنا کرنا پڑے تو اس کی کاروباری صلاحیت متاثر ہوتی ہے۔ اس کے برعکس اگر رجسٹریشن، لائسنس، اجازت نامے اور دیگر سہولیات ایک مربوط اور ڈیجیٹل نظام کے ذریعے دستیاب ہوں تو کاروبار شروع کرنے کی لاگت اور وقت دونوں کم ہو سکتے ہیں۔ حکومت کی جانب سے بزنس فیسیلیٹیشن سینٹرز کو جدید بنانے اور انہیں ایک ون ونڈو طرز کی سہولت میں تبدیل کرنے کی کوشش بھی اسی ضرورت کو سامنے رکھتی ہے۔ اسی طرح ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان میں اصلاحات کو مثال بناتے ہوئے دیگر ریگولیٹری اداروں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی وزیراعظم کی ہدایت اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ اصلاحات محض ایک اعلان نہیں بلکہ ادارہ جاتی تبدیلی کا مستقل عمل ہونی چاہئیں۔ ہر ریگولیٹری ادارے کو اپنے طریقہ کار کا جائزہ لینا ہوگا، غیر ضروری تقاضوں کی نشاندہی کرنا ہوگی اور جہاں ممکن ہو وہاں انسانی مداخلت کم کر کے ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانا ہوگا۔ تاہم اس عمل میں ریگولیٹری اداروں کی بنیادی ذمہ داری، یعنی معیار، تحفظ اور قانون کی پاسداری کو بھی برقرار رکھنا ضروری ہے۔ کاروبار میں آسانی کا مطلب قواعد کا خاتمہ نہیں بلکہ غیر ضروری قواعد کا خاتمہ اور سادہ، واضح اور قابل عمل نظام بنانا ہے۔ ریگولیٹری اصلاحات کا ایک اہم پہلو وفاق اور صوبوں کے درمیان ہم آہنگی بھی ہے۔ پاکستان میں کاروباری سرگرمیوں سے متعلق متعدد معاملات وفاقی اور صوبائی دائرہ اختیار میں آتے ہیں۔ اگر وفاق میں طریقہ کار آسان ہو جائے لیکن صوبائی سطح پر پیچیدگیاں برقرار رہیں تو کاروبار کے لئے مجموعی ماحول میں مطلوبہ بہتری پیدا نہیں ہو سکتی۔ اسی لئے وزیراعظم کی جانب سے ایس آئی ایف سی کے وفد کو تمام صوبوں کا دورہ کرنے اور صوبائی حکومتوں کو اعتماد میں لینے کی ہدایت ایک ضروری قدم ہے۔ وفاقی اور صوبائی اداروں کے درمیان بہتر رابطہ کاری سے نہ صرف قواعد میں تضاد کم کیا جا سکتا ہے بلکہ کاروباری افراد کو ملک بھر میں زیادہ یکساں سہولیات فراہم کرنے کی راہ بھی ہموار ہو سکتی ہے۔ اس تناظر میں آسان کاروبار ایکٹ کو ملک بھر میں نافذ کرنے کی بات بھی اہم ہے۔ اگر کاروباری سہولت کاری کے لئے ایک مربوط قومی فریم ورک تشکیل پاتا ہے تو سرمایہ کار کو مختلف علاقوں میں مختلف نوعیت کے انتظامی تقاضوں کا سامنا کم کرنا پڑے گا۔ تاہم قانون سازی کے ساتھ ساتھ اس کے موثر نفاذ، صوبائی سطح پر ادارہ جاتی استعداد اور متعلقہ محکموں کی باہمی ہم آہنگی بھی ناگزیر ہوگی۔ محض قانون منظور کر دینا کافی نہیں، اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب عام کاروباری شخص کو اس قانون کے فوائد عملی طور پر محسوس ہوں۔ حکومت کی موجودہ اصلاحاتی سمت میں اس بات کی بھی ضرورت ہے کہ نجی شعبے کو محض سہولت حاصل کرنے والا فریق نہ سمجھا جائے بلکہ اصلاحات کے عمل میں باقاعدہ شراکت دار بنایا جائے۔ ملکی معیشت کو اس وقت ایسے ہی اعتماد، تسلسل اور پالیسی استحکام کی ضرورت ہے امید ہے کہ تسلسل برقرار رکھا جائے گا۔

دل میں بسے ہوئے لوگ!

قرطاس
ناصف اعوان

ماضی پر نظر دوڑائیں تو واضح طور سے دکھائی دے گا [illegible] ہوئے ہوں گے۔ خیر ہمارا تجزیہ یہ ہے کہ وہ جتنی مرضی تعداد میں نکلیں جا نکلتے ہیں۔ جب تک خان کی طرف سے لچک نہیں دکھائی جاتی جب تک ان کی رہائی کا کوئی امکان نہیں۔ کیونکہ ان کی رہائی سے بدلے کی سیاست کا بھی امکان ہے اور اگر بدلے کی سیاست جاری رہتی ہے تو ملک آگے نہیں بڑھ سکتا جبکہ یہ وقت ایک دوسرے کو گلے لگانے کا ہے کیونکہ

ہماری معیشت ہی نہیں [illegible] اس کے پاس دوسرا کوئی راستہ نہیں مگر یہ سب وقتی ہے لہٰذا انہیں یک جہتی کی اشد ضرورت ہے تاکہ متحد ہو کر مسائل سے نمٹا جا سکے۔ اناسی برس گزرنے کے بعد بھی وہ ترقی نہیں ہو سکی جو ہونی چاہیے تھی ہم چین کی مثال پیش کر سکتے ہیں کہ وہ قوم جو افیم کھا کر جہاں کہیں جگہ ملتی سو جاتی مگر ماؤزے تنگ نے اسے انقلاب کے لئے تیار کرلیا۔

اب دنیا دیکھ رہی ہے [illegible] اور اگر مزید عالمی مالیاتی اداروں کی شرائط پر عمل درآمد کیا جاتا ہے تو پھر پورے ملک میں ایک ایسا شور اٹھے گا کہ جس کو اہل اقتدار نہیں سن سکیں گے اب وہ دور بیت گیا جب لوگوں کو بیوقوف بنایا جاتا تھا انہیں اندھیرے میں رکھ کر تمام فیصلے کیے جاتے تھے یہ سوشل میڈیا کا زمانہ ہے پھر جب عوام نے اناسی برس گزار لیے ہیں تو بھی ان کو آسائشیں فراہم

نہیں کی جا سکیں اور ان کو آرام و سکون میسر نہیں آسکا [illegible] کیا جا رہا ہے جس سے مثبت نتائج برآمد نہیں ہو رہے بلکہ اس کے برعکس صورت حال جنم لے رہی ہے اور عوام کے دل میں اہل اقتدار کے لئے محبت و قبولیت کے جذبات نہیں ابھر رہے جنہیں ابھارنے کے لئے ضروری ہے کہ ان کو بنیادی حقوق دے دیئے جائیں تاکہ وہ خوشحال و پرامن زندگی سے لطف اندوز ہو سکیں!

سمندری معیشت کے امکانات روشن (۲)

آب حیات
محمد امیر راجپر

پاکستان کی ساحلی پٹی قدرتی حسن سے مالا مال ہے، تاہم سیاحت کے نقطہ نظر سے اس کی صلاحیت بڑی حد تک بروئے کار نہیں لائی جا سکی۔ ملکی اور غیر ملکی مسافروں کے لیے کروز ٹرمینلز، ان کے ساتھ واک وے، ریستوران، کیفے، خریداری کے مراکز، ثقافتی مراکز اور عوامی تفریحی مقامات قائم کر کے منتخب ساحلی علاقوں کو پرکشش سیاحتی مراکز میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ دنیا کی متعدد کامیاب بندرگاہوں نے ثابت کیا ہے کہ تجارتی بندرگاہیں اور تفریحی ساحلی علاقے کامیابی سے ساتھ ساتھ وجود رکھ سکتے ہیں۔ دبئی مرینا، سنگاپور کا کلارک کوے اور سڈنی و وینکوور کے ساحلی اضلاع جیسے منصوبوں نے شہری زندگی کے معیار کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ نمایاں معاشی سرگرمی بھی پیدا کی ہے۔ پاکستان بھی مقامی سماجی اور ثقافتی اقدار کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ایسے تصورات اختیار کر سکتا ہے۔ یہ تجویز بھی زیر غور لائی جا سکتی ہے کہ مخصوص اور مناسب ضابطہ کاری کے تحت ایسی مہمان نوازی کی سہولتیں قائم کی جائیں، جن میں بین الاقوامی کروز مسافروں اور غیر ملکی سیاحوں کے لیے شراب خانے بھی شامل ہوں۔ ایسی سہولتیں موجودہ قوانین اور بین الاقوامی مہمان نوازی کے معیارات کے تحت چلائی جا سکتی ہیں، جس سے قومی ضوابط کی خلاف ورزی کیے بغیر پاکستان کی بطور علاقائی کروز سیاحتی مرکز کشش میں اضافہ ہوگا۔ مشرق وسطیٰ میں حالیہ جغرافیائی سیاسی پیش رفت نے غیر متوقع طور پر پاکستان کی تزویراتی بحری اہمیت کو نمایاں کر دیا ہے۔ امریکا اور ایران کے درمیان تنازع اور اس کے نتیجے میں آبنائے ہرمز کے حوالے سے پیدا ہونے والی غیر یقینی صورتحال کے بعد شپنگ لائنز نے آپریشنل خطرات کم کرنے اور ممکنہ رکاوٹوں سے بچنے کے لیے متبادل بحری راستوں کا جائزہ لینا شروع کر دیا۔ آبنائے ہرمز دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہوں میں شامل ہے، جہاں سے عالمی تیل برآمدات اور کنٹینرائزڈ تجارت کا ایک قابل ذکر حصہ روزانہ گزرتا ہے۔ اس میں عارضی یا طویل المدتی کسی بھی قسم کی رکاوٹ کے عالمی جہاز رانی کے نظام الاوقات، انشورنس پریمیم اور مال برداری کے اخراجات پر فوری اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ چنانچہ شپنگ کمپنیاں ایسے قابل اعتماد متبادل بندرگاہوں کی مسلسل تلاش میں رہتی ہیں جو علاقائی عدم استحکام کی صورت میں ٹرانس شپمنٹ کارگو سنبھال سکیں۔ پاکستان کی بندرگاہوں کو اس صورتحال سے فائدہ ہوا۔ ملک میں ٹرانزٹ اور ٹرانس شپمنٹ کارگو میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا جبکہ گزشتہ برسوں کے مقابلے میں بندرگاہوں پر آنے والے جہازوں کی تعداد بھی بڑھ گئی۔ گوادر پورٹ پر بھی حالیہ برسوں کے مقابلے میں سرگرمی میں اضافہ ہوا، جو پاکستان کے تزویراتی محل وقوع میں عالمی دلچسپی بڑھنے کی عکاسی کرتا ہے۔ اگرچہ یہ پیش رفت بنیادی طور پر غیر معمولی جغرافیائی سیاسی حالات کے نتیجے میں ہوئی، تاہم اس سے پاکستان کی بندرگاہوں میں علاقائی لاجسٹکس مراکز کے طور پر خدمات انجام دینے کی پوشیدہ صلاحیت ضرور نمایاں ہوئی۔ تاہم اضافی کنٹینر ٹریفک کا بیشتر حصہ کراچی پورٹ نے سنبھالا، جہاں پاکستان کا پہلا جدید ترین گہرے پانی کا کنٹینر ٹرمینل، ساؤتھ ایشیا پاکستان ٹرمینلز لمیٹڈ (ایس اے پی ٹی ایل) موجود ہے۔ اس سہولت میں مناسب گہرائی، جدید شپ ٹو شور کرینیں اور بڑی مادر شپ کے لیے کافی آپریشنل گنجائش موجود ہے، جو علاقائی اور بین الاقوامی ٹرانس شپمنٹ سرگرمیوں میں مصروف ہوتی ہیں۔ یہ پاکستان کے اہم ترین مسابقتی فوائد میں سے ایک ہے، خصوصاً ایسے وقت میں جب شپنگ لائنز معاشی پیمانے کے فوائد حاصل کرنے کے لیے بڑے جہازوں کو اپنے بیڑے میں شامل کر رہی ہیں۔ بڑے کنٹینر بردار جہازوں کو لنگر انداز کرنے کی صلاحیت عالمی لائنر شپنگ میں تیزی سے اہم ہوتی جا رہی ہے۔ 18 ہزار سے زائد ٹی ای یوز کی گنجائش رکھنے والے جدید کنٹینر جہازوں کے لیے زیادہ گہری بحری گزرگاہیں، مضبوط گھاٹ کا بنیادی ڈھانچہ، بڑی کرینیں اور انتہائی موثر ٹرمینل آپریشنز درکار ہوتے ہیں۔ جو بندرگاہیں ان تکنیکی تقاضوں کو پورا نہ کر سکیں، انہیں علاقائی حریف بندرگاہوں کے حق میں نظر انداز کیے جانے کا خطرہ رہتا ہے۔ پاکستان اس سمت میں پہلے ہی اہم سرمایہ کاری کر چکا ہے، تاہم ملک کو خطے میں ترجیحی ٹرانس شپمنٹ مرکز بنانے کے لیے مسلسل ڈریجنگ، بنیادی ڈھانچے کی جدید کاری اور آپریشنل کارکردگی میں بہتری ناگزیر ہے۔ آبنائے ہرمز کے بحران سے پیدا ہونے والے موقع پر پاکستان کی شپنگ برادری کی بھی نظر رہی۔ اضافی ٹرانس شپمنٹ کارگو حاصل کرنے کے امکانات کو محسوس کرتے ہوئے پاکستان شپس ایجنٹس ایسوسی ایشن (پی ایس اے اے) نے فوری طور پر حکومت کو عملی تجاویز پیش کیں تاکہ موجودہ صورتحال سے پاکستان زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکے۔ ایسوسی ایشن نے سفارش کی کہ موجودہ کسٹمز قوانین اور آپریشنل طریقہ کار میں مناسب ترامیم کر کے آف ڈاک ٹرمینلز پر ٹرانس شپمنٹ کارگو ذخیرہ کرنے کی اجازت دی جائے۔ اس اقدام سے بندرگاہ کے اندر بھیڑ کم کر کے، کارگو ہینڈلنگ کی کارکردگی بہتر بنا کر اور طلب میں اضافے کے ادوار میں ٹرمینلز کو زیادہ حجم میں کارگو سنبھالنے کے قابل بنا کر پاکستان کی لاجسٹکس چین میں نمایاں لچک پیدا کی جا سکتی ہے۔ (جاری ہے)

عظیم رائٹر شیکسپیئر کی قبر پر

انسانوں کے نام
افضال ریحان

انگلینڈ کا سفر چاہے کسی بھی مقصد کے تحت ہو، درویش اسے "اسٹڈی ٹور" یا مطالعاتی دورے کی حیثیت دے دیتا ہے۔ ہمیشہ یہ کوشش رہتی ہے کہ یہاں کے تاریخی مقامات، لائبریریوں، آرٹ گیلریوں، چرچز، ریسرچ سینٹرز، تھنک ٹینکس اور ڈیموکریسی کے نمائندہ اداروں، ادبی و ثقافتی مراکز کے ساتھ ساتھ جدید تعمیر و ترقی اور تفریحی سنٹرز کا بھی مشاہدہ کیا جائے، تاکہ گریٹ برٹن اور اس خطے کے عظیم الشان ماضی و حال کو سمجھنے کی کوشش کی جا سکے۔ اربن لائف کے ساتھ ساتھ یہاں کی رورل لائف کا جائزہ بھی اس سٹڈی ٹور یا مطالعاتی سفر کا حصہ رہتا ہے۔ یہ وہ خطہ ہے جس نے ایک زمانے میں سیاسی اقتدار سے ایسی سلطنت قائم کی جس پر سورج غروب نہیں ہوتا تھا لیکن اس برطانیہ کی اصل عظمت صرف اس کی سیاسی طاقت اور سلطنت تک محدود نہیں۔ علمی، فکری، سائنسی، ادبی اور تہذیبی حوالوں سے بھی اس سرزمین نے دنیا پر گہرے اثرات مرتب کیے، یہاں کا علمی و ادبی ورثہ پوری دنیا کی فکری و ادبی ترقی پر اثر انداز ہوا۔ ان حوالوں سے درویش کے سامنے ہمیشہ اس کے مرشد پاک سرسید "لائٹ ہاؤس" کی حیثیت سے نمودار ہوتے ہیں، جنہوں نے اپنے یادگار برطانوی وزٹ میں جو کچھ اخذ کیا، سمجھا اور لکھا، وہ درویش سمیت بہت سے انڈینز کے لیے رہنمائی کا باعث بنا۔ اپنے پچھلے وزٹ میں یہ ناچیز انگلینڈ کی فطری خوبصورتی، بالخصوص انسانی حسن سے اس قدر متاثر ہوا کہ جنگ کے لیے یہاں سے بھیجے جانے والے پہلے کالم کا عنوان تھا "حسیناؤں کے دیش میں" کالم شائع ہوا تو کئی احباب نے فون پر اعتراض اٹھاتے ہو کہا کہ آپ کی حسن پرستی یا خوبصورتی کے لیے دیوانگی اس قدر بڑھی ہوئی کیوں ہے؟ گریٹ برٹن سے علم و فن کی جو آبیاری ہوئی، دنیا کو تہذیبی و سائنسی یا فکری و ادبی میدان میں جو کچھ ملا، اس پر بھی توجہ مبذول کرائیے۔ درویش نے اس مفت مشورے کے بعد کالم کا عنوان باندھا "سولائزیشن اور ڈیموکریسی کے گہوارے میں"۔ ساتھ ہی یہ بھی عرض کیا کہ یہاں کی یونیورسٹی سے اس غریب درویش نے کیوں متاثر نہیں ہونا تھا، ہمارے حکیم الامت اقبال کا یہ عالم تھا کہ وہ یہاں کے حسن و جمال کو دیکھ کر پروردگار عالم سے الجھ پڑے، شکوہ کیا:

"قہر تو یہ ہے کہ کافر کو ملیں حور و قصور
اور بیچارے مسلمان کو فقط وعدہ حور"

اس سے آگے بڑھ کر شکایت کی:

"فردوس جو تیرا ہے کسی نے نہیں دیکھا
فرنگ کا ہر قریہ ہے فردوس کی مانند"

حالیہ وزٹ میں قدرت نے ناچیز کو یہاں کی رورل یا ویلج لائف کو بھی قریب سے دیکھنے کا موقع فراہم کیا ہے۔ کل ہی محترمہ ڈاکٹر طلعت افشاں صاحبہ اور عزیزم ڈاکٹر ہارون خان کے ہمراہ عظیم برطانوی دانشور، ادیب، شاعر اور ڈرامہ نگار ولیم شیکسپیئر کی جنم بھومی Stratford-upon-Avon کو وزٹ کیا۔ شیکسپیئر کا نام دنیا کے عظیم ترین ادیبوں میں شمار ہوتا ہے۔ ان کی زندگی کا بیشتر ادبی و فنی سفر لندن سے وابستہ رہا، مگر ان کی جڑیں اسی چھوٹے خوبصورت شہر Stratford-upon-Avon میں پیوست ہیں۔ یہاں آ کر یوں محسوس ہوتا ہے جیسے کسی عالمی شہرت یافتہ ادیب کے نہیں بلکہ ایک ایسے انسان کے نقش قدم تلاش کر رہے ہیں جو اسی شہر کی گلیوں میں کھیلتا، پڑھتا، جوان ہوتا، محبت یا شادی کرتا اور پھر دنیا کے عظیم ترین ادیبوں میں شمار ہونے کے بعد اسی سرزمین کی طرف واپس لوٹ آتا ہے۔ یہاں شیکسپیئر کی جنم بھومی Birthplace محفوظ ہے، جہاں وہ 23 اپریل 1564ء میں پیدا ہوا۔ اس کے بچپن، خاندان اور ابتدائی زندگی سے متعلق یادیں بھی اسی شہر سے جڑی ہوئی ہیں۔ ان کا تاریخی سکول روم بھی ملاحظہ کیا، یہاں شیکسپیئر کی یادگاروں کے ساتھ ان کی محبت شریک حیات Anne Hathaway کا گھر بھی محفوظ رکھا گیا ہے۔ اس کے گرد و نواح کے باغات اور سبزہ زار بھی اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں۔ ہمیں یہاں سیب کے باغات بھی دیکھنے کا موقع ملا جو اپنے پھل سے لدے ہوئے تھے۔ یہ منظر شیکسپیئر کے عہد کی رورل انگلینڈ کا ایک خوبصورت عکس دکھاتا ہے۔ شیکسپیئر کی کامیابی کے بعد خریدے گئے ان کے آخری گھر New Place کی اصل عمارت اگرچہ اب موجود نہیں، لیکن اس جگہ کو یادگار اور آثار کی صورت محفوظ رکھا گیا ہے۔ یوں ایک شخص کی زندگی کے مختلف مراحل — پیدائش، بچپن، تعلیم، شادی، خاندان، کامیابی اور آخری ایام۔ ایک ہی شہر میں ایک دوسرے سے جڑے نظر آتے ہیں۔ انگریزوں نے Stratford-upon-Avon میں شیکسپیئر سے متعلق اپنی تمام یادگاروں کو جس خوبصورتی اور اہتمام سے محفوظ کر رکھا ہے، اسے دیکھ کر خوشی ہوئی ایک قوم اپنے لوگوں کی زندگی کے آثار کو کس طرح محفوظ کرتی ہے اور آنے والی نسلوں کو ان سے کیسے جوڑتی ہے۔ البتہ درویش کو ایک بات کھٹکی بھی، یہاں تقریباً ہر تاریخی مقام کے ساتھ ٹکٹ سسٹم ہے۔ معمولی سے معمولی اور خالی جگہ پر بھی غیر مرئی ٹکٹ وصولی یوں محسوس ہوتا ہے کہ انگریزوں نے اپنے تاریخی ورثے کو محفوظ رکھنے کے ساتھ ساتھ اسے آمدنی کا ذریعہ بنانے کے نت نئے طریقے ڈھونڈ رکھے ہیں، حتیٰ کہ ولیم شیکسپیئر جیسے انگریزی ادب کے عظیم محسن کی آخری آرام گاہ کی زیارت پر بھی ٹکٹ لگا رکھا ہے حالانکہ ان کی ادبی خدمات کے ریکارڈ میں اگر میکنٹیننس کا خرچہ خود حکومت اٹھا لیتی تو کیا وبال تھا۔ اس سفر کا متاثر کن مقام Holy Trinity Church تھا۔ اسی چرچ میں شیکسپیئر کا بپتسمہ 26 اپریل 1564ء کو ہوا اور پھر 23 اپریل 1616ء کو وفات کے بعد یہیں ان کی تدفین ہوئی۔ چرچ کے تاریخی ریکارڈ میں ان کی بپتسمہ اور تدفین کے اندراجات آج بھی محفوظ ہیں۔ شیکسپیئر کو گزرے چار صدیاں ہونے کو ہیں، مگر دنیا آج بھی Hamlet, Macbeth, Othello, King Lear اور Romeo and Juliet کے ذریعے انسانی فطرت، محبت، اقتدار، حسد، جرم، ضمیر اور المیے کو سمجھنے کی کوشش کرتی ہے۔ شیکسپیئر کی قبر کوئی بلند و بالا مقبرہ نہیں۔ فرش پر ایک سادہ سی جگہ نشان زدہ ہے۔ قریب ہی ان کے حوالے سے تختی موجود ہے۔ دنیا کے عظیم ترین ادیب کی آخری آرام گاہ کو دیکھ کر ایک لمحے کے لیے انسان ٹھٹھک جاتا ہے۔ جس شخص کے قلم نے بادشاہوں، شہزادوں، جرنیلوں، عاشقوں، قاتلوں، فلسفیوں اور عام انسانوں کے کرداروں کو صدیوں کے لیے زندہ کر دیا، وہ خود ایک سادہ سی قبر میں پڑا ہے۔ درویش شیکسپیئر کی قبر پر فاتحہ خوانی کے بعد اس کے سامنے کھڑے سوچ رہا تھا، کیا عظمت بڑے محل میں رہنے کا نام ہے؟ کیا یہ کسی بڑے مقبرے کا نام ہے؟ کیا دولت، اقتدار اور شہرت ہی انسان کو بڑا بناتے ہیں؟ شیکسپیئر کی قبر اس سوال کا خاموش جواب ہے، ایک سادہ سی قبر مگر اس قبر میں وہ شخص سو رہا ہے جس کا قلم چار صدیوں بعد بھی دنیا بھر کے انسانوں سے مخاطب ہے۔ شاید انسان کی اصل زندگی اس کی سانسوں کے رک جانے کے بعد شروع ہوتی ہے — جب اس کے فکر و فن اور شبد اس کی ذات سے آگے نکل کر آنے والی نسلوں کا حصہ بن جاتے ہیں۔ شیکسپیئر کی قبر پر کھڑے ہو کر درویش کو محسوس ہوا کہ انسان فنا ہوتا ہے، مگر اس کا کام اسے صدیوں تک امر بناتا ہے۔ آج یہ تمنا ہو رہی ہے کہ اپنے عظیم ترین ہیرو سر برٹنڈرسل کی یادگار پر حاضری و زیارت اور فاتحہ خوانی کا شرف بھی حاصل کروں۔

بانڈ مارکیٹ اور آگے کا سفر

تہہ در تہہ
شہاب جعفری



تیسری سہ ماہی کے اختتام پر بانڈ مارکیٹ نے پس پردہ موجود مالی دباؤ کی سب سے واضح تصویر پیش کی ہے۔ جولائی سے اب تک 10 سالہ امریکی ٹریژری بانڈ کی پیداوار میں 81 بیسس پوائنٹس کا اضافہ ہوا ہے، جو 2022 کے بعد تین ماہ کے دوران سب سے بڑا اضافہ ہے۔ 30 سالہ ٹریژری کی پیداوار رواں ہفتے 5.621 فیصد تک پہنچ گئی، جو 2002 کے بعد بلند ترین سطح ہے۔ یہ مندی صرف امریکا تک محدود نہیں رہی۔ جرمنی اور فرانس میں 10 سالہ بانڈز کے منافع کی شرح بالترتیب 17 اور 18 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی، جبکہ جاپان کی بینچ مارک شرح بھی کئی دہائیوں کی بلند ترین سطح کے قریب ہے۔ تو پھر بانڈ مارکیٹس آخر ہمیں کیا بتانے کی کوشش کر رہی ہیں؟ اس سوال کے جواب کا ایک اہم حصہ اب بھی مشرق وسطیٰ سے جڑا ہوا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے اسرائیل کے ساتھ مل کر ایران پر حملہ کرنے کے غیر دانشمندانہ فیصلے کو سات ماہ گزرنے کے بعد پیدا ہونے والے توانائی بحران کے اثرات تیل کی مارکیٹ سے کہیں آگے پھیل چکے ہیں۔ مشرق وسطیٰ سے خام تیل کی برآمدات تنازع شروع ہونے کے بعد بلند ترین سطح پر بحال ہونے کے باوجود برینٹ کی قیمت 100 ڈالر فی بیرل سے اوپر ہے۔ مہنگائی کے خدشات دوبارہ بڑھ گئے ہیں، مرکزی بینکوں نے سخت مالیاتی پالیسی کا عندیہ دیا ہے اور سرمایہ کاروں کو تیزی سے توقع ہونے لگی ہے کہ شرح سود طویل عرصے تک بلند رہے گی۔ دونوں عوامل کے درمیان تعلق غیر معمولی حد تک مضبوط ہو گیا ہے۔ امریکی بینچ مارک تیل کی قیمت اور 10 سالہ امریکی ٹریژری بانڈ کی پیداوار کے درمیان تعلق حال ہی میں 35 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا، جو پہلی خلیجی جنگ کے دوران قائم ریکارڈ سے معمولی کم ہے۔ اس صورتحال میں آبنائے ہرمز سے متعلق ہر مثبت خبر بانڈ مارکیٹ کے لیے اہم بن سکتی ہے جبکہ کشیدگی میں ہر نیا اضافہ فیڈرل ریزرو کے لیے بھی اہمیت رکھتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ دنیا کی اہم ترین قرض لینے کی لاگت میں سے ایک کا انحصار دنیا کی خطرناک ترین آبی گزرگاہوں میں سے ایک کی صورتحال پر ہو تو سرمایہ کار کس حد تک مطمئن رہ سکتے ہیں؟ لیکن صرف تیل تمام صورتحال کی وضاحت نہیں کرتا۔ رواں ہفتے 30 سالہ امریکی ٹریژری کی پیداوار 24 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی، حالانکہ خام تیل کی قیمتیں کم ہوئیں اور نیویارک فیڈ کے صدر جان ولیمز نے کہا کہ شرح سود میں ایک اور اضافے کے حوالے سے جلد بازی کی ضرورت نہیں۔ حکومتی مالیات اب بھی دباؤ میں ہیں، قرضوں کا اجرا بہت زیادہ ہے، معاشی نمو توقعات کے مقابلے میں مضبوط ثابت ہوئی ہے اور مصنوعی ذہانت میں سرمایہ کاری کا بڑھتا ہوا رجحان سرمائے کی نئی اور بہت بڑی طلب پیدا کر رہا ہے۔ بظاہر بانڈ مارکیٹ بیک وقت کئی مسائل پر تشویش کا اظہار کر رہی ہے۔ اسی طرح پھر اسٹاکس ہیں، جو بظاہر اس صورتحال سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔

اسٹاک مارکیٹس نے بلند بانڈ پیداوار کو بڑی حد تک نظر انداز کیا ہے کیونکہ کمپنیوں کی آمدنی مضبوط ہے، عالمی معاشی نمو برقرار ہے اور مصنوعی ذہانت کے بارے میں جوش نے امریکی مارکیٹ کے سب سے بااثر شعبے کو سہارا دیا ہوا ہے۔ تاہم جوں جوں بانڈ پیداوار بڑھتی جائے گی، حساب کتاب مزید دلچسپ ہوتا جائے گا۔ ٹریژری بانڈز اب ایکویٹی مارکیٹ کے خطرے کے بغیر زیادہ پرکشش منافع فراہم کر رہے ہیں، جبکہ بلند ڈسکاؤنٹ ریٹس مستقبل کی کمپنیوں کی آمدنی کی موجودہ قدر کم کرتے ہیں۔ ہاؤسنگ، صارفین سے متعلق کمپنیاں، یوٹیلیٹیز اور شرح سود سے متاثر ہونے والے دیگر شعبے پہلے ہی دباؤ محسوس کر رہے ہیں، جس سے مارکیٹ کی کارکردگی کا انحصار ٹیکنالوجی پر بڑھتا جا رہا ہے۔ مصنوعی ذہانت کتنا بوجھ اٹھا سکتی ہے؟ یہ سوال چوتھی سہ ماہی میں مزید اہم ہو سکتا ہے۔ تیسری سہ ماہی کے مالی نتائج کا سیزن جلد ہی یہ جانچ کرے گا کہ مصنوعی ذہانت کے انفراسٹرکچر پر لگائی گئی بھاری سرمایہ کاری منافع اتنی تیزی سے پیدا کر رہی ہے یا نہیں کہ موجودہ بلند مالیت کا جواز فراہم کیا جا سکے۔ دوسری جانب اس سرمایہ کاری کے لیے درکار قرض کا حصول خود بھی بانڈ مارکیٹ میں نئے قرضوں کی فراہمی بڑھا رہا ہے جبکہ مارکیٹ پہلے ہی بھاری حکومتی قرضوں کے اجرا کو جذب کر رہی ہے۔ یوں وہ ٹیکنالوجی جس سے بلند شرح سود کے باوجود اسٹاکس کو تحفظ ملنے کی توقع ہے، بالواسطہ طور پر شرح سود کو بلند رکھنے والے دباؤ میں بھی اضافہ کر سکتی ہے۔ اس صورتحال میں ایک خاص طرح کی خوبصورتی ہے۔ فیڈرل ریزرو نے صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ ستمبر میں شرح سود میں اضافہ تین سال میں پہلا اضافہ تھا اور پالیسی سازوں نے عندیہ دیا ہے کہ سال کے اختتام سے قبل ایک اور اضافہ مناسب ہو سکتا ہے۔

مسئلہ اقتدار نہیں، طرز حکمرانی ہے

پیامبر
قادر خان یوسف زئی



خیبر پختونخوا اس وقت صرف ایک صوبہ نہیں، پاکستان کے ریاستی شعور کا امتحانی پرچہ بن چکا ہے۔ یہاں اگر سڑک ٹوٹتی ہے تو صرف سفر مشکل نہیں ہوتا، ریاست کی گرفت کمزور پڑتی ہے۔ یہاں اگر تھانے پر اعتماد اٹھ جائے تو قانون کی کتاب نہیں، پورا سماجی معاہدہ ہل جاتا ہے۔ یہاں اگر اسکول، اسپتال، تحصیل اور سیکرٹریٹ ایک دوسرے سے کٹے ہوئے دکھائی دیں تو معاملہ محض انتظامی کوتاہی کا نہیں رہتا، پھر یہ سوال کھڑا ہوتا ہے کہ حکومت آخر ہے کہاں۔ یہی وہ مقام ہے جہاں خیبر پختونخوا کے مسائل کو محض ایک جماعت، ایک حکومت یا ایک افسر کی ناکامی سمجھنا خود مسئلے کو چھوٹا کر دینے کے مترادف ہے۔ اصل بحران یہ ہے کہ ہم نے گورننس کو سیاست کا تابع بنا دیا ہے، حالانکہ سیاست کا اصل امتحان ہی اچھی حکمرانی ہے۔ خیبر پختونخوا میں گورننس کے مسائل کی جڑیں ایک دن میں نہیں پڑیں۔ یہ خرابی برسوں کی غیر تسلسل زدہ پالیسیوں، سیکیورٹی کے بوجھ، مرکز اور صوبے کے درمیان اعتماد کی کمی، کمزور بلدیاتی ڈھانچے، سیاسی مداخلت سے متاثرہ انتظامیہ، محدود مالی گنجائش، اور فوری نعرے بازی پر کھڑی سیاست کے ملے جلے اثرات سے پیدا ہوئی ہے۔ صوبہ ایک طرف دہشت گردی کے خطرات سے نبرد آزما ہے، دوسری طرف روزگار، تعلیم، صحت اور بنیادی ڈھانچے کے سوالات سے بھی دوچار ہے۔ ایسے میں اگر حکومت کی توجہ کا بڑا حصہ سیاسی جواب دہی کے بجائے فروعی بقا پر لگ جائے تو عوامی مسائل فائلوں میں دب جاتے ہیں۔ گورننس وہاں خراب ہوتی ہے جہاں فیصلے عوام کی ضرورت کے مطابق نہیں بلکہ سیاسی موسم کے مطابق ہونے لگیں۔ یہ بات بھی تسلیم کرنا ہوگی کہ خیبر پختونخوا کی انتظامی مشکلات کا ایک بڑا سبب مسلسل عدم استحکام ہے۔ جو صوبہ طویل عرصہ سیکیورٹی کی کشمکش سے گزرے، جہاں بعض اضلاع میں ریاستی رٹ کا سوال دوبارہ سر اٹھائے، جہاں سرمایہ کاری خوف کے سائے میں قدم رکھے، وہاں حکومت کو معمول سے زیادہ فعال، مربوط اور جواب دہ ہونا پڑتا ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں الٹا ہوا۔ پالیسی کا تسلسل کمزور رہا، ترجیحات بدلتی رہیں، اور ریاستی مشینری اکثر اس انتظار میں رہی کہ سیاسی ہوا کا رخ کس طرف مڑتا ہے۔ جب حکومت کا اعصاب سیاسی محاذ آرائی میں الجھا ہو تو فلاحی اور انتظامی ڈھانچہ رفتہ رفتہ بے جان ہو جاتا ہے۔

یہ بھی سچ ہے کہ گورننس صرف وزیر اعلیٰ ہاؤس یا سیکرٹریٹ کے چند کمروں کا نام نہیں۔ ایک اچھا نظام تب بنتا ہے جب پولیس پیشہ ور ہو، بیوروکریسی سیاسی خوف سے آزاد ہو، مقامی حکومتیں بااختیار ہوں، ترقیاتی منصوبے کاغذی نہیں بلکہ زمینی ہوں، اور احتساب کا معیار مخالف اور موافق دونوں کے لئے یکساں ہو۔ خیبر پختونخوا میں اکثر مسئلہ یہ رہا کہ سیاسی ترجیح اور عوامی ضرورت کی درمیان فاصلہ کم ہونے کے بجائے بڑھتا گیا۔ سیاسی جماعتوں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ معیشت، امن و امان، صوبائی ہم آہنگی اور عوامی خدمت اس شور میں بہتر نہیں ہوتے جس میں ہر فریق دوسرے کو غدار، نااہل یا ناجائز ثابت کرنے پر تلا ہو۔ حکومت کی ذمہ داری زیادہ ہے کیونکہ اقتدار اس کے پاس ہے، لیکن اپوزیشن کی ذمہ داری کم نہیں کیونکہ سیاسی درجہ حرارت کو مسلسل بڑھاتے رہنا بھی قومی خدمت نہیں۔ مثبت پیش رفت کی ابتدا چند بنیادی اصولوں سے ہو سکتی ہے۔ پہلی بات، سیاسی اختلاف کو ریاستی دشمنی میں تبدیل نہ کیا جائے۔ دوسری بات، پارلیمان کو محض رسمی ادارہ نہ رہنے دیا جائے بلکہ قومی اور صوبائی سطح پر بڑے مسائل پر بامعنی مکالمہ ہو۔ تیسری بات، انتخابات، مینڈیٹ، احتجاج اور قانون کی حدود کے بارے میں مشترکہ سیاسی اخلاقیات بنیں۔ چوتھی بات، معیشت، سیکیورٹی اور صوبائی خود مختاری جیسے معاملات پر کم از کم قومی اتفاق رائے پیدا کیا جائے۔ یہ کوئی رومانوی بات نہیں، یہ ریاستی بقا کی عملی شرط ہے۔ دنیا کے سنجیدہ نظام اختلاف کو ختم نہیں کرتے، اختلاف کو ادارہ جاتی بناتے ہیں تاکہ وہ نظام کو تباہ کرنے کے بجائے اسے درست کرتا رہے۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا گورنر راج یا ایمرجنسی خیبر پختونخوا کے مسائل کا حل ہے۔ میرے نزدیک اس سوال کا جواب جذبات سے نہیں، آئینی اور عملی دونوں زاویوں سے دینا چاہیے۔ اگر کسی صوبے میں ایسی غیر معمولی صورت حال پیدا ہو جائے جہاں آئینی مشینری عملی طور پر مفلوج ہو، جان و مال کا تحفظ ریاست کے معمول کے ڈھانچے سے ممکن نہ رہے، اور منتخب نظام عملی طور پر کام کرنا چھوڑ دے، تو آئین کچھ غیر معمولی راستے ضرور فراہم کرتا ہے۔ لیکن آئینی راستہ اور سیاسی مصلحت ایک چیز نہیں ہوتے۔ گورنر راج یا ایمرجنسی کسی صوبے کے زخم پر مستقل مرہم نہیں، زیادہ سے زیادہ ایک عارضی پٹی ہو سکتی ہے، وہ بھی تب جب زخم کی نوعیت واقعی ایسی ہو کہ معمول کا علاج ناکافی ہو۔ اگر اسے سیاسی مخالف کو بے دخل کرنے، صوبائی مینڈیٹ کو کمزور کرنے یا وقتی برتری حاصل کرنے کے لئے استعمال کیا جائے تو اس سے مسئلہ حل نہیں ہوتا، محرومی اور بداعتمادی بڑھتی ہے۔

اس رائے کے مقابل ایک نقطہ نظر یہ بھی ہے کہ جب صوبائی حکومت امن، انتظام اور عوامی خدمات برقرار رکھنے میں ناکام دکھائی دے تو وفاق کو ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر نہیں بیٹھنا چاہیے۔ اس دلیل میں وزن ہے، کیونکہ ریاست کا پہلا فرض شہری کا تحفظ ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا غیر معمولی آئینی اقدام آخری چارہ کار کے طور پر زیر غور ہے یا پہلا سیاسی ہتھیار بن چکا ہے۔ اگر مسئلہ انتظامی نااہلی، کمزور رابطہ کاری، ناقص پولیسنگ، محدود وسائل اور سیاسی کشیدگی کا مجموعہ ہو تو اس کا حل وفاقی قبضہ نہیں بلکہ ادارہ جاتی اصلاح، بین الحکومتی تعاون اور جواب دہی کا تحت نظام ہے۔ کسی منتخب صوبائی ڈھانچے کو ایک جھٹکے میں معطل کر دینا آسان فیصلہ ہو سکتا ہے، درست فیصلہ نہیں۔ خیبر پختونخوا سمیت پورے ملک میں گورننس بہتر کرنے کے لئے حکومت اور اپوزیشن کو چند تلخ مگر ضروری فیصلے کرنے ہوں گے۔ سب سے اہم، سیاسی قیادت خود اپنے کارکنوں اور ووٹروں کو یہ پیغام دے کہ ریاستی اداروں کو میدان جنگ نہ بنایا جائے۔ خیبر پختونخوا کو آج ایسے سیاسی شعور کی ضرورت ہے جو یہ سمجھے کہ صوبائی خودمختاری کا مطلب وفاق سے تصادم نہیں، اور وفاقی ذمہ داری کا مطلب صوبائی مینڈیٹ کو روندنا نہیں۔ دونوں کے درمیان تعاون ہی ریاستی توازن پیدا کرتا ہے۔ خیبر پختونخوا کا مسئلہ صرف یہ نہیں کہ حکومت کس کی ہے، مسئلہ یہ ہے کہ حکمرانی کیسی ہے۔

اگر حکومت سیاسی سنجیدگی دکھائے، اپوزیشن احتجاج کے ساتھ تجویز بھی دے، وفاق صوبے کو سیاسی زاویے سے نہیں بلکہ انتظامی ذمہ داری سے دیکھے، اور صوبائی قیادت عوامی خدمت کو جماعتی برتری پر ترجیح دے، تو بہت سا اندھیرا کم ہو سکتا ہے۔ گورنر راج اور ایمرجنسی ریاست کی الماری میں رکھے وہ سخت اوزار ہیں جنہیں ہر چھوٹے بڑے کام کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ قومیں آئینی شارٹ کٹ سے نہیں، سیاسی بلوغت سے سنبھلتی ہیں۔ سوال اب بھی وہی ہے کہ ہم اقتدار بچانا چاہتے ہیں یا ریاست کو مضبوط کرنا چاہتے ہیں۔ اگر جواب دوسرا ہے تو پھر راستہ بھی دوسرا ہی اختیار کرنا ہوگا۔

دلوں کی الجھنیں بڑھتی رہیں گی

اظہار خیال
عمران یعقوب خان

پی ٹی آئی کے حلقوں میں یہ باتیں لانگ مارچ کی تاریخ سے کئی دن پہلے سے سننے میں آ رہی تھیں کہ تیاری مکمل نہیں ہے اس لیے لانگ مارچ ملتوی کر دینا چاہیے۔ کیا پی ٹی آئی کی انتظامی صلاحیت یہ ہے کہ ڈیڑھ مہینے میں بھی مارچ کو منظم نہ کیا جا سکا؟ اب بھی جبکہ لانگ مارچ ملتوی یا موخر کیا جا چکا ہے تو پارٹی میں سے کسی نے یہ نہیں بتایا کہ مارچ کیوں ملتوی کیا گیا۔ اس سے بھی بڑا سوال یہ ہے کہ اگر حکومت خیبر پختونخوا میں گورنر راج نہیں لگاتی تو کیا چار اکتوبر کو لانگ مارچ کرایا جا سکے گا؟ اب تک کی صورتحال یہ ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی نے چار اکتوبر کو پشاور سے اسلام آباد کی جانب ہر صورت لانگ مارچ شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے پارٹی اراکین اسمبلی اور قائدین کو تیاری کی ہدایت کردی ہے۔

یہ فیصلہ پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی کے پارٹی قیادت کے نام لانگ مارچ کی مخالفت میں لکھے گئے خط کے باوجود کیا گیا ہے۔ اس خط میں انہوں نے پارٹی قیادت کو باور کرایا کہ بیرونی خطرات اور دہشت گردی میں اضافے کے پیش نظر اور ملک کے وسیع تر مفاد میں لانگ مارچ ملتوی کیا جائے۔ انہوں نے لکھا کہ وفاقی حکومت کچھ ایشوز کو بنیاد بنا کر ایمرجنسی نافذ کرنا چاہتی ہے، ریاست سے ٹکراؤ کے بجائے مذاکرات کی راہ ہموار کی جائے، افغانستان سے کوئی ممکنہ حملہ ایمرجنسی کا جواز بن سکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت خیبر پختونخوا حکومت پر تعاون نہ کرنے کا بیانیہ بنا رہی ہے، اس لیے صوبائی حکومت کو ختم کرنے کی کوشش کی جا سکتی ہے، دہشت گردی کو سپورٹ کرنے کا الزام لگا کر پارٹی پر پابندی لگ سکتی ہے۔

ہو گیا ہے یہ دیکھنے کے لیے آپ کو دو دن مزید انتظار کرنا پڑے گا۔ حکومت کے تناظر میں دیکھیں تو امکان اور پی ٹی آئی کے تناظر میں دیکھیں تو خدشہ یہ ہے کہ پی ٹی آئی لانگ مارچ نہیں کر پائے گی، جس کی کئی وجوہ ہیں۔ پہلی وجہ پارٹی قیادت میں انتظامی صلاحیت کا فقدان۔ دوسری عدالت کی جانب سے خیبر پختونخوا حکومت کو لانگ مارچ کے لیے صوبے کے وسائل استعمال کرنے کی ممانعت، ان وسائل کی عدم دستیابی لانگ مارچ کو مشکل بنا سکتی ہے۔ تیسری لانگ مارچ کے دوران دہشت گردی کے خطرات۔ چوتھی لانگ مارچ کی صورت میں وفاقی حکومت کی جانب سے سخت مزاحمت کا خدشہ، حکومت کی جانب سے جس کی تیاریاں بھی کی گئی ہیں۔ وفاقی حکومت کی جانب سے تو تیاریاں ہو رہی ہیں، ساتھ ساتھ خبریں مل رہی ہیں کہ خود پی ٹی آئی کے اندر سے تبدیلی کی ہوائیں چلنا شروع ہو گئی ہیں اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا پارٹی کے اندر سے آنے والی تحریک عدم اعتماد کے تحت بھی تبدیل ہو سکتے ہیں۔

حکمران پارٹیوں کی جانب سے تحریک عدم اعتماد یا گورنر راج کی صورت میں صوبے میں حکمران پارٹی تبدیل ہو جائے گی لیکن پی ٹی آئی کو پارٹی کے اندر سے تحریک عدم اعتماد لانے کا فائدہ یہ ہوگا کہ وزیر اعلیٰ تبدیل ہو جائے گا لیکن صوبے میں پی ٹی آئی کی حکومت بدستور قائم رہے گی۔ ظاہر ہے پی ٹی آئی کے لیے یہی سب سے بہتر راستہ ہو سکتا ہے کیونکہ اگر پی ٹی آئی کی یہ صوبائی حکومت ختم ہو گئی تو پھر اس کی وفاقی حکومت کے ساتھ بارگیننگ پوزیشن کمزور ہو جائے گی۔ پیش گوئیوں میں معروف شیر افضل مروت نے بھی کہا ہے کہ سہیل آفریدی پر تحریک عدم اعتماد کی تلوار لٹک رہی ہے کیونکہ بقول ان کے بانی پی ٹی آئی نے وکیل سلمان صفدر کے ذریعے پیغام دیا تھا کہ اسلام آباد مارچ سہیل آفریدی کی صلاحیت سے زیادہ ہے اس لیے سہیل آفریدی کو وزارت اعلیٰ سے سٹیپ ڈاؤن کرنا چاہیے۔ شیر افضل مروت کے مطابق علی امین گنڈاپور نے سہیل آفریدی کو ناکام بنانے کے لیے پریشر گروپ بنا رکھا ہے اور تقریباً 35 ارکان اسمبلی بغاوت پر اترے ہوئے ہیں اور بانی پی ٹی آئی ان اراکین کے حامی ہیں۔ شیر افضل مروت کا یہ بھی کہنا ہے کہ اگر سہیل آفریدی مارچ نہ کر سکے تو بھی بانی پی ٹی آئی کی جانب سے کوئی معافی نہیں ہے۔ جب کالم اختتام کے آخری مرحلے میں تھا تو وزیر اعظم ہاؤس میں ہونے والے وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کے مشاورتی اجلاس کی خبر آ گئی جس میں خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی لگانے سے متعلق مختلف آپشنز پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں خیبر پختونخوا سمیت ملک بھر میں امن و امان کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے اعلان اور بیک ڈور رابطوں کا جائزہ لیا گیا جبکہ خیبر پختونخوا کی صورتحال کے تناظر میں آرٹیکل 233 اور 234 پر آراء لی گئیں۔ سننے میں آیا کہ آئینی اقدامات کو حتمی شکل دینے کیلئے وزیراعظم اور صدر مملکت کی ملاقات بھی ہو سکتی ہے۔

پچھلے اڑھائی برسوں میں حکومت کی جانب سے پی ٹی آئی سمیت اپوزیشن کو اور اپوزیشن کی جانب سے حکومت کو مذاکرات کی متعدد پیشکشیں کی جا چکی ہیں لیکن حیرت انگیز طور پر فریقین ایک بار بھی بات چیت کے لیے ایک ٹیبل پر نہیں بیٹھے۔ ایک کے پاس ایک بہانہ ہوتا ہے تو دوسرے کے پاس دوسرا۔ میرے خیال میں بہانے بازی کے اس سلسلے کی بندش سے ہی آگے بڑھنے کے در وا ہو سکیں گے۔ حفیظ ہوشیار پوری کی ایک مشہور غزل کے دو اشعار یاد آ رہے ہیں:

محبت کرنے والے کم نہ ہوں گے
تری محفل میں لیکن ہم نہ ہوں گے
دلوں کی الجھنیں بڑھتی رہیں گی
اگر کچھ مشورے باہم نہ ہوں گے

تو میرے خیال میں دلوں بلکہ عوام کے دلوں کی بھی الجھنیں کم اور پھر بتدریج ختم کرنے کا ایک ہی طریقہ ہے کہ باہم مشوروں کا سلسلہ شروع کیا جائے۔ اور صاف دل و دماغ کے ساتھ بیٹھا جائے۔ مسائل کو حل کرنے کے لیے بیٹھا جائے، الجھنیں بڑھانے کی سوچ کے ساتھ نہ بیٹھا جائے۔ اگر ایسا ہو جائے تو لانگ مارچوں کی ضرورت از خود ختم ہو جائے گی اور حکمرانوں کو بھی گورنر راج نافذ کرنے یا ایک چلتی ہوئی صوبائی حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد لانے کی ضرورت پیش نہ آئے گی۔ مجھے حیرت اس بات پر ہے کہ لانگ مارچ کرنے اور اسے روکنے کے بارے میں سوچا جا رہا ہے اور اس کی تیاریاں بھی کی جا رہی ہیں لیکن کوئی بھی بات چیت کیلئے تیار نظر نہیں آتا۔ میں عطاء الحق قاسمی صاحب کی تحریر کردہ پی ٹی وی کی مشہور ڈرامہ سیریز 'شب دیگ' کا انکل کیوں تو نہیں ہوں لیکن پھر بھی یہ سوال پوچھتا ہوں کہ آخر کیوں؟

"تم میرے ٹیکس پر پلتے ہو!"

خورشید
ندیم

"تم میرے ٹیکس پر پلتے ہو۔ تم مجھے کیسے روک سکتے ہو؟"

تکبر میں ڈوبی ہوئی یہ آواز بسا اوقات سنائی دیتی ہے۔ عام طور پر یہ جملہ اس وقت سننے میں آتا ہے جب پولیس والا ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر کسی کو روکتا یا کسی قانون شکن کو لگام دینے کی کوشش کرتا ہے۔ دو دن پہلے جب دھرنے کا شور تھا، میں نے سوشل میڈیا پر ایسی ہی ایک وڈیو دیکھی۔ ایک کار سوار کو ممنوعہ راستے پر آگے بڑھنے سے روکا گیا۔ اس کا تکبر شرف انسانیت کو کھا گیا اور اس کی زبان پاکستان کے خلاف دراز ہونے لگی۔ پولیس والے کا حوصلہ قابل داد تھا۔ ان صاحب کا معاون ہمہ بھی اس وڈیو کا حصہ تھا۔ اس کا یہ جملہ میرے ذہن سے چپک گیا۔ "تم میرے ٹیکس پر پلتے ہو۔ تم مجھے کیسے روک سکتے ہو؟" اس جملے نے اُس جیسے بہت سے کردار یاد دلا دیے۔ پولیس والے نے جواب میں ایک جملہ کہا اور کوزے میں دریا بند کر دیا۔ جب اس نے ٹیکس ٹیکس کی رٹ لگائی تو پولیس والے نے کہا: "ٹیکس دیتے ہو تو کماتے بھی یہیں سے ہو"۔ یہ جملہ ان متکبرین کے لیے کسی تازیانے سے کم نہیں۔ یہ لوگ ٹیکس کا ذکر ایسے کرتے ہیں جیسے ایک حاجت مند کو خیرات دے رہے ہوں۔ یہ طبقہ اس بات کو نظر انداز کرتا ہے کہ ملک انہیں وہ ماحول فراہم کرتا ہے جہاں سے وہ کروڑوں کماتے ہیں۔ عالیشان گھروں میں رہتے ہیں۔ بڑی بڑی گاڑیوں میں گھومتے اور باہر کے ملکوں میں جائیدادوں کے مالک ہیں۔ لاکھوں ٹیکس دینے کا مطلب یہ ہے کہ آپ اس سے کہیں زیادہ کما رہے ہیں اور اس کے لیے ملک کے وسائل کو استعمال کر رہے ہیں۔ یہ اس معاملے کا ایک پہلو ہے۔ اس سے تلخ تر پہلو دوسرا ہے۔

ٹیکس دینے کا واویلا سب سے زیادہ اس طبقے کی طرف سے کیا جاتا ہے جس کی شہرت یہ ہے کہ وہ ٹیکس چور ہے۔ پاکستان میں ہر سال اربوں روپے کا ٹیکس چوری کیا جاتا ہے۔ یہ کام وہی کر سکتا ہے جو اربوں کماتا ہے۔ یہ دو طبقات ہیں۔ ایک تاجر اور دوسرے جاگیردار۔ جاگیردار تو بالکل ٹیکس نہیں دیتا اور صنعتکار و تاجر پر الزام ہے کہ وہ سب سے زیادہ ٹیکس چوری کے مرتکب ہوتے ہیں۔ حکومت انہیں بجلی گیس سستے داموں فراہم کرتی ہے۔ ان پر جو ٹیکس عائد ہوتا ہے وہ اس کا بڑا حصہ صارف کو منتقل کر دیتے ہیں۔ ان کے کاروبار دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کر رہے ہیں۔ اگر یہ کما نہیں رہے تو ان کی جائیدادوں میں اضافہ کیسے ہو رہا ہے؟ یہ شاہانہ انداز زندگی کو کیسے برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ یہ طبقہ جسے طعنہ دے رہا ہے کہ "تم ہمارے ٹیکس پر پلتے ہو" یہ ملازم طبقہ ہے اور پاکستان میں اگر کوئی سب سے زیادہ دیانتداری سے ٹیکس دے رہا ہے تو وہ یہی سرکاری ملازم ہے۔ اسے جو تنخواہ ملتی ہے اس میں سے ٹیکس منہا کر لیا جاتا ہے۔ یہ بات غلط نہیں کہ یہ طبقہ سو فیصد ٹیکس دیتا ہے۔ اس طبقے کے ایک نمائندہ پولیس والے کو ٹیکس چوری کی شہرت رکھنے والے طبقے کا کوئی فرد ٹیکس کے حوالے سے تضحیک کا نشانہ بنائے تو اسے خواجہ آصف کا معروف جملہ ضرور یاد دلانا چاہیے۔ اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ کرپشن میں بیوروکریسی کا پہلا نمبر ہے۔ عرف عام میں جسے کرپشن کہتے ہیں وہ ٹیکس چوری سے مختلف عمل ہے۔ سرکاری افسر اگر اپنے منصب سے ناجائز فائدہ اٹھاتا ہے، وہ رشوت لیتا یا سرکاری وسائل کا ناجائز استعمال کرتا ہے تو یہ کرپشن ہے۔ تاہم یہ کرپشن زیادہ تر اونچی سطح پر ہوتی ہے۔ نچلی سطح پر تو اس کا ناقابل ذکر حصہ ہی پہنچتا ہے۔ جس پولیس والے یا عام سرکاری ملازم کو یہ طعنہ سننا پڑتا ہے اس کا حصہ تو بہت کم ہے۔ کرپشن مگر ایک مختلف موضوع ہے۔ میں اپنی بات کو ٹیکس چوری تک محدود رکھنا چاہتا ہوں، جس کا سب سے زیادہ ارتکاب تاجر طبقے کی طرف سے ہوتا ہے۔

ٹیکس کے موجودہ نظام کا دفاع نہیں کیا جا سکتا۔ اس نظام میں پائے جانے والے خلا ہیں جو ٹیکس چوری کا دروازہ کھولتے ہیں۔ اس ظالمانہ نظام کے شکار مگر صرف تاجر نہیں ہیں۔ وہ ملازم پیشہ لوگ بھی ہیں جو بار بار ٹیکس دیتے ہیں۔ پہلی بار اپنی تنخواہ پر۔ پھر بازار سے خریداری کرتے ہیں تو مزید ٹیکس دیتے ہیں۔ بجلی پانی پر ٹیکس دیتے ہیں۔ ٹیکس کا یہ نظام زندگی کے ہر طبقے کو اپنی گرفت میں لیے ہوئے ہے۔ اس میں صنعتکار، تاجر اور ملازمت پیشہ طبقہ سب شامل ہیں۔ اس لیے ٹیکس کے اس نظام کا کسی طرح دفاع نہیں کیا جا سکتا۔ تاہم ٹیکس کا یہ نظام بھی میرا موضوع نہیں۔ میں تو اس متکبرانہ مزاج کی بات کر رہا ہوں جو اس جملے سے جھلک رہا ہے کہ "تم ہمارے ٹیکسوں پر پلتے ہو"۔

کسی سرکاری دفتر میں بیٹھا کلرک ہو یا چوک میں کھڑا ٹریفک پولیس کا اہلکار، یہ سب قانون اور ضابطے کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ حکومت اگر انہیں تنخواہ دیتی ہے تو بدلے میں یہ اپنا وقت، ہنر اور صلاحیتیں دیتے ہیں۔ پھر یہ کہ قانون عام آدمی کی بھلائی کیلئے بنائے جاتے ہیں۔ اگر یہ اس کی پابندی کا مطالبہ کرتے ہیں تو دراصل عوام کی مدد کر رہے ہوتے ہیں۔ یہ اگر موٹر سائیکل سوار کو ہیلمٹ پہننے پر اصرار کرتے ہیں تو مقصود اس کی جان کو بچانا ہے۔ یہ اگر سڑک بند کرتے ہیں تو ریاست کے قانون کے تحت کرتے ہیں۔ ان پر رعب جھاڑنے کا کوئی جواز نہیں۔ ان کا تو شکر گزار ہونا چاہیے۔ اس میں شبہ نہیں کہ ان میں سے بعض عام آدمی کو غیر ضروری طور پر تنگ کرتے ہیں۔ لیکن اکثریت صرف اپنی سرکاری ذمہ داری نبھا رہی ہوتی ہے۔ ان کے ساتھ اس رویے کا کوئی جواز نہیں جو مذکورہ وڈیو میں روا رکھا گیا۔ یہ سراسر تکبر ہے۔

اپنی کوتاہیوں کے باوصف ریاست اور حکومت ان لوگوں کو بہت کچھ دے رہی ہے۔ جس سپاہی کو طعنہ دیا جاتا ہے وہ نہ ہو تو لوگوں کی عزت محفوظ رہے نہ جان اور نہ مال۔ ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ حکومتی نظام کی کوتاہیوں کا ازالہ ہو۔ ریاست اور حکومت سے شکایت کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں مگر یہ ٹیکس دینے کی بات تو کم ظرفی کی علامت ہے۔ یہ ٹیکس آپ اس رقم میں سے دیتے ہیں جس کو کمانے کیلئے ریاست آپ کو سازگار ماحول فراہم کرتی ہے۔ اس پر تو ریاست اور ملک کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ یہ ناشکرا پن ہے کہ آپ کی دولت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور آپ مسلسل ملک کو گالی بھی دے رہے ہیں۔ ناشکری پست اخلاق کا اظہار ہے۔ آپ کو پولیس والے کا شکر گزار ہونا چاہیے جو ریاست کی نمائندگی کرتے ہوئے آپ کی جان و مال کی حفاظت کرتا ہے۔ مجھے ریاست سے بہت سی شکایات ہو سکتی ہیں مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ میں ریاست کے وجود ہی کو بے معنی ثابت کرنے لگوں اور یہ تاثر دوں کہ جیسے میں ٹیکس دے کر ملک پر کوئی احسان کر رہا ہوں۔ میں اس کا حامی ہوں کہ ریاست عوام کے لیے ہوتی ہے نہ کہ عوام ریاست کے لیے۔ تاہم ٹیکس دینا اور ریاست کے قوانین پر عمل کرنا عوام کی ذمہ داری ہے۔ ذمہ داری کی ادائیگی کوئی احسان نہیں ہوتا۔

قلعہ عبداللہ : 4 بی ایچ یوز میں ٹیلی ہیلتھ سہولت فعال

دور دراز علاقوں کے عوام کو ماہر ڈاکٹروں سے آن لائن مشاورت میسر ہوگی

پی پی ایچ آئی نے مزید سات مراکز صحت میں ٹیلی ہیلتھ کا منصوبہ شروع کردیا

عبدالرحمن زئی (نامہ نگار) پی پی ایچ آئی (PPHI) ضلع قلعہ عبداللہ کے بی ایچ یوز نادر عبدالرحمن زئی، بی ایچ یو شہید ظہور، بی ایچ یو لاجور، بی ایچ یو کوگ کا کوزئی جار بی ایچ یوز میں ٹیلی ہیلتھ سسٹم فعال، عوام کو جدید طبی سہولیات کی فراہمی کا آغاز۔ ضلع قلعہ عبداللہ کے دور افتادہ علاقے بی ایچ یو نادر عبدالرحمن زئی سمیت 02 اکتوبر 2026 کو جدید ٹیلی ہیلتھ سسٹم کامیابی کے ساتھ نصب اور فعال کردیا گیا، جس کے بعد علاقے کے عوام کو ماہر ڈاکٹروں سے آن لائن مشاورت اور بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کا آغاز ہوگیا ہے۔ اس موقع پر قبائلی و سماجی رہنما میر امان اللہ خان کاکڑ نے کہا کہ بی ایچ یو نادر عبدالرحمن زئی میں ٹیلی ہیلتھ سسٹم کا قیام علاقے کے عوام کے لیے ایک خوش آئند اور تاریخی پیش رفت ہے۔ انہوں نے پی پی ایچ آئی قلعہ عبداللہ کے ڈسٹرکٹ منیجر ضیاء الرحمن کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ضلع قلعہ عبداللہ جیسے پسماندہ علاقے میں صحت کی سہولیات کی بہتری کے لیے قابل قدر کردار ادا کیا ہے۔ ان کی محنت، لگن اور عوام دوست پالیسیوں کے باعث یہ منصوبہ مختصر وقت میں مکمل ہوا اور عوام اس سے مستفید ہونا شروع ہوگئے ہیں۔ میر امان اللہ خان کاکڑ نے مزید کہا کہ بی ایچ یو نادر عبدالرحمن زئی میں ٹیلی ہیلتھ سسٹم کے فعال ہونے سے علاقے کے عوام کو علاج معالجے کے لیے دور دراز شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا۔ اب مقامی افراد، خصوصاً خواتین، اپنے ہی گاؤں کے بنیادی مرکز صحت میں جدید طبی سہولیات سے استفادہ کرسکیں گے۔

خضدار: لالا شعیب زہری نے مقامی موبائل دکان کا افتتاح کردیا

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار شہر کی کاروباری رونقوں اور معاشی ترقی میں ایک اور روشن باب کا اضافہ ہوگیا ہے شہر کے قلب ارباب کمپلیکس بالا ہوٹل کے سامنے اور مریم مسجد کے عقب میں انتہائی پرکشش اور بہترین لوکیشن پر جدید طرز سے آراستہ لالا موبائل شاپ کا شاندار افتتاح کردیا گیا لالا موبائل شاپ کے اونر نوجوان کاروباری شخصیت لالا شعیب زہری اور بابا جاموٹ نے اپنے دست مبارک سے فیتہ کاٹ کر باقاعدہ طور پر کاروبار کا آغاز کیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ان کا مقصد خضدار کے عوام کو موبائل فون کی دنیا میں ایک نیا معیاری اور قابل اعتماد نام دینا ہے تفصیلات کے مطابق لالا شعیب زہری نے موبائل کے کاروبار کو خضدار میں ایک نئے انداز، ذوق اور جدید سہولیات کے ساتھ متعارف کروایا یہ شاپ نہ صرف اپنی خوبصورتی اور ڈیکوریشن میں اپنی مثال آپ ہے بلکہ یہاں عوام کو دنیا کی بہترین کمپنیوں کے موبائل فونز اصلی ایسیسریز اور معیاری سروس ایک ہی چھت تلے میسر ہوگی واضح رہے کہ لالا موبائل شاپ کے اونرز نے اس سے قبل بھی شہر کے مختلف مقامات پر کامیاب کاروباری مراکز قائم کرکے خضدار کی ترقی و ترویج میں کلیدی کردار ادا کیا ہے اور اب ارباب کمپلیکس میں یہ نیا برانچ کھول کر شہر کو ایک فروغ پذیر کاروباری حب بنانے کی جانب اہم قدم اٹھایا یہ افتتاحی تقریب ایک پروقار تقریب کی شکل اختیار کرگئی

ڈیرہ مراد جمالی: متاثرہ اسکولوں میں سہولیات کی فراہمی جاری

پی ایم یو، محکمہ تعلیم اور تعمیر خلق فاؤنڈیشن کا مختلف اسکولوں پر خصوصی توجہ

فرنیچر اور ضروری سامان کی فراہمی سے طلبہ و اساتذہ کو مشکلات میں کمی

چھتر (نامہ نگار) پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اور تعمیر خلق فاؤنڈیشن کے اشتراک سے شیلٹر لیس اور متاثرہ اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے اسی سلسلے میں ڈیرہ مراد جمالی کے مختلف اسکولوں میں ضروری سامان فراہم کیا گیا جن میں گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول ریحان خان مری، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول نظام دین کھوسہ، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول رحیم کھوسہ، گورنمنٹ گرلز مڈل اینڈ ہائی اسکول اریگیشن کالونی، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول سومر کھوسہ اور گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول امیر بخش رند شامل ہیں۔ فراہم کیے گئے سامان کی تقسیم ڈی ڈی او ڈیرہ مراد جمالی مقبول عمرانی، ڈی ڈی او چھتر جاوید شریف عمرانی، ڈی او ای نظر محمد سومرو اور ڈی ڈی او فی میل ڈیرہ مراد جمالی میڈم خانزادی بلوچ نے کی، جبکہ اس موقع پر تعمیر خلق فاؤنڈیشن (TKF) کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر محمد ایوب بلیدی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر تعمیر خلق فاؤنڈیشن (TKF) کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر محمد ایوب بلیدی نے کہا کہ پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ (PMU)، اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اور تعمیر خلق فاؤنڈیشن (TKF) کی جانب سے شیلٹر لیس، متاثرہ اور بنیادی سہولیات سے محروم اسکولوں کی نشاندہی کرکے وہاں ضروری سامان اور سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، تاکہ طلباء و طالبات کو بہتر اور سازگار تعلیمی ماحول میسر آسکے۔ انہوں نے کہا کہ جن اسکولوں میں شیلٹر کی عدم دستیابی، فرنیچر کی کمی اور دیگر بنیادی سہولیات کے فقدان کے باعث بچوں کو مشکلات کا سامنا تھا

شوہر کے قتل میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ، بیوہ کا الزام

جائیداد کے تنازع پر شوہر کو قتل کرنے کی دھمکیاں ملتی رہیں، بیوہ کا دعویٰ

ملزمان مجھے اور بچوں کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں، شازیہ بی بی

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے رہائشی میر نوریز خان عمرانی کی بیوہ شازیہ بی بی نے کہا ہے کہ میرے شوہر کے قتل میں ملوث ملزمان مجھے اور میرے بچوں کو مارنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں پولیس ملزمان کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دیکر ہمیں انصاف فراہم کریں یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اپنی والدہ کے ہمراہ قرآن پاک اٹھا کر اپنے بیان میں الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ میری والدہ کی سوتیلی بہنیں جو جائیداد حاصل کرنے کے لئے دھمکیاں دیتی رہیں جن کے ثبوت میرے پاس موجود ہیں جس پر ہم نے بابا کوٹ تھانے میں رپورٹ بھی درج کرائی تھی اس کے باوجود میرے شوہر کو قتل کردیا گیا اب مجھے اور میرے بچوں کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں جس کی وجہ سے میں نے اپنے بچوں کو اسکول سے بھی نکال دیا شازیہ بی بی نے اپنے ویڈیو پیغام میں قاتلوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آخر میرے شوہر کا کیا قصور تھا کیونکہ مجھے بیوہ اور بچوں کو یتیم کیا گیا انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سمیت اعلیٰ حکام سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ مجھے اور میرے بچوں کے تحفظ کے لئے اقدامات کرتے ہوئے شوہر کے قتل میں ملوث تمام ملزمان کو گرفتار کرکے مجھے انصاف دیا جائے شوہر کے قاتلوں سے ہمیں جان کا خطرہ ہے۔

ڈیرہ مراد جمالی، شازیہ بی بی بیوہ میر نوریز خان عمرانی پریس کانفرنس کررہی ہیں

اوستہ محمد: ایس پی جعل مگسی رحمت اللہ درانی کی عمرانی ہاؤس آمد

نصیر آباد (اے این این) ایس پی جعل مگسی رحمت اللہ درانی کی عمرانی ہاؤس اوستہ محمد آمد، جہاں انہوں نے سابق ڈی ایس پی (ر) میر عبدالصمد عمرانی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ایس پی رحمت اللہ درانی نے میر ...

گوادر میں پروقار ادبی دیوان۔ فکر انگیز گفتگو!

رپورٹ سلیمان ہاشم

گوادر ایجوکیشنل اینڈ انوائرمنٹل ویلفیئر سوسائٹی (جیوز) کے زیر اہتمام یکم اکتوبر 2026ء کی شام جیوز کے دفتر میں ایک پروقار اور پرتاثیر ادبی دیوان کا انعقاد کیا گیا، جس میں گوادر کے نوجوانوں، ادیبوں اور شاعروں نے بڑی تعداد میں شرکت کرکے محفل کو چار چاند لگا دیے۔ اس خوبصورت نشست کو تین اہم حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا پہلی نشست نثری نشست پروگرام کے پہلے حصے کا آغاز نثری نشست سے ہوا۔ اس نشست میں طاہر تاج نے سید ظہور شاہ ہاشمی کی شخصیت، فکر اور زبان و ادب کے حوالے سے مختلف ممتاز مصنفین اور شعراء کی تحریریں پیش کیں۔ گفتگو کے دوران اس بات پر زور دیا گیا کہ بلوچی زبان کی وسعت اور اس کی فصیح و بلیغ ساخت کا تقاضا ہے کہ ناگزیر صورت حال میں صرف فارسی کے الفاظ ہی استعمال کیے جاسکتے ہیں تاکہ زبان کی اصلیت اور نکھار برقرار رہے۔ دوسری نشست شعر و شاعری اور مشاعرہ دوسری نشست ایک پرجوش اور رنگا رنگ مشاعرے پر مشتمل تھی، جس میں ساحلی شہر کے معروف اور نوجوان شعراء نے اپنے فکر انگیز اور دلکش کلام سے سامعین کو محظوظ کیا ان میں سیف قیس، احمد دلمراد اور خلیل حسرت نے بلوچی کے ساتھ ساتھ اردو میں بھی اپنے منفرد اشعار پیش کیے۔ اس کے علاوہ عبداللہ خیال، صدام الطاف، زمین الطاف، عارف ازل، رزاق حسین، وسیم وارث، اسلم جھنوراییل، اور صفی معصوم نے اپنے بہترین بلوچی اور اردو کلام سے دیوان میں رنگ بھرے۔ شرکاء نے شعراء کے عمدہ خیالات اور خوبصورت تراکیب پر دل کھول کر داد دی اور تالیوں کی گونج میں محفل کا جوش و خروش دیدنی رہا۔ تیسری نشست کی بات کریں تو مہمان خاص کا خطاب اور اختتامی کلمات تقریب کے تیسرے اور آخری حصے میں دیوان کے مہمان خاص، معروف نوجوان شاعر واھگ وواد نے شرکاء سے فکر انگیز خطاب کیا اور اپنا ایک خوبصورت بلوچی شعر پیش کرکے داد حاصل کی۔ گوادر ایجوکیشنل اینڈ انوائرمنٹل ویلفیئر سوسائٹی کے آرگنائزر کے بی فراق نے تقریب کے آخر میں تمام آمدہ مہمانوں اور نوجوانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے جیوز کے ادبی و علمی تحریک پر روشنی ڈالی۔ اس پورے ادبی دیوان میں نظامت کے فرائض عارف نور نے خوش اسلوبی اور بہترین انداز میں ادا کیے۔ یہ شام گوادر کے نوجوانوں کے علمی و ادبی شوق اور زبان و ادب سے ان کی گہری وابستگی کا ایک شاندار مظاہرہ ثابت ہوئی

اوستہ محمد: دو پولیس اہلکار بھی ڈاکوؤں کے ہاتھوں لٹ گئے

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد پولیس تھانہ کے حدود موج واہ کے مقام پر نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے دو پولیس اہلکاروں احسان علی اور سرور سے سی ڈی موٹر سائیکل، نقد رقم، موبائل فون اور دو عدد واسے ٹی ایم ...

اوستہ محمد: پیرامیڈیکس کی تنخواہوں میں کٹوتی کی مذمت کرتے ہیں، عبدالستار جمالی

اوستہ محمد کے عوام کا سیکورٹی اداروں سے یکجہتی کا اظہار

قومی سلامتی، امن اور استحکام کیلئے عوام کا اداروں کے ساتھ تعاون ناگزیر ہے

خضدار: نئے الیکشن پی ایچ ای سے عوام کی امیدیں وابستہ

نئے ایکسین سے پانی کے دیرینہ مسائل کے مستقل حل کی توقع، نیاز احمد

بیٹوں کو تعلیم، عزت، محبت اور اعتماد دینے سے بہتر معاشرہ تشکیل پاتا ہے، اقرار علی

تپ: اسپتال کی ماہ سے خراب ایمبولینس دوبارہ فعال

صوبائی وزیر کا ننھے گلوکار باقر اومان کیلئے خصوصی تعلیمی اعلان

باقر اومان کو جی ڈی اے اسکول میں اسکالرشپ پر مفت تعلیم فراہم ہوگی

میر ظہور بلیدی نے ڈی جی جی ڈی اے کو خصوصی ہدایات جاری کردیں

اوستہ محمد: ایم پی اے میر سلیم کھوسہ کے بھائی میر حاجی محمد جان کھوسہ کے گھر پر ...

نوٹس غیر حاضری

(از دفتر کمانڈنٹ سی ایم ایچ، کوئٹہ)

بعدالت سینئر سول جج 3 کوئٹہ

63836

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ III / سول جج صاحب پشین

DGPR

خضدار: ہیڈ ماسٹر محمد یوسف رند کی تیس سالہ خدمات مکمل

گورنمنٹ بوائز ہائی سیکنڈری اسکول کرخ میں محمد یوسف رند کے اعزاز میں تقریب

خضدار: موٹر سائیکل چوری کی بڑھتی وارداتوں پر نیشنل پارٹی کا اظہار تشویش

شمس الدین کی چار دن میں دو موٹر سائیکلیں چوری، برآمدگی کا مطالبہ

پولیس گشت مؤثر بنانے اور داخلی راستوں پر ناکہ بندی کا مطالبہ کردیا

اوستہ محمد: ڈکیتی کا مبینہ ملزم پولیس کے ہاتھوں گرفتار

ملزم سے مسروقہ رقم، موبائل فون اور پسٹل برآمد کرلیا، مزید تفتیش جاری

گنداواہ: نیشنل بینک صارفین بنیادی اے ٹی ایم سہولت سے محروم

شہریوں، سرکاری ملازمین اور پنشنرز کو رقم نکالنے میں شدید مشکلات کا سامنا

عوام نے اعلیٰ حکام سے برانچ میں فعال اے ٹی ایم نصب کرنے کا مطالبہ کردیا

PAKISTAN INSTITUTE OF FASHION AND DESIGN
LAHORE - PAKISTAN
Chartered by The Government of Pakistan
Govt. of Pakistan

VACANCY ANNOUNCEMENT

Applications for the following vacancies are invited on prescribed form, which can be down-loaded from **www.pifd.edu.pk** and accompanied by original deposit slip showing Online Deposit (Habib Bank Limited, Islamic Bank, Expo Center Branch, Lahore Account No. 5039-70002688-51)/Pay Order/Demand Draft for Sr. No. 1 of Rs. 2000, for Sr. No. 2,3,4,5,6,8,9,10,11,12,13,24,25 of Rs. 1500, for Sr. No. 7,14,15,16,17,18,19,20,21,26,27 of Rs. 1000, for Sr. No. 22 of Rs. 500 in favor of Pakistan Institute of Fashion and Design as Application Processing Fee (Non-Refundable). No processing fee required for Sr. No. 23. **Detail of required Minimum Qualification, Experience and Number of Publications (if required) is available at www.pifd.edu.pk**

Sr. No.	Post	Field/Subject	No. of Posts
	TEACHING POSITIONS		
	SCHOOL OF GRADUATE STUDIES		
1.	**Associate Professor** (Equivalent to BPS-20)	PhD in Design/Master in Design (M.Des), Art and Design	1 Open Merit 1 KPK 1 Sindh
2.	**Assistant Professor** (Equivalent to BPS-19)		2 Open Merit 1 Balochistan 1 Sindh
3.	**Lecturer** (Equivalent to BPS-18)		2 Open Merit 1 Balochistan 1 Sindh
	FOR UNDERGRADUATE PROGRAMS		
4.	**Assistant Professor** (Equivalent to BPS-19)	Furniture Design & Manufacture, Fashion Marketing and Merchandising, Textile Design, Fashion Design.	6 Open Merit 2 Balochistan 2 Sindh
5.	**Lecturer** (Equivalent to BPS-18)	Interior Design, Fashion Marketing and Merchandising, Fashion Design (Bachelor of Fashion Design and Bachelor of Textile Design), Textile Design, Leather Accessories and Footwear Department (Bachelors of Leather Accessories and Footwear & Bachelors of Fashion Design), Visual Arts (Digital Media: Digital Painting & Illustration, 3D Modeling & Animation, Interactive & Immersive Media and Painting, Drawing, Printmaking, Sculpture, Decorative arts and Installation), Foundation Year Studies (Bachelor of Design).	18 Open Merit 5 Balochistan 5 Sindh
6.	**Teaching Associate** (Equivalent to BPS-17)	Gems and Jewelry Design Department, Fashion Marketing and Merchandising Fashion Design, (Bachelor of Fashion Design and Bachelor of Textile Design), Leather Accessories and Footwear Department (Bachelors of Leather Accessories and Footwear & Bachelors of Fashion Design).	9 Open Merit 4 Balochistan 4 Sindh 2 KPK
7.	**Post: VISITING FACULTY** **Department/Field:** • Art and Design Education • Master of Science in Design Management • Fashion Design and Production • Fashion Marketing and Communication • Textile Design and Production • Furniture Design and Manufacture • Leather Apparel and Accessories Design • Fine/Creative and Visual Arts • Ceramic and Glass Design • Italian Language • Master of Design • Fashion Design • Fashion Marketing and Merchandising • Textile Design • Jewellery Design and Gemological Sciences • Leather Accessories and Footwear, Leather Technology **Nature of Post:** For Two Semesters **Minimum Qualification:** As Per PIFD Faculty Appointment Criteria (available at www.pifd.edu.pk)		
	NON-TEACHING POSITIONS		
8.	**Course Coordinator** (Equivalent to BPS-19/20)	• Fine/Creative and Visual Arts • Foundation Year Studies • Textile Design	One For Each (Open Merit)
9.	**Director Internationalization**		1 Open Merit
10.	**Deputy Course Coordinator** (Equivalent to BPS-18)	• Fine/Creative and Visual Arts • Foundation Year Studies • Fashion Design • Leather Accessories and Footwear Design • Textile Design	One For Each (KPK, Balochistan, AJ&K, Sindh)
11.	**Deputy Treasurer** (Equivalent to BPS-18)		1 Open Merit
12.	**Budget and Finance Officer** (Equivalent to BPS-18)		1 Open Merit
13.	**Deputy Director Quality Enhancement Cell** (Equivalent to BPS-18)		1 Open Merit
14.	**Security Officer**		1 Open Merit
15.	**Assistant** (Equivalent to BPS-15)		1 Balochistan 1 Sindh
16.	**Assistant** (Purchase/Procurement) (Equivalent to BPS-15)		1 FATA
17.	**Library Assistant** (Equivalent to BPS-15)		1 FATA
18.	**Junior Clerk** (Equivalent to BPS-11)		3 Open Merit
19.	**Lab. Technician** (Computer)		1 Balochistan 1 Sindh
20.	**Handcraft Technical Assistant**		1 Open Merit
21.	**Leather Garment and Apparel Technician**		1 Open Merit
22.	**Security Guard**		1 Open Merit 1 Gilgit Baltistan
23.	**Library Attendant**		1 Open Merit
	PIFD ISLAMABAD CAMPUS/CENTRE		
24.	**Assistant Professor**	Fashion Design	1 Open Merit
25.	**Lecturer**		1 Open Merit, 1 KPK
26.	**Junior Clerk**		1 Open Merit
	PIFD KARACHI CAMPUS/CENTRE		
27.	**VISITING FACULTY**	TEXTILE DESIGN, FASHION DESIGN	

Application Form with complete CV and bank deposit slip with attested copies of educational and experience documents, must reach the undersigned till **26th October, 2026**. Applications received after due date and incomplete will not be entertained.

- All appointments shall be made in accordance with the prescribed quotas, including provincial, regional, disabled persons, minorities, and gender quotas. In case a suitable candidate is not available under any quota, the respective positions shall be filled on open merit.
- Candidates already in Government Service should apply through proper channel and submit NOC along with their documents.
- Only short listed candidates will be called for test/interview.
- Canvassing will disqualify an applicant.
- No TA/DA will be paid for test/interview.
- PIFD reserves the right to fill or not fill any of the above mentioned post and accept or reject any application without assigning any reason.

Registrar
PIFD, 51-J/3, Johar Town, Lahore. | Ph: 042-99232951-57

PID(L)875/26

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆... ہورڈنگ اور متعلقہ افراد والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆... 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" کو مسودہ والا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جانے کو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆... غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆... اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا قومی شناختی کارڈ بنام مہتاب گل ولد محمد گل مجھ سے کہیں گم ہوگیا ہے۔ جس کو بھی ملے برائے مہربانی فرما کر مسلم باغ پریس کلب پہنچا دے
نمائندہ مسلم باغ ....

اطلاع عام

پلاٹ نمبر C-763 رقبہ 200 گز واقع شالکوٹ ہاؤسنگ اسکیم جو کہ اس وقت حبیب اللہ ولد نور محمد کے نام پر ہے جسکا ٹرانسفر حبیب اللہ ولد رحمت اللہ کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں محکمہ کیو ڈی اے سے 7 یوم کے اندر اندر رابطہ کرے
چلتن ADVT ....

اطلاع عام

پلاٹ نمبر D-33 رقبہ 120 گز واقع زرغون ہاؤسنگ اسکیم جو کہ اس وقت شیراز احمد ولد امیر حمزہ کے نام پر ہے جسکا ٹرانسفر عبدالوہاب ولد عبدالغفار کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں محکمہ کیو ڈی اے سے 7 یوم کے اندر اندر رابطہ کرے
چلتن ADVT ....

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 5540149896289 بنام کفایت اللہ ولد عیسیٰ خان سکنہ تحصیل و ضلع زیارت کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر قریبی لیٹر بکس میں ڈال دیں
JKT سٹاف ....

ایشین گیمز فائنل: بھارت نے پاکستان کو 19 رنز سے شکست دیدی

بھارت نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں چھ وکٹوں کے نقصان پر 211 رنز بنائے، گرین شرٹس 192 کا ہندسہ عبور نہ کرسکی

بھارت کی جانب سے دو کھلاڑیوں نے نصف سنچری سکور کیا، پاکستانی ٹیم کو حق نواز کے شاندار 96 رنز بھی فتح نہ دلاسکے، صائم ایوب نے 29 رنز بنائے ایک وکٹ لی

ٹوکیو (آن لائن) جاپان میں جاری ایشین گیمز مینز کرکٹ کے فائنل میں بھارت نے پاکستان کو 19 رنز سے شکست دے کر گولڈ میڈل اپنے نام کرلیا۔ بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 211 رنز بنائے، جس کے جواب میں پاکستان کی ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 192 رنز بنا سکی۔ پاکستان کی جانب سے حق نواز نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 51 گیندوں پر 96 رنز کی اننگز کھیلی، تاہم ان کی بھرپور مزاحمت بھی پاکستان کو ہدف تک نہ پہنچا سکی۔ صائم ایوب نے 29 رنز بنائے۔ بھارت کی جانب سے ابھیشیک شرما نے 28 گیندوں پر 61 رنز بنائے جبکہ تلک ورما نے 22 گیندوں پر ناقابل شکست 51 رنز کی اننگز کھیلی۔ شیوم دوبے نے 15 گیندوں پر 27 رنز بنا کر بھارت کو 211 رنز تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ بھارت نے پاکستان کے خلاف 20 اوورز مکمل ہونے پر 211 رنز بنائے جبکہ اس کے 6 کھلاڑی آؤٹ ہوئے۔ واشنگٹن سندر 15، سنجو سیمسن 2، ابھیشیک شرما 61، ایشان کشن 20، شریاس آئر 21 اور شیوم دوبے 27 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ پاکستان کی جانب سے صائم ایوب نے ایک، احمد دانیال نے 2، ابرار احمد نے ایک اور عرفات منہاس نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔ پاکستانی ٹیم کی قیادت صاحبزادہ فرحان کر رہے ہیں جبکہ عبدالصمد نائب کپتان ہیں۔ پاکستان کے دیگر کھلاڑیوں میں ابرار احمد، احمد دانیال، عاکف جاوید، علی رضا، عرفات منہاس، حیدر علی، حسن نواز، معاذ صداقت، محمد وسیم، سعد مسعود، صائم ایوب، سفیان مقیم اور عثمان خان شامل ہیں۔ بھارتی ٹیم کی قیادت شریاس آئر کر رہے ہیں جبکہ تلک ورما نائب کپتان ہیں۔ بھارتی اسکواڈ میں ابھیشیک شرما، ارشدیپ سنگھ، جسپریت بمراہ، شیوم دوبے، ایشان کشن، روہراج قلم، اکشر پٹیل، روی بشنوئی، سنجو سیمسن، واشنگٹن سندر، واشنگٹن سندر اور نتیش کمار شامل ہیں۔

پاکستان ہاکی ٹیم نے کوریا کو 5-3 سے ہرا کر برانز میڈل جیت لیا

امید ہے ٹیم اسی طرح بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرتی رہے گی محی الدین وانی

آئیچی ناگویا / گلو (این این آئی) 20 ویں ایشین گیمز 2026 کے مردوں کے ہاکی ٹورنامنٹ میں پاکستان نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جنوبی کوریا کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 5-3 سے شکست دے کر برانز میڈل (کانسی کا تمغہ) اپنے نام کرلیا ہے۔ گلو پریفیکچرل گرین اسٹیڈیم میں کھیلے گئے اس برانز میڈل میچ میں پاکستان ہاکی ٹیم نے آغاز سے ہی جارحانہ کھیل پیش کیا۔ میچ کے چوتھے منٹ میں سفیان خان نے پینلٹی کارنر کے ذریعے گول کر کے پاکستان کو برتری دلا دی۔ اس کے بعد عبدالرحمان نے 30 ویں منٹ (پینلٹی کارنر)، رانا وحید نے 52 ویں اور 54 ویں منٹ (پینلٹی کارنر) اور حنان شاہد نے 59 ویں منٹ میں شاندار گول کر کے ٹیم کی فتح یقینی بنائی۔ جنوبی کوریا کی جانب سے لی کانگسن (12 واں منٹ)، کم یونگ یوک (18 واں منٹ) اور یانگ جنسن (25 واں منٹ۔ پینلٹی کارنر) نے گول اسکور کیے۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین احمد وانی نے اس شاندار کامیابی پر قومی ہاکی ٹیم، کھلاڑیوں اور آفیشلز کو مبارکباد پیش کی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ ٹیم مستقبل میں بھی پاکستان کا نام روشن کرتی رہے گی۔

گوادر، کمشنر ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ و دیگر فٹسال گراؤنڈ کے افتتاح کے موقع پر دعا کررہے ہیں

چھٹا آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ ٹورنامنٹ کے موقع پر ناصر الیون کلب لورالائی اور ریڈ افغان کوئٹہ کلب کے درمیان میچ کھیلا جارہا ہے

تین ملکی ویمن انڈر 19 ٹی ٹوئنٹی سیریز، آج اتوار کو ٹیمیں آرام کریں گی

پیر کے روز بنگلہ دیش اور سری لنکا اقبال اسٹیڈیم میں مدمقابل ہوں گے

فیصل آباد (آن لائن) تین ملکی ویمن انڈر 19 ٹی ٹوئنٹی سیریز، آج اتوار کو ٹیمیں آرام کریں گی جبکہ پیر کے روز بنگلہ دیش اور سری لنکا اقبال اسٹیڈیم میں مدمقابل ہوں گے۔ بنگلہ دیش اور پاکستان کی ٹیمیں اپنا ایک ایک میچ جیت چکی ہیں تینوں ٹیمیں لیگ سیریز کے مرحلے میں چھ چھ ٹی ٹوئنٹی میچز کھیلیں گی واضح رہے کہ ویمنز انڈر 19 تین ملکی سیریز کے دوسرے میچ پاکستان نے سری لنکا کو 5 وکٹوں سے شکست دے دی ہے جبکہ اس سے قبل گزشتہ روز اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں انڈر 19 ویمن ٹی 20 ٹرائی سیریز میں بنگلہ دیش نے فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے میزبان پاکستان کو 30 رنز سے شکست دی تھی۔

کپتان لاہور قلندرز کی نوجوان کھلاڑیوں سے ملاقات، تجربات سے آگاہ کیا

دورہ زمبابوے اہمیت کا حامل، نئے کھلاڑی نظم وضبط کو شعار بنائیں، شاہین آفریدی

لاہور (این این آئی) کپتان لاہور قلندرز شاہین شاہ آفریدی کی نوجوان کھلاڑیوں سے خصوصی ملاقات ہوئی، جس میں انہوں نے ان کھلاڑیوں سے گفتگو کی جو ڈومیسٹک سیزن کے لیے زمبابوے کا سفر کرنے والی ٹیم میں منتخب ہوئے ہیں۔ ملاقات کے دوران شاہین شاہ آفریدی نے نوجوان کرکٹرز کو اپنے تجربات سے آگاہ کیا اور انہیں بین الاقوامی کرکٹ کے تقاضوں، کھیل کے دوران دباؤ سے نمٹنے اور اپنی صلاحیتوں پر بھرپور اعتماد رکھنے کے حوالے سے قیمتی مشورے دیئے۔ انہوں نے نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ زمبابوے کا دورہ ان کے لیے اپنی صلاحیتیں منوانے اور سیکھنے کا ایک اہم موقع ہے۔ انہوں نے کھلاڑیوں کو محنت، نظم وضبط اور کھیل پر بھرپور توجہ مرکوز رکھنے کی تلقین کی اور اس موقع سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے پر زور دیا۔ خصوصی نشست کے دوران نوجوان کھلاڑیوں نے بھی شاہین شاہ آفریدی سے گفتگو کی اور ان کے تجربات سے استفادہ کیا۔ شاہین کی جانب سے دی جانے والی رہنمائی اور حوصلہ افزائی نے نوجوان کرکٹرز کے اعتماد میں اضافہ کیا، جو آئندہ ڈومیسٹک سیزن میں اپنی کارکردگی کے ذریعے خود کو ثابت کرنے کے لیے پرجوش ہیں۔ نوجوان کھلاڑیوں کے ساتھ یہ خصوصی ملاقات مستقبل کے کرکٹ ٹیلنٹ کی رہنمائی اور انہیں اعلیٰ سطح کی کرکٹ کے لیے تیار کرنے کی ایک مثبت کاوش قرار دی جارہی ہے۔

کپتان ویمنز ٹیم فاطمہ ثناء کا بگ بیش لیگ سے معاہدہ طے ہوگیا

ندا کے بعد فاطمہ یہ لیگ کھیلنے والی دوسری پاکستانی ویمن کرکٹر ہوں گی

لاہور (آن لائن) پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کی کپتان فاطمہ ثناء کا بگ بیش لیگ (بی بی ایل) میں معاہدہ ہوگیا۔ بی بی ایل میں پرتھ اسکارچرز نے فاطمہ ثناء کو اسکواڈ میں شامل کیا ہے۔ فاطمہ ثناء پہلی بار ویمنز بگ بیش لیگ کھیلیں گی۔ پاکستان کی جانب سے ندا ڈار کے بعد فاطمہ ثناء بی بی ایل کھیلنے والی دوسری پاکستانی ویمن کھلاڑی بن جائیں گی۔ اس کے علاوہ فاطمہ ثناء اس سال دی ہنڈرڈ اور کینیڈا سپر 60 ٹورنامنٹ کھیلنے والی پہلی پاکستانی ویمن کھلاڑی بنی ہیں۔ ویمنز بگ بیش لیگ کا آغاز 29 اکتوبر سے ہوگا۔

سخت مقابلے کے بعد شکست، فیفا آسیان کپ میں پاکستان ٹیم کا سفر اختتام پذیر

ویتنام عالمی رینکنگ میں 99 درجے اوپر ہے تاہم پاکستان نے بھرپور مقابلہ کیا

جکارتہ (این این آئی) پاکستان نے فیفا آسیان کپ میں اپنے آخری میچ میں ویتنام کو سخت مقابلہ دیا تاہم 2-4 کی شکست کے بعد اس کی ٹورنامنٹ میں مہم اختتام پذیر ہوگئی۔ ٹولیر ٹوسولا ٹو کی ٹیم نے میچ میں اچھی کارکردگی دکھائی اور پہلے ہاف میں محب اللہ کے شاندار گول کی بدولت برتری بھی حاصل کی، ویتنام عالمی رینکنگ میں پاکستان سے 99 درجے اوپر ہے۔ پاکستان نے اپنے گزشتہ میچ میں فلپائن کے خلاف 2 گول کے خسارے سے واپسی کرتے ہوئے 2-2 سے میچ برابر کیا تھا اور ویتنام کے خلاف بھی ٹیم نے بھرپور مقابلہ کیا۔ پاکستان نے پہلے ہاف میں بہتر کھیل پیش کیا اور کئی اچھے مواقع بنائے، پانچویں منٹ میں شائنیک دوست کا ہیڈر ہدف سے باہر گیا جبکہ عبدالصمد کا شاٹ ویتنام کے گول کیپر نے روک لیا۔ 31 ویں منٹ میں پاکستان کو برتری مل گئی، محب اللہ نے ویتنام کے دفاع سے گیند چھینی اور بہترین انداز میں گول کیپر پیٹریک گیانگ نے کو شکست دیتے ہوئے گیند جال میں پہنچا دی۔

بورڈ میں کوئی بھی عہدہ لینے کا کوئی ارادہ نہیں، شعیب اختر کی وضاحت

میں صرف پاکستان میں کرکٹ کا فروغ اور بہتری چاہتا ہوں، بات چیت

لاہور (آئی این پی) سابق سپیڈ سٹار شعیب اختر نے پاکستان کرکٹ ٹیم کے چیف سلیکٹر بننے کی خبروں پر وضاحت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کرکٹ کی بہتری چاہتا ہوں لیکن بورڈ میں کوئی بھی عہدہ لینے کا کوئی ارادہ نہیں۔ سرکاری ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے 51 سالہ شعیب اختر نے کہا کہ میں ان دونوں پوزیشن میں ہوں، ان خبروں میں کوئی سچائی نہیں ہے اور نہ ہی میری کوئی میٹنگ ہوئی ہے، میں بالکل بھی انٹرسٹڈ نہیں ہوں، میں ایسی خبریں سن رہا ہوں کہ بڑا عہدہ لے رہا ہوں اور پیسے مانگ لیے ہیں یہ سب فیک ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں پاکستان کرکٹ کی بہتری چاہتا ہوں لیکن بورڈ میں کوئی بھی عہدہ لینے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ قبل ازیں سوشل میڈیا پر یہ خبریں گردش کر رہی تھیں کہ شعیب اختر سے پاکستان کرکٹ بورڈ نے رابطہ کیا ہے اور امکان ہے کہ انہیں چیف سلیکٹر بنایا جائے گا تاکہ وہ پاکستان کرکٹ کو بہتر کرسکیں۔ تاہم شعیب اختر نے ان خبروں پر اب وضاحت پیش کی ہے۔

انڈر 19 ویمن سیریز: بنگلہ دیش کو دوسرے میچ میں پاکستان سے شکست کا سامنا

سری لنکا نے پہلے کھیلتے ہوئے 8 وکٹوں کے نقصان پر 125 رنز کا ہدف دیا جسے پاکستان ٹیم نے پانچ وکٹوں کے نقصان پر آسانی حاصل کرلیا

کومل خان نمایاں بیٹر رہیں جنہوں نے نصف سنچری اسکور کیا، سری لنکا کی جانب سے چمودی پرابودھا نے 22 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں

فیصل آباد (آن لائن) ویمنز انڈر 19 تین ملکی سیریز کے دوسرے میچ پاکستان نے سری لنکا کو 5 وکٹوں سے شکست دے دی، کومل خان کی نصف سنچری سکور۔ تفصیلات کے مطابق سری لنکا ویمنز انڈر 19 نے پہلے کھیلتے ہوئے 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 124 رنز بنائے، جواب میں پاکستان ویمنز انڈر 19 نے 19.4 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 125 رنز بنا کر ہدف حاصل کرلیا اور پاکستان کی جانب سے کومل خان 50 رنز بنا کر نمایاں رہیں، مین آف دی میچ قرار دیا گیا پاکستان کی کامیابی میں کومل خان کی نصف سنچری نے اہم کردار ادا کیا سری لنکا کی چمودی پرابودھا نے 22 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں واضح رہے کہ اس سے قبل گزشتہ روز اقبال سٹیڈیم فیصل آباد میں انڈر 19 ویمن ٹی 20 ٹرائی سیریز میں بنگلہ دیش نے فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے میزبان پاکستان کو 30 رنز سے شکست دیدی ہے۔ فیصل آباد میں پہلی بار کسی ویمن انٹرنیشنل میچ کی میزبانی کی گئی، جہاں بنگلہ دیش نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں پر 117 رنز بنائے۔ جواب میں پاکستان ٹیم 20 اوورز میں 6 وکٹوں پر 87 رنز ہی بنا سکی۔ بنگلہ دیش کی نشیطہ اختر نشی نے شاندار آل راؤنڈ کارکردگی دکھائی۔ انہوں نے پہلے 33 گیندوں پر 23 رنز بنائے اور بعد میں 4 اوورز میں صرف 16 رنز دے کر 2 اہم وکٹیں حاصل کیں۔ بنگلہ دیش کی ویمن ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کرنے والی بنگلہ دیش ٹیم کے 47 رنز پر 4 کھلاڑی 9.4 اوورز میں آؤٹ ہو گئے تھے۔ اس موقع پر سعدیہ اختر نے 25 گیندوں پر ناٹ آؤٹ 34 رنز کی میچ وننگ اننگز کھیلی جس میں ایک چوکا اور دو چھکے شامل تھے۔

کچلاک، رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی امین مارشل منی سپورٹس کمپلیکس کا افتتاح کر رہے ہیں

ایشین گیمز، حسن نواز کی جارحانہ اننگز بھی پاکستان کو گولڈ میڈل نہ دلواسکی

پاکستان ٹیم نے ناقص فیلڈنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے کئی مواقع ضائع کیے

ٹوکیو (این این آئی) ایشین گیمز کے مینز کرکٹ ایونٹ کے فائنل میں حسن نواز کی جارحانہ اننگز بھی پاکستان کو گولڈ میڈل نہ دلواسکی۔ ٹوکیو میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان ٹیم 212 رنز کے ہدف کے تعاقب میں مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 192 رنز بنا سکی۔ ہدف کے تعاقب میں ابتدائی 3 وکٹیں جلد گرنے کے بعد حسن نواز نے صائم ایوب کے ہمراہ 48 گیندوں پر 87 رنز کی شراکت قائم کرکے ٹیم کو فیصلہ کن موڑ تک پہنچایا تاہم دیگر کوئی کھلاڑی ان کا ساتھ نہ دے سکا۔ صائم ایوب 29 اور معاذ صداقت 23 رنز بنا کر دیگر نمایاں بلے باز رہے۔ کپتان صاحبزادہ فرحان 10، عبدالصمد 9 اور عثمان خان 3 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ بھارت کی جانب سے اکشر پٹیل، واشنگٹن سندر اور شیوم دوبے نے 2، 2 وکٹیں حاصل کیں۔ اس سے قبل بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے ابھیشیک شرما (61)، تلک ورما ناٹ آؤٹ (51) اور شیوم دوبے (27) کی جارحانہ بیٹنگ کی بدولت مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 211 رنز بنائے۔ کپتان شریاس ایئر 21، ایشان کشن 20، سوریا وشی 15 اور سنجو سیمسن 2 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

نیشنل چیمپئن شپ: سندھ انڈس کی پوٹھوہار کو شکست، ہڑپہ اور مارگلہ 2-2 سے برابر

اسلام آباد کے جناح سٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں شائقین کی بھرپور دلچسپی، سندھ انڈس نے شاندار کم بیک کیا اور پنجاب پوٹھوہار کو تین ایک سے شکست دی

پی ایف ایف نیشنل انڈر 17 چیمپئن شپ 2026 کے سلسلے میں پنجاب ہڑپہ اور اسلام آباد مارگلہ کے مابین دلچسپ مقابلہ، دونوں ٹیموں کو دو دو پوائنٹس دیئے گئے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ایف ایف نیشنل انڈر 17 چیمپئن شپ 2026 کے تیسرے روز سندھ انڈس نے شاندار کم بیک کرتے ہوئے پنجاب پوٹھوہار کو 3-1 سے شکست دے دی، جبکہ پنجاب ہڑپہ نے اسلام آباد مارگلہ کو 2-2 سے برابر روک دیا۔ دونوں میچز جناح اسٹیڈیم اسلام آباد میں کھیلے گئے۔ پنجاب پوٹھوہار نے 16 ویں منٹ میں محمود علی کی شاندار فری کک کے ذریعے برتری حاصل کی۔ فری کک براہ راست گول میں گئی اور کراس بار کے نچلے حصے سے ٹکرا کر جال میں جا پہنچی، جس پر سندھ انڈس کے گول کیپر کے پاس کوئی موقع نہیں تھا۔ سندھ انڈس نے پہلے ہاف میں زیادہ تیز، جارحانہ اور تکنیکی طور پر مضبوط کھیل پیش کیا۔ ان کی تیز رفتار موومنٹ اور دباؤ کے اندر گیند کو موثر انداز میں منتقل کرنے کی صلاحیت نے پنجاب پوٹھوہار کے لیے مسلسل مسائل پیدا کیے، تاہم وقفے تک سندھ انڈس کو ایک گول کے خسارے کا سامنا تھا۔ دوسرے ہاف میں سندھ انڈس نے کھیل پر مکمل گرفت حاصل کرلی۔ سندھ انڈس نے مزید شدت کے ساتھ حملے کیے اور پنجاب پوٹھوہار کو سنبھلنے کا بہت کم موقع دیا۔ 62 ویں منٹ میں یاسین نے گیند کو گول کے نچلے کونے میں پہنچا کر سندھ انڈس کو برابر کر دیا۔ پانچ منٹ بعد سندھ انڈس نے برتری حاصل کرلی، جب شاہد نے گیند اپنے ہی گول میں ڈال دی اور سندھ انڈس کو 2-1 کی برتری مل گئی۔ ایک کھلاڑی کم ہونے کے باوجود سندھ انڈس نے اپنی دفاعی ترتیب برقرار رکھی اور برتری کا کامیابی سے دفاع کرتے ہوئے 3-1 کی شاندار فتح اپنے نام کرلی۔ پہلے ہاف میں ایک گول کے خسارے میں جانے کے بعد سندھ انڈس کی دوسرے ہاف کی کارکردگی نے چیمپئن شپ میں ان کے معیار اور عزم کو نمایاں کیا۔ تیز، جارحانہ اور تکنیکی طور پر مضبوط سندھ انڈس نے دس کھلاڑیوں تک محدود ہونے کے باوجود کھیل پر اپنی گرفت برقرار رکھی۔ دن کے پہلے میچ میں پنجاب ہڑپہ اور اسلام آباد مارگلہ نے چار گول کے مقابلے کے بعد 2-2 سے پوائنٹس تقسیم کیے۔ اسلام آباد مارگلہ نے ساتویں منٹ میں رمیز کے گول سے برتری حاصل کی، تاہم پنجاب ہڑپہ نے پانچ منٹ بعد حسین کے ذریعے مقابلہ برابر کردیا۔ اسلام آباد مارگلہ نے 23 ویں منٹ میں شہزیب کے گول سے ایک بار پھر برتری حاصل کرلی، لیکن پنجاب ہڑپہ نے ایک مرتبہ پھر واپسی کرتے ہوئے 83 ویں منٹ میں عرفان علی کے گول کی بدولت مقابلہ 2-2 سے برابر کردیا۔

قلعہ عبداللہ: ویکسینیشن کوریج بہتر بنانے کیلئے سخت مانیٹرنگ کا فیصلہ

ڈی سی کی زیر صدارت اجلاس، ای پی آئی کارکردگی اور فیلڈ سرگرمیوں کا جائزہ

ہر بچے تک ویکسین کی رسائی یقینی بنائی جائے، فیلڈ مسائل فوری حل کرنے کی ہدایت

قلعہ عبداللہ (یو این اے) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ڈی ای او سی) میں ای پی آئی ریویو اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام کی مجموعی کارکردگی، کوریج اور فیلڈ سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالسلام کھوسو، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر فضل محمد کاکڑ، ڈی ایم پی ایچ آئی ضیاء الرحمن، ڈسٹرکٹ کمیونیکیشن آفیسر ڈاکٹر دولت خان کاکڑ، مسعود احمد اچکزئی سمیت ای پی آئی اور پی ای آئی پروگرام کے دیگر نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران حکام نے حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کی موجودہ صورتحال، ویکسینیشن کوریج، فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی اور درپیش چیلنجز پر بریفنگ دی۔ اس موقع پر بچوں کو مقررہ شیڈول کے مطابق بروقت حفاظتی ٹیکے لگانے، کوریج کے تناسب میں مزید بہتری لانے اور فیلڈ سرگرمیوں کو زیادہ مؤثر بنانے کے امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی نے متعلقہ حکام کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام کی مؤثر مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جائے اور فیلڈ میں پیش آنے والے مسائل کو بروقت حل کر کے ہر بچے تک ویکسین کی رسائی ممکن بنائی جائے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بچوں کو مختلف مہلک بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے ویکسینیشن کی فراہمی انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔

خضدار، وفاقی محتسب کی کارروائی، خاتون کو 14 ہزار پانچ سو وظیفہ ملا

خضدار (این این آئی) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس خضدار کی بروقت اور موثر کارروائی کے نتیجے میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی ایک مستحق خاتون کو ان کا رکا ہوا وظیفہ ادا کردیا گیا۔ سرکاری محکموں کی بدانتظامی کے خلاف وفاقی محتسب کی جانب سے غریب اور مستحق شہریوں کو فوری اور مفت انصاف کی فراہمی کا سلسلہ کامیابی سے جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق، تحصیل کرخ کے پسماندہ علاقے مزی بھلوٹک، خضدار کی رہائشی خاتون درخواست گزار حنیفہ نے وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار میں بی آئی ایس پی کی جانب سے وظیفے کی عدم ادائیگی پر ایک تحریری شکایت درج کروائی تھی۔ درخواست گزار کا موقف تھا کہ وہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی حقدار ہے، لیکن متعلقہ ادارے کی جانب سے بغیر کسی ٹھوس وجہ کے اسے وظیفے کی ادائیگی روک دی ہوئی تھی۔

خضدار: کلی پنڈوخ زئی میں طویل انتظار کے بعد اسکول قائم

ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم نے تعینات استاد کے ہمراہ اسکول کا افتتاح کیا

اسکول نہ ہونے سے سینکڑوں بچے میلوں دور تعلیم حاصل کرنے پر مجبور تھے

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار، فیروز آباد کے پسماندہ علاقے کلی پنڈوخ زئی میں تعلیم کی روشنی بالآخر پہنچ گئی مقامی کمیونٹی کا دیرینہ اور بنیادی مطالبہ پورا ہوگیا ضلعی انتظامیہ خضدار اور محکمہ تعلیم خضدار نے ایک احسن اور تاریخی اقدام اٹھاتے ہوئے کلی میں باقاعدہ اسکول کا قیام عمل میں لے آئی واضح رہے کہ اس علاقے میں طویل عرصے سے اسکول نہ ہونے کے باعث سینکڑوں بچے اور بچیاں علم جیسی بنیادی نعمت سے محروم تھے والدین اپنے بچوں کو میلوں دور بھیجنے پر مجبور تھے مقامی لوگوں کی نشاندہی پر ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی اور ضلعی ناظم تعلیمات نیاز اللہ سالائی نے فوری نوٹس لیا گزشتہ روز خضدار سرکل کے اسسٹنٹ ڈی ڈی او ز محمد اکبر مینگل اور غلام حسین شاہوانی نے تعینات استاد کے ہمراہ اسکول کا باقاعدہ افتتاح کیا اور طلباء میں مفت درسی کتب تقسیم کی جس پر پورے کلی میں خوشی کی لہر دوڑ گئی مقامی کمیونٹی نے ڈپٹی کمشنر خضدار اور ڈی ای او خضدار کی تعلیم دوست پالیسیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ اسکول ہمارے بچوں کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے اگی کاوشوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

لورالائی: 36 سرکاری محکموں کے اہلکاروں کی ڈیجیٹل تربیت مکمل

لورالائی (خ ن) بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ مینجمنٹ سائنسز (BIITMS) لورالائی میں ڈیجیٹل آفس مینجمنٹ کورس کی تقریب تقسیم اسناد منعقد ہوئی، جس کے مہمان خصوصی کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ تھے۔ کورس میں لورالائی کے 36 مختلف سرکاری محکموں سے تعلق رکھنے والے اہلکاروں نے شرکت کی اور جدید دفتری امور، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور کمپیوٹرائزڈ نظام سے متعلق تربیت حاصل کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے کہا کہ موجودہ دور میں انفارمیشن ٹیکنالوجی محض ایک سہولت نہیں بلکہ موثر، شفاف اور تیز رفتار انتظامی نظام کی بنیادی ضرورت بن چکی ہے۔ سرکاری اداروں میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے دفتری امور کو بہتر انداز میں منظم کرنے، ریکارڈ کو محفوظ بنانے، معلومات تک بروقت رسائی، وقت اور وسائل کی بچت اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی میں نمایاں مدد ملتی ہے انہوں نے کہا کہ سرکاری محکموں کے اہلکاروں کو جدید آئی ٹی مہارتوں سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ ڈیجیٹل گورننس کے ذریعے روایتی دفتری طریقہ کار کو مزید موثر، شفاف اور جوابدہ بنایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے تربیتی کورس کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے پروگرام سرکاری ملازمین کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافے کے ساتھ ساتھ اداروں کی مجموعی کارکردگی بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں کمشنر نے اس امر پر بھی زور دیا کہ سرکاری محکموں میں پیپر لیس آفس، ڈیجیٹل ریکارڈ، آن لائن کمیونیکیشن اور جدید ڈیٹا مینجمنٹ کو فروغ دیا جائے تاکہ عوامی خدمات کی فراہمی میں تیزی لائی جاسکے اور دفتری معاملات میں شفافیت کو یقینی بنایا جاسکے تقریب سے رجسٹرار BIITMS لورالائی انجینئر عزیز مگسی نے بھی خطاب کیا۔

جعفرآباد: BSDI منصوبوں کی پیش رفت اور زیر التوا بلوں کا جائزہ

ڈی سی خالد خان کی ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، معیار اور رفتار یقینی بنانے کی ہدایت

افسران کو منصوبوں کی مسلسل نگرانی اور کنٹریکٹرز کے بل بروقت مکمل کرنے کی ہدایت

نصیرآباد (خ ن) جعفرآباد: ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے حوالے سے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں مختلف محکموں کے ضلعی سربراہان اور ان کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے فیز-I، فیز-II اور فیز-III کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں اور ان پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ منصوبوں کی تکمیل میں درپیش مسائل، مختلف محکموں کے درمیان رابطہ کاری اور ترقیاتی کاموں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے حوالے سے بھی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں گورنمنٹ کنٹریکٹرز کے بلوں کے عمل، زیر التوا ادائیگیوں اور متعلقہ محکموں کی جانب سے بلوں کی بروقت تکمیل سمیت دیگر امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر خالد خان نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ BSDI کے تحت جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کو باقاعدگی سے مانیٹر کیا جائے اور ترقیاتی کاموں میں شفافیت، معیار اور رفتار کو یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ عوام کو ان منصوبوں کے ثمرات جلد از جلد حاصل ہوسکیں۔

لورالائی: امن وامان کیلئے سیکیورٹی اداروں کو مربوط اقدامات کی ہدایت

ڈپٹی کمشنر محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت اجلاس، حساس مقامات کی سیکیورٹی کا جائزہ

مشتبہ سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی، انٹیلی جنس شیئرنگ اور داخلی راستوں پر نگرانی بڑھانے کا فیصلہ

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت ضلعی انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع کی مجموعی امن و امان، سیکیورٹی صورتحال، حساس مقامات کی نگرانی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے باہمی رابطہ کار کو تفصیلی طور پر زیر غور لایا گیا اجلاس میں متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سیکیورٹی محکموں کے نمائندوں نے شرکت کی اور ضلع میں موجودہ سیکیورٹی صورتحال، ممکنہ خطرات، حفاظتی انتظامات اور مختلف علاقوں میں نگرانی کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی۔ شرکاء نے ضلع کے مختلف حساس مقامات، سرکاری تنصیبات، اہم شاہراہوں اور دیگر اہم مقامات پر سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، جبکہ مشتبہ سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی، معلومات کے تبادلے اور انٹیلی جنس شیئرنگ کے نظام کو مزید موثر بنانے پر بھی غور کیا گیا ڈپٹی کمشنر محمد حسیب شجاع نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ اور ضلع میں امن وامان کا قیام ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ موجودہ سیکیورٹی صورتحال کے تناظر میں باہمی رابطہ کاری کو مزید مضبوط بنایا جائے اور کسی بھی ممکنہ صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے انہوں نے کہا کہ تمام متعلقہ ادارے اپنے اپنے دائرہ کار میں موثر نگرانی جاری رکھیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی یا قابل تشویش اطلاع کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ حکام کو آگاہ کیا جائے، تاکہ بروقت اقدامات اٹھائے جاسکیں اجلاس میں قانون و ضابطے کی خلاف ورزیوں کی روک تھام، مشکوک افراد اور سرگرمیوں کی نگرانی، حساس تنصیبات کے حفاظتی انتظامات، داخلی و خارجی راستوں پر نگرانی اور مختلف اداروں کے درمیان معلومات کے بروقت تبادلے سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ سیکیورٹی معاملات میں تمام ادارے ایک دوسرے کے ساتھ مکمل تعاون اور موثر رابطہ برقرار رکھیں، جبکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے متعلقہ اہلکاروں کی تیاری اور رسپانس میکنزم کو فعال رکھا جائے۔

صحبت پور، پٹرولیم قیمتوں میں اضافے سے کسان شدید مشکلات کا شکار

کسان بورڈ نے ڈیزل مہنگا ہونے سے زرعی اخراجات بڑھنے پر تشویش کا اظہار کیا

محمد نصیب کھوسہ کا قیمتیں واپس لینے اور خصوصی زرعی ریلیف پیکیج کا مطالبہ

صحبت پور (اے این این) جماعت اسلامی کسان بورڈ ضلع صحبت پور کے ضلعی صدر محمد نصیب کھوسہ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ زبردست اضافے کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے اسے کسانوں اور عوام پر معاشی ظلم قرار دیا ہے۔ اپنے ایک اہم بیان میں محمد نصیب کھوسہ نے کہا کہ حکومت کی جانب سے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے کسان اور زمیندار طبقہ تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان بالخصوص ضلع صحبت پور کا انحصار زراعت پر ہے، جہاں کسان پہلے ہی مہنگے بیج، کھاد، زرعی ادویات اور پانی کی قلت کی وجہ سے شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ ایسے میں ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے سے ٹیوب ویلوں، ٹریکٹروں اور فصلوں کی کٹائی کے اخراجات میں بڑا اضافہ ہو چکا ہے جس سے کاشتکاری اب ایک گھاٹے کا سودا بن چکی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پٹرولیم قیمتوں میں اضافے سے نہ صرف زرعی اجناس کی نقل و حمل اور پیداواری لاگت بڑھے گی بلکہ عام آدمی کے لیے بھی روٹی کا حصول مشکل ہو جائے گا۔ حکومت کسانوں کو ریلیف دینے کے بجائے ان کا معاشی استحصال کر رہی ہے، جس سے پورے ضلع کا زراعت سے وابستہ طبقاتی نظام درہم برہم ہوکر رہ گیا ہے۔ جماعت اسلامی کسان بورڈ کے ضلعی صدر محمد نصیب کھوسہ نے حکومت سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ فوری طور پر واپس لیا جائے اور صحبت پور کے کسانوں کے لیے خصوصی زرعی ریلیف پیکیج کا اعلان کیا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر کسانوں کی مشکلات کا ازالہ نہ کیا گیا اور قیمتیں واپس نہ لی گئیں تو جماعت اسلامی کسان بورڈ دیگر کسان تنظیموں اور عوامی حلقوں کے ساتھ مل کر شدید احتجاجی تحریک چلانے پر مجبور ہوگی۔

ژوب: ایک ماہ کی خصوصی صفائی مہم، تین ٹیمیں متحرک کردی گئیں

بابو محلہ، این پچاس، چائنا روڈ سمیت مختلف علاقوں میں صفائی کا کام جاری

نالیوں میں کچرا پھینکنے والے دکانداروں کو وارننگ، خلاف ورزی پر کارروائی کا اعلان

ژوب (خ ن) ضلعی انتظامیہ ژوب اور میونسپل کمیٹی کی جانب سے شہر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید موثر بنانے اور شہری ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے خصوصی صفائی مہم بھرپور انداز میں جاری ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر ژوب محمد نوید عالم اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ژوب جہانگیر خان کی نگرانی میں شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی کا کام کیا جارہا ہے صفائی مہم کے دوران آج بابو محلہ، این-50 کمال خان چوک تا شاہین چوک، چائنا روڈ، جیل روڈ اور نیو آبادی نزد شنگھائی ٹاؤن میں مین نالیوں، اہم شاہراہوں، گلیوں اور دیگر مقامات کی صفائی کی گئی، جبکہ سڑکوں کے اطراف جمع کچرے اور گندگی کو بھی ہٹایا گیا صفائی کے عمل کو موثر بنانے کے لیے مجموعی طور پر تین خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، جو شہر کے مختلف علاقوں میں بیک وقت صفائی کی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہیں۔ ان میں سے ایک ٹیم کو خصوصی طور پر بند اور گندگی سے بھری نالیوں کی صفائی کی ذمہ داری سونپی گئی ہے، تاکہ نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنایا جاسکے اور بارش یا دیگر وجوہات کی وجہ سے پانی جمع ہونے کے مسائل میں کمی لائی جاسکے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق خصوصی صفائی مہم پورے ایک ماہ تک جاری رہے گی، جس کے دوران شہر کے مختلف علاقوں میں مرحلہ وار صفائی، نالیوں کی صفائی، کوڑا کرکٹ اٹھانے اور شاہراہوں و گلیوں کو صاف رکھنے کے اقدامات کیے جائیں گے اس موقع پر انتظامیہ کی جانب سے شہریوں اور بالخصوص تاجروں سے اپیل کی گئی کہ وہ صفائی کے عمل میں ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر ڈالیں۔

NATIONAL UNIVERSITY OF SCIENCES & TECHNOLOGY (NUST)
BALOCHISTAN CAMPUS, QUETTA

TENDER NOTICE

PROCUREMENT OF TYRES FOR BUSES

1. NUST Balochistan Campus (NBC), Quetta hereby invites sealed bids from well-established, experienced and financially sound manufacturer & suppliers for **"Procurement of Tyres for Buses at NUST Balochistan Campus (NBC), Quetta"** who are registered with PPRA for E-Procurement on "E-Pak Acquisition and Disposal system (E-PADS v2.0)".

Sr.	Subject	Method	Bid Submission Date and Opening Time
a.	Procurement of Tyres for Buses at NUST Balochistan Campus (NBC), Quetta	Single Stage, Single Envelope Procedure	Bid submission on 29 October, 2026 at 1100 hrs. Opening time at 1130 hrs.

2. **Tender Processing Fee of Rs. 5,000/-** must be provided **in original** at the time of technical bid opening in the shape of Pay Order/Bank Draft in favour of **'PETTY CASH NUST CAMPUS QUETTA'**.
3. E-Bidding documents, containing detailed terms & conditions, specifications and requirements etc. are available on e-Pak Acquisition and Disposal System (EPADS) at **https://epads.gov.pk/opportunities/federal/procurements/136500** for all the interested bidders registered on EPADS v2.0. Bidders are required to get themselves registered on EPADS v2.0 to participate in Bidding Process.
4. Bidders may obtain further information from Procurement Branch, NUST Balochistan Campus (NBC), Kach Road, near Sheikh Mohammad Bin Zayed Al Nahyan Cardiac Centre, Quetta, Phone No: 081-9085267.
5. All e-bids must be submitted through EPADS v2.0 as per above mention schedule. Manual submission of Bids shall not be entertained.
6. NUST may reject all bids at any time prior to the acceptance of a bid by invoking rule 33 of Public Rule (PPR).2004.

AD Procurement
Procurement Branch
NUST Balochistan Campus (NBC), Kach Road, near Sheikh Mohammad Bin Zayed Al Nahyan Cardiac Centre, Quetta
Phone No: 081-9085267, Email: adproc@nbc.nust.edu.pk

U.A.N: 111-116-878 | nust_official | www.nust.edu.pk

ٹینڈر نوٹس

فیڈرل گورنمنٹ ایجوکیشنل انسٹیٹیوشنز کوئٹہ ریجن کو اپنے تعلیمی اداروں میں عمارت کی مرمت تزئین و آرائش اور فرنیچر کی خریداری کیلئے گورنمنٹ رجسٹرڈ اور انکم ٹیکس ادا کرنے والی فرموں سے علیحدہ علیحدہ سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں جو کہ دفتر ہذا کو ٹینڈر نوٹس کے شائع ہونے کے 15 دن کے اندر موصول ہو جانے چاہئیں۔ مطلوبہ ٹینڈر چودھویں روز مورخہ 19 اکتوبر 2026 کو ایک بجے ٹینڈر دہندہ کے روبرو کھولے جائیں گے۔

شرائط:

(1) کنٹریکٹر BRA کے ساتھ رجسٹرڈ ہو۔
(2) کنٹریکٹر کا PEC لائسنس موثر ہو۔
(3) کنٹریکٹر MES کے ساتھ رجسٹرڈ ہو۔
(4) کنٹریکٹر مالی طور پر مضبوط ہو۔
(5) کنٹریکٹر کے پاس اسی نوعیت کے کام کا تجربہ ہو۔
(6) کنٹریکٹر کے کارکردگی کے اسناد ٹینڈر کے ساتھ منسلک ہو۔
(7) تمام کام مروجہ معیار کے مطابق انجام دیے جائیں گے۔
(8) زیر دستخطی بلا اظہار وجوہ کے ایک یا تمام ٹینڈر کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے تاہم پیشکشوں کا استرداد پی پی آر اے کے پیرا (1)33 کے مطابق ہوگا۔
(9) ٹینڈر دہندہ کو ٹوٹل رقم کا 5% بطور کال ڈیپازٹ ٹینڈر کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہے۔
(10) ٹینڈر فارم دفتر ہذا سے دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کیے جاسکتے ہیں۔
(11) کام کی دیگر تفصیلات دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔

لیفٹیننٹ کرنل
ریجنل ڈائریکٹر
ایف جی ای آئی (سی / جی) ریجنل آفس عزیز بھٹی روڈ کوئٹہ کینٹ
فون نمبر: 081-9202874

بقیہ | دہشت گرد ہلاک | 1

بتایا کہ کامیاب کارروائی کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے بھی تباہ کر دیے گئے جبکہ ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز عزم استحکام وژن کے تحت ملک سے دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع واشک کے علاقے گورندر، ماشکیل میں سکیورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردی کی ایک اور کوشش ناکام بنادی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز عزم استحکام ویژن کے تحت ملک بھر سے دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں، دہشت گردوں کو اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل تحسین ہیں، پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ اپنے منطقی انجام تک جاری رہے گی اور ملک و صوبے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ | مذاکرات | 2

سربراہی میں ہوا۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے اپوزیشن بانی چیئرمین سے ملاقات کروانے پر رضامندی ظاہر کی جس کے لیے اپوزیشن نے ایک رہنما کا نام بھی دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق 3 ایم پی او کے تحت گرفتار ہونے والے رہنماؤں اور کارکنان، بانی چیئرمین کی بہنوں کی رہائی پر بھی اتفاق ہوگیا جبکہ یہ بھی طے پایا کہ کے پی حکومت دہشتگردی پر سیاست نہیں کرے گی۔ ذرائع کے مطابق بانی چیئرمین کے حوالے سے سپریم کورٹ کے آرڈر پر بھی عملدرآمد کروائے جانے کا امکان ہے۔ حکومت اپوزیشن کے درمیان مذاکرات میں وقتی ڈیڈ لاک آ گیا، ذرائع کے مطابق محمود خان اچکزئی نے اپوزیشن قائدین بیرسٹر گوہر اور اسد قیصر سے رابطہ کیا اور واضح کیا کہ پہلے بانی سے ملاقات ہوگی پھر کوئی فیصلہ ہوگا۔ ذرائع کے مطابق محمود خان اچکزئی نے کہا کہ بانی سے ملاقات کی بغیر کوئی اعلان یا فیصلہ ممکن نہیں، اس بات تک محدود رہیں کہ بانی سے ملاقات ہوگی تو ہی فیصلہ ہوگا اور بانی سے ملاقات کے بعد اس پر حتمی جواب دیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق محمود اچکزئی نے کہا کہ بانی سے ملاقات کیلئے وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کو بھیجا جائے اور پھر بانی جو بھی فیصلہ کریں ہمیں اس پر چلنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی بانی سے ملاقات کے بعد میڈیا سے کوئی بات چیت نہیں کریں گے۔ اطلاعات کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کے پہلا دور ختم ہونے کے بعد ایوان صدر جا کر صدر مملکت آصف علی زرداری کو اجلاس میں ہونے والے فیصلوں سے متعلق آگاہ کیا، اسکے بعد محسن نقوی نے ٹیلی فون پر وزیر اعظم میاں شہباز شریف کو بھی حکومت اپوزیشن مذاکرات کے حوالے سے بھی آگاہی فراہم کی۔ دوسری جانب سے مذاکرات کے حوالے سے حکومتی کمیٹی کے ایک ممبر نے کہا ہے کہ تحریک انصاف نے حکومت کے تمام مطالبات تسلیم کرلئے ہیں دہشت گردی کیخلاف معاملات پر پی ٹی آئی پوری طرح تعاون کیلئے رضامند ہے، ممبر حکومتی کمیٹی نے کہا کہ بانی کی رہائی اور ملاقاتوں کا معاملہ قانون کے مطابق ہوگا، دریں اثناء اس دوران قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے اپوزیشن قائدین سے ٹیلی فونک رابطہ کیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ محمود خان اچکزئی نے ٹیلیفون پر بیرسٹر گوہر اور اسد قیصر سے گفتگو کی، جس میں کہا گیا کہ پہلے بانی سے ملاقات ہوگی، پھر کوئی فیصلہ ہوگا، بانی سے ملاقات کے بغیر کوئی اعلان یا فیصلہ ممکن نہیں، اس بات تک محدود رہو کہ بانی سے ملاقات ہوگی تو ہی فیصلہ ہوگا، حکومت کو کہیں بانی سے پوچھ کر آپ کو اس کا فیصلہ بتائیں گے۔ مذاکراتی ٹیموں کی معاہدے کے ڈرافٹ پر مشاورت کا عمل رات گئے جاری رہا، مسلم لیگ ن اور پاکستان پیپلزپارٹی نے ایک دستاویز پر غور کیا تاہم اس حوالے سے باقاعدہ کوئی رائے میڈیا پر سامنے نہیں آسکی، پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے ترجمان شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ مطالبات تسلیم ہونے تک لانگ مارچ ختم نہیں ہوگا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف خیبر پختون خواہ کے ترجمان شوکت یوسف زئی نے کہا کہ حکومت اپوزیشن مذاکرات کا نتیجہ جلد آجائے گا جس کا پوری قوم کو انتظار ہے اور امید ہے اچھی خبر ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو آگے بڑھ کر ڈیڈ لاک ختم کرنے کیلئے کردار ادا کرنا چاہیے، ہمارا دوٹوک مؤقف ہے کہ مطالبات تسلیم ہونے تک لانگ مارچ ختم نہیں ہوگا، مطالبات کو ماننے میں جتنی دیر لگے گی ملک کو اتنا ہی نقصان ہوگا۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کا کہنا ہے کہ آج کی مروت سے لانگ مارچ کا پہلا مرحلہ شروع ہوگا، انہوں نے کہا کہ آئین و قانون کی بالادستی اور آزاد عدلیہ کی بحالی تک جدوجہد جاری رہے گی، دہشتگردی سے پاکستان کا ہر شہری متاثر ہے، صوبائی اسمبلی کے جرگے میں سیاسی و مذہبی جماعتوں کے دستخط موجود ہیں۔ پی ٹی آئی کے جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجا نے بتایا کہ ایمرجنسی لگانے کا مکمل پلان نظر آتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے اجلاس میں شریک ارکان کی اکثریت کی رائے تھی کہ مذاکرات کا سلسلہ آگے بڑھایا جائے، حکومت مثبت پیش رفت کرتی ہے تو لانگ مارچ ختم کرنے کے بجائے تاریخ آگے بڑھائی جاسکتی ہے۔ ذرائع کے مطابق ارکان کی رائے تھی کہ محمود خان اچکزئی اور علامہ راجا ناصر عباس کی بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کی صورت میں کوئی راہ نکل سکتی ہے جبکہ بعض ارکان کی رائے تھی کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات میں پی ٹی آئی رہنما بھی جائیں۔

بقیہ | میر سرفراز بگٹی | 3

کے ماضی اور حال کو سمجھنا ممکن نہیں، بلوچستان کے مسائل کا پائیدار حل مؤثر گورننس، میرٹ کریسی کے فروغ، سیاسی شمولیت، نوجوانوں کے لیے مواقع، معاشی ترقی اور ریاستی رٹ کے مؤثر نفاذ سے جڑا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو یہاں اسلام آباد پالیسی ریسرچ انسٹیٹیوٹ (IPRI) کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے 'خصوصی لیکچر' کے دوران کیا، جہاں انہیں مہمان خصوصی کے طور پر مدعو کیا گیا تھا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کا خطہ ہزاروں سال پرانی تہذیبی تاریخ رکھتا ہے اور مہرگڑھ اس کی قدیم تہذیبی اہمیت کا نمایاں ثبوت ہے۔ مختلف ادوار میں یہاں مقامی معاشروں، قبائلی نظام، خانیت قلات، برطانوی دور اور بعد ازاں پاکستان کے سیاسی و انتظامی نظام سمیت مختلف حکومتی و سیاسی ڈھانچے تشکیل پاتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ کے مختلف ادوار کو ان کے مخصوص سیاسی، سماجی اور علاقائی حالات کے تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے تاریخی معاملات پر رائے قائم کرتے وقت اصل ماخذ اور مستند دستاویزی ریکارڈ و مصدقہ حوالہ جات سے رجوع کیا جانا چاہیے، بالخصوص بلوچستان کے پاکستان کے ساتھ الحاق سمیت اہم تاریخی معاملات کو جذباتی یا یک طرفہ بیانیے کے بجائے تاریخی شواہد کی روشنی میں سمجھنا ضروری ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کے موجودہ حالات کا تجزیہ کرتے ہوئے پسماندگی کو واحد سبب قرار دینا درست نہیں۔ پاکستان سمیت دنیا کے مختلف خطوں میں ترقیاتی تفاوت موجود ہے تاہم کسی بھی علاقے کی محرومی یا پسماندگی کو تشدد اور معصوم شہریوں کے قتل کا جواز نہیں بنایا جاسکتا۔ حقائق اور تصورات میں فرق کو سمجھنا اور موجودہ صورتحال کا تجزیہ زمینی حقائق کی بنیاد پر کرنا ضروری ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاست اور نوجوانوں کے درمیان خلیج کم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے اس مقصد کے لیے حکومت ہر سطح پر نوجوانوں کو ان کے مسائل کے حل اور پالیسی سازی کا حصہ بنانے کے لیے سنجیدہ کوششیں کررہی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے عوامی خدمات کے شعبوں میں اسی مقصد کے تحت متعدد اقدامات کیے ہیں۔ اے آئی بینڈ سو فیصد میرٹ پر بھرتیاں، ہزاروں غیر فعال اسکولوں کی بحالی، آؤٹ آف اسکول بچوں کی واپسی، بند اسکولوں اور کلاس رومز کا قیام، کنٹریکٹ کے تحت میرٹ پر 17 ہزار کے لگ بھگ اساتذہ کی بھرتی، صحت کی سہولیات میں توسیع اور خواتین و نوجوانوں کے لیے مواقع پیدا کرنا حکومت کی اس حکمت عملی کا حصہ ہے جس کا مقصد عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنا اور ریاستی اداروں پر اعتماد مضبوط کرنا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ امن اور ترقی لازم و ملزوم ہیں۔ امن و امان کے درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار بڑھانے، جدید پولیسنگ، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز، مؤثر پراسیکیوشن اور اداروں کے درمیان بہتر رابطہ کاری پر ریاست کی پوری توجہ ہے۔ دہشت گردی کے خلاف مؤثر کارروائی کے ساتھ بلوچستان میں ایسا ماحول بھی پیدا کر رہے ہیں جہاں نوجوان تشدد کے بجائے تعلیم، روزگار اور تعمیری سرگرمیوں کو اپنے مستقبل کا راستہ بنائیں۔

بقیہ | گورنر کے پی | 4

ہے تو ایمرجنسی لگنے کی گنجائش ہوتی ہے، صوبہ بچانے کے لیے ایمرجنسی لگانا پڑی تو ضرور لگائیں گے۔ فیصل کریم کنڈی نے مزید کہا کہ ایمرجنسی وغیرہ لگ جاتی ہے تو میں اکیلا ہی ان کے لیے کافی ہوں، ابھی یہ چھپ رہے ہیں، گرفتاریاں دے رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ میں ان کی طرح بھڑکیں نہیں مارتا، جب میدان لگے گا تو ان کو دیکھ لوں گا۔

بقیہ | بلاول | 5

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ اسلام آباد میں آج کل بہت کچھ ہو رہا ہے اور گزشتہ دس روز سے دارالحکومت بند پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں بیماری ہوتی ہے تو کراچی کو کھانسی ہوجاتی ہے، اگر وہاں دہشت گردی ہوگی تو اس سے سندھ بھی متاثر ہوگا، دہشت گردی پیپلز پارٹی کی ریڈ لائن ہے اور ہمیں متحد ہو کر اس کا مقابلہ کرنا ہوگا اس معاملے کو سیاسی نظر سے نہ دیکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں وفاقی حکومت نے اپنا ذہن بنالیا تھا کہ فوری گورنر راج یا ایمرجنسی نافذ کی جائے مگر پیپلز پارٹی کا خیال تھا کہ اس معاملے کا سیاسی حل تلاش کیا جائے پھر ہم نے حکومت سے پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کی اجازت مانگی۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کا دھیان احتجاج پر ہے جبکہ ان کے صوبے میں دہشت گردی بڑھ چکی ہے۔

بقیہ | پالیسی میں ترمیم | 6

منظوری کے بعد وزارت خزانہ نے ترمیمی نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پالیسی کے پیراگراف 31 میں ترمیم کرتے ہوئے تین نئی شقیں 31(a)، 31(b) اور 31(c) شامل کی گئی ہیں، جن کے تحت ریاستی ملکیتی اداروں کے لیے مالیاتی رپورٹنگ کے معیارات سے متعلق نیا فریم ورک متعارف کرایا گیا ہے۔ ترمیم شدہ پالیسی کے تحت تمام ریاستی ملکیتی اداروں کے لیے مالیاتی رپورٹنگ کے معیارات انٹرنیشنل فنانشل رپورٹنگ اسٹینڈرڈز (IFRS) ہوں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اس کا اطلاق سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے نوٹیفائیڈ مالیاتی رپورٹنگ معیارات پر ہوگا۔ نوٹیفکیشن میں واضح کیا گیا ہے کہ ریگولیٹڈ اداروں کے لیے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا متعلقہ فریم ورک فوقیت رکھے گا، جبکہ ایس ای سی پی کی جانب سے دی گئی ترامیم اور استثنیٰ بھی متعلقہ ریاستی ملکیتی اداروں پر لاگو ہوں گے۔ ترمیم کے تحت اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے قانونی اختیارات برقرار رکھے گئے ہیں اور اسٹیٹ بینک ایکٹ 1956 کے تحت حاصل اختیارات کو فوقیت حاصل ہوگی۔

بقیہ | ایف سی سی | 7

1976 کے تحت مطلوبہ لائسنس کے بغیر میڈیکل سٹور یا ریٹیل ڈرگ آؤٹ لیٹ نہیں چلا سکتا۔ وفاقی آئینی عدالت نے یہ فیصلہ پشاور ہائیکورٹ کے ڈی آئی خان بینچ کا 5 جون 2023 کا حکم کالعدم قرار دیتے ہوئے جاری کیا۔ ہائیکورٹ نے اپنے فیصلے میں رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنرز کے خلاف میڈیکل سٹورز اور ڈسپنسریاں چلانے کے الزام میں کی جانے والی ضابطہ کارروائی روک دی تھی۔ چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں جسٹس علی باقر نجفی پر مشتمل وفاقی آئینی عدالت کے 2 رکنی بینچ نے خیبر پختونخوا کے محکمہ صحت کے سیکرٹری کی جانب سے دائر اپیل پر فیصلہ سنایا۔

بقیہ | طارق فضل چوہدری | 8

طارق فضل چوہدری نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے ایکس پیغام پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ حکومت، اپوزیشن کے ساتھ مذاکرات کو بامقصد اور نتیجہ خیز بنانا چاہتی ہے لیکن ایسے بیانات مذاکراتی عمل کو شدید متاثر کرتے ہیں۔

بقیہ | چینی برآمد | 9

چینی برآمد پر شپمنٹ کی کوئی ڈیڈ لائن نہیں ہوگی۔ مراسلے میں کہا گیا کہ چینی کی برآمد ای سی ایت سائٹ یا ایڈوانس ادائیگی پر ہوگی، ایکسپورٹ پروسیڈز کی رپورٹنگ اسٹیٹ بینک کے ضوابط کے مطابق ہوگی۔ اسٹیٹ بینک نے 2 لاکھ ٹن چینی کی برآمد کیلئے مجاز ڈیلرز کو ہدایات بھی جاری کردی ہیں، شوگر ملز ایسوسی ایشن کے مل وائز کوٹہ کے مطابق فائنل اسٹرومنٹ جاری ہوگا۔ ایس بی پی کے سرکلر کے مطابق چینی کی شپمنٹ صرف بذریعہ بحری راستہ ہوگی، مجاز ڈیلرز ٹرانزیکشن کی ڈیو ڈیلیجنس اور کاسٹ کی بونا فائیڈز کی تصدیق کریں گے۔ سرکلر کے مطابق مجاز ڈیلرز کو تمام صارفین کو ہدایات سے آگاہ کرنے اور مکمل عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے۔ ای سی سی اور وفاقی کابینہ نے گزشتہ ماہ 2 لاکھ ٹن سرپلس چینی برآمد کرنے کی منظوری دی تھی۔

بقیہ | لاشیں برآمد | 10

سول اسپتال خضدار میں رکھی گئی ہیں۔

بقیہ | بچے جاں بحق | 11

کھیل رہے تھے کہ انہیں ایک مشکوک چیز ملی جس کو چھیڑنے سے وہ زور دار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں 9 سال ارمان، 10 سالہ کامل جاں بحق جبکہ 9 سالہ شاہد، 7 سالہ زاہد، بارہ سالہ نوراللہ زخمی ہوگئے۔ دھماکے سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا دھماکہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید تحقیقات پولیس کررہی ہے۔

بقیہ | رابطے شروع | 12

آپ کو کامیاب بنانے کے لیے بلوچستان کی منتخب نمائندوں سے رابطے تیز کردیئے واضح رہے کہ بلوچستان سے ہمیشہ ایسے لوگ سینیٹ میں کامیاب ہوتے ہیں جن کا بلوچستان سے کوئی تعلق ہے اور نہ ہی اس نے بلوچستان کا دورہ تک کیا ہے لیکن بلوچستان جس طرح محروم رکھا گیا ہے اسی طرح سیاسی حوالے سے بھی محرومی کا شکار ہے پچھلے کئی سینیٹ انتخابات میں صوبے سے باہر نہ صرف مرد کامیاب ہوئے بلکہ خواتین نے بھی بلوچستان کے کوٹے پر کامیابی حاصل کی اسی طرح ایک بار پھر ذرائع نے بتایا کہ بلوچستان سے سینیٹ کے انتخابات جو مارچ 2027 میں ہونے والے ہے اس پر کئی لوگوں نے اپنے آپ کو کامیاب بنانے کے لیے نہ صرف سیاسی جماعتوں سے رابطے کیے بلکہ بڑی رقم اس نشست پر کی کامیابی کیلئے خرچ کی گئی اور اس سلسلے میں کئی منتخب نمائندوں کو رقم دینے کی آفر بھی کی گئی جس میں خواتین بھی شامل ہے۔

بقیہ | اندرونی کہانی | 13

درمیان اختلاف رائے سامنے آیا، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے کشیدہ صورتحال میں مثبت اور مؤثر کردار ادا کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے دونوں فریقوں کو مذاکراتی میز پر برقرار رکھنے کے لیے کردار ادا کیا، ایاز صادق کی مداخلت سے مذاکراتی عمل میں تعطل کا امکان ٹل گیا، دونوں فریقوں میں سے کسی کو بھی مذاکرات سے واک آؤٹ نہیں کرنے دیا گیا، انہوں نے فریقین کے تحفظات کے باوجود بات چیت جاری رکھنے پر آمادہ کیا۔

بقیہ | محسن نقوی | 14

فورسز کو خراج تحسین پیش کیا، آپریشنز کے دوران مجموعی طور پر 11 دہشتگرد ہلاک کر دیئے گئے۔ وزارت داخلہ کے مطابق وفاقی وزیر نے اپنے بیان میں دہشت گردوں کے منصوبوں کو ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کی تعریف کی اور آپریشنز کے دوران ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا اعتراف بھی کیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے جنوبی وزیرستان میں خفیہ معلومات پر مبنی آپریشن کے دوران 5 خوارج کو ہلاک کیا۔

بقیہ | آپریشن کی تیاری | 15

کریں گی، آپریشن آئندہ چند ہفتوں میں شروع کیے جانے کا امکان ہے۔ رپورٹ کے مطابق سعودی عرب دو آپشنز پر غور کررہا ہے، جن میں آبنائے باب المندب کے اطراف محدود کارروائی یا یمن کے الحدیدہ، مارب، تعز اور الجوف میں بیک وقت متعدد محاذوں پر وسیع آپریشن شامل ہے۔

بقیہ | ایشین گیمز | 16

گئے میچ میں پاکستان نے 3 اسٹریٹ سیٹس میں کامیابی حاصل کی۔ پاکستان کا چین کے خلاف فتح کا اسکور 25-18، 25-16 اور 25-18 رہا۔ دوسری جانب ایشین گیمز کرکٹ کے فائنل میں بھارت نے پاکستان کو شکست دے کر گولڈ میڈل اپنے نام کرلیا۔

بقیہ | تیاریاں جاری | 17

دارالحکومت ادیس ابابا پہنچ گئی ہیں، جہاں سے انہیں کراچی منتقل کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق میتیں ادیس ابابا پہنچنے کے بعد ایتھوپین ایئرلائنز کے متعلقہ عملے نے تابوتوں اور میتوں کی ضروری تیاریوں کا جائزہ لینا شروع کردیا ہے۔ ضروری کارروائی مکمل ہونے کے بعد کراچی جانے والی پرواز کے ذریعے میتوں کی روانگی کے لیے حتمی منظوری دی جائے گی۔ وزیراعظم کی ہدایت کے مطابق متعلقہ حکام میتوں کی پاکستان منتقلی کا عمل جلد از جلد مکمل کرنے کے لیے مسلسل باہمی رابطے میں ہیں اور اس حوالے سے تمام ضروری انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔

بقیہ | خفیہ اجلاس | 18

گئی۔ امریکی نیوز ویب سائٹ کے مطابق نائب صدر جے ڈی وینس کی زیرِ صدارت اجلاس میں وزیر خارجہ مارکو روبیو، وزیر دفاع پیٹ ہیگستھ، خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف، سی آئی اے ڈائریکٹر جان ریٹکلف اور چیئرمین جوائنٹ چیفس جنرل ڈین کین شریک ہوئے۔

بقیہ | بیرسٹر گوہر | 19

بیرسٹر گوہر نے صحافی کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ اب ہم میٹنگ حکومت کے ساتھ کریں گے۔ صحافی نے سوال کیا کہ جو میٹنگ سے پہلے میٹنگ ہوئی وہ بھی تو حکومت، بیرسٹر گوہر نے وزیر داخلہ سے ملاقات سے متعلق جواب دینے سے گریز کیا اور کہا یہ مذاکرات ملک وقوم اور جمہوریت کے لیے بہت ضروری ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پی ٹی آئی بڑی سیاسی جماعت ہے، ہم چاہتے ہیں چیزیں بہتر ہوں، چاہتے ہیں ہمارا لانگ مارچ بھی نہ ہو اور ایمرجنسی اور گورنر راج بھی نہ لگے۔

بقیہ | وزارت اطلاعات | 20

تحت عدالتی تناظر میں کیے گئے ہیں۔ وزارت اطلاعات کے مطابق الجزیرہ ٹی وی نے ان اقدامات کو محض 'سڑکوں کی بندش' کے طور پر پیش کیا اور حقائق کو نظرانداز کیا، حالانکہ تمام سڑکیں کھلی ہیں۔ وزارت اطلاعات نے الجزیرہ کی رپورٹنگ کو یکطرفہ، گمراہ کن اور منفی تاثر پیدا کرنے کی کوشش قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے پروپیگنڈے سے حقائق تبدیل نہیں ہوسکتے۔

بقیہ | ڈیزل | 21

میں 10 کروڑ بیرل ڈیزل اور خام تیل کی سپلائی پر راضی ہونے کے بعد کیا گیا۔ اس سے پہلے ٹرمپ نے یورپی ملکوں کو دھمکی دی تھی کہ اگر اپنے ذخائر سے ڈیزل ریلیز نہ کیا تو امریکا انہیں ڈیزل کی سپلائی روک دے گا۔

بقیہ | تفتیش مکمل | 22

تفصیل کے مطابق سٹی کورٹ میں منشیات ڈیلر انمول پنکی کے خلاف منشیات کے کیس میں پیش رفت ہوئی ہے۔

بقیہ | جانے سے انکار | 23

ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق غیر ملکی لڑکی آذربائیجان واپسی کیلئے رات گئے ایئرپورٹ پہنچی تھی۔ ذرائع کے مطابق خاتون نے ایئرپورٹ پر چیک ان اور امیگریشن کا عمل مکمل کیا گیا۔

بقیہ | بازگشت | 24

تھا۔ تاہم بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دارالحکومت میں کنٹینرز لگانے اور ملک بھر سے پولیس اہلکاروں کو بلانے کے علاوہ وفاقی حکومت اس احتجاج کو روکنے کے لیے دیگر آپشنز پر بھی غور کررہی ہے۔ گذشتہ دو، تین دنوں سے متعدد حکومتی شخصیات بشمول وفاقی وزرا اور خیبر پختونخوا کے گورنر 'ایمرجنسی' اور 'گورنر راج' کے الفاظ دہراتے نظر آتے ہیں۔ گذشتہ روز وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے نجی چینل سے گفتگو میں کہا تھا کہ اگر حالات یہ آئینی تقاضا کریں تو صوبے میں گورنر راج یا ایمرجنسی نافذ کی جاسکتی ہے۔

بقیہ | بابر یوسفزئی | 25

دہشت گردوں کو ہلاک کرنا سیکیورٹی فورسز کی اہم کامیابی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گرد عناصر کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائیاں قابل تحسین ہیں

بقیہ | 7 ہلاک 3 زخمی | 26

اور متعدد زخمی ہوگئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی دریں اثناء سول لائن پولیس کو ٹیکسی اسٹینڈ سے نامعلوم شخص کی نعش ملی پولیس کے مطابق گزشتہ روز ٹیکسی اسٹینڈ سے ایک نامعلوم ضعیف العمر شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے مردہ خانے میں رکھ دی گئی مزید کارروائی پولیس کررہی ہے دریں اثناء نانڈ بیگی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے پولیس اہلکار کو زخمی کردیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز حب کے علاقے دریجی میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے پولیس اہلکار کو زخمی کردیا جسے ہسپتال منتقل کردیا گیا دریں اثناء سوراب کے علاقے سے نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ذرائع کے مطابق سوراب کے علاقے بزوکہ میدانی ایریا سے نوراحمد نامی شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا

بقیہ | احتجاج ریکارڈ | 27

خارجہ کے مطابق بھارتی سیکٹر میں بھارتی بی ایس ایف اہلکاروں نے 2 پاکستانی شہریوں کو فائرنگ کر کے قتل کیا جس پر بھارتی ناظم الامور کو دفتر خارجہ طلب کرکے شدید احتجاج ریکارڈ کرایا گیا۔ دفتر خارجہ نے بھارتی فورسز کی نہتے شہریوں پر فائرنگ کو بلاجواز قرار دیتے ہوئے جاں بحق شہریوں کو دراندازی قرار دینے کی بھارتی کوشش بھی مسترد کردی اور کہا کہ واقعہ بنیادی انسانی حقوق اور حق زندگی کی سنگین خلاف ورزی ہے۔

بقیہ | فواد چوہدری | 28

اطلاقہ ہے جونہیں چاہتا مذاکرات ہوں، مذاکرات کا سلسلہ ٹوٹنا نہیں چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ میری رائے ہے بانی سے موجودہ قیادت کے بجائے سینئرز کی ملاقات کرائی جائے، بانی سے وہ لوگ ملاقات کریں جوان سے فرینک ہوں۔

بقیہ | قید کی سزا | 29

میں حکومت مخالف مظاہروں کے دوران کریک ڈاؤن میں ہلاک ہونے والے مظاہرین کی حمایت کرنے پر ایک سال قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق دو دہائیوں پر محیط اپنے فلمی کیریئر کے دوران درجنوں فلموں میں اداکاری کرنے والی الناز شاکر دوست نے فروری میں کہا تھا کہ وہ ملک گیر احتجاج کے خلاف حکومتی کریک ڈاؤن میں ہزاروں افراد کی ہلاکت کے بعد ایران میں دوبارہ کبھی اداکاری نہیں کریں گی۔

بقیہ | کابل، حملے | 30

ہے۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کے مطابق ستمبر 2026 کے دوران طالبان اہلکاروں کے خلاف 68 کارروائیاں کی گئیں، جن میں 102 اہلکار ہلاک اور 48 زخمی ہوئے۔

بقیہ | یو اے ای | 31

جنرل متحدہ عرب امارات نے بتایا کہ اسرائیل جانے والی پرواز کے معاون پائلٹ نے کاک پٹ میں پائلٹ پر کلہاڑی سے حملہ کیا، معاون پائلٹ نے حملے کے بعد طیارے کا کنٹرول سنبھالنے کی کوشش کی۔ اماراتی پراسیکیوٹر جنرل معاون کے مطابق معاون پائلٹ نے دہشت گردی کا منصوبہ پہلے سے بنا رکھا تھا

بقیہ | پروگرام کا آغاز | 32

تربیت فراہم کرنا ہے، پہلے مرحلے کے بیچ میں 400 مرد اور 100 خواتین امیدوار شامل ہیں۔ تربیتی پروگرام کے تحت نوجوانوں کو سیلز اینڈ مارکیٹنگ، ڈیجیٹل مارکیٹنگ، ویب ڈیولپمنٹ اور سائبر سیکیورٹی سمیت جدید شعبوں میں تربیت فراہم کی جائے گی، جس کا مقصد انہیں روزگار، کاروبار اور فری لانسنگ کے مواقع کے لیے تیار کرنا ہے۔

بقیہ | صدر مملکت | 33

حیثیت سے قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، کثیر الجہتی شعبہ جات میں دوطرفہ تعلقات مسلسل وسعت پذیر رہیں گے۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے اپنے تہنیتی پیغام میں کہا کہ پاکستان جرمنی کو ایک قابل اعتماد شراکت دار کی حیثیت سے نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔

بقیہ | وائٹ سی ایگل | 34

طور مشرق وسطی میں جاری کشیدہ صورتحال کے باعث وائٹ سی ایگل راستہ بھٹکا اور سندھ آپہنچا۔ شکار کے لیے اسے استعمال کیا جاتا، اس لیے اس کی آنکھوں کو سوئی سے سی دیا گیا اور اڑ نہ سکے، اس لیے اس کے پر کاٹ دیے گئے۔ نومبر 2025 میں ہارون نے اپنی ٹیم کے ہمراہ اس قیمتی ترین ایگل کو شکر سے ریسکیو کیا۔

بقیہ | اسحاق ڈار | 35

ڈار کی زیرصدارت بین الوزارتی اجلاس ہوا، اجلاس میں پاکستان بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا، پاکستان بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کا تیسرا اجلاس آئندہ ہفتے ہوگا، اسحاق ڈار بحرینی ہم منصب کے ہمراہ مشترکہ وزارتی کمیشن کی صدارت کریں گے۔ سیکریٹری اقتصادی امور ڈویژن کی جانب سے اجلاس میں ایجنڈے اور دوطرفہ تعاون پر بریفنگ دی گئی۔

بقیہ | خواجہ آصف | 36

ہے خواجہ آصف نے ایکس پر بیان میں کہا کہ اس مذموم منصوبے کو جاننے کو پہلے 15 جولائی 2024 کو پیش آنے والے بنوں واقعہ کی طرح کو سمجھنا بہت ضروری ہے، جس میں ٹی ٹی پی کے گل بہادر گروپ نے پہلے بنوں کینٹ پر خودکش حملہ کیا، جس کے نتیجے میں 8 فوجی جوان شہید ہوئے، جبکہ حملے کے چار روز بعد 19 جولائی 2024 کو بنوں میں انتشاری طرز کا ایک مظاہرہ کیا گیا جس میں سیاسی و قوم پرست شرپسند عناصر، جن میں تحریک انصاف اور پی ٹی ایم سے منسلک گروہ بھی شامل ہوگئے۔

بقیہ | صدر رفیق | 37

کے ذمہ دار ہیں جنہوں نے سہولت کاریاں کیں، میں ملکی سیاسی جماعتوں سے بددل اور مایوس ہو چکا ہوں۔

بقیہ | فی تولہ | 38

کے بعد فی تولہ سونا 4 لاکھ 36 ہزار 336 روپے کا ہوگیا۔ اسی طرح 10 گرام سونے کی قیمت 3 ہزار 687 روپے کم ہو کر 3 لاکھ 74 ہزار 87 روپے ہے۔ دوسری جانب عالمی بازار میں سونے کا بھاؤ 43 ڈالر کم ہو کر 4138 ڈالر فی اونس رہا۔

بقیہ | فائرنگ | 39

عمرانی کی کیمپ پر نامعلوم مسلح افراد نے شدید فائرنگ کی جس سے پورے علاقے میں سخت خوف وہراس پھیل گیا تاہم کسی جانی و مالی نقصان کی فوری اطلاع موصول نہ ہوسکی۔

بقیہ | علیحدگی اختیار | 40

1983 میں شادی کی تھی اور جو اس وقت 55 برس کی تھیں، ان کے ہمراہ موجود تھیں اور انہوں نے بھی اس معاملے پر گفتگو کی اور بتایا کہ دونوں الگ الگ رہتے ہیں۔ ولادی میر پوتن نے کہا تھا کہ میری تمام سرگرمیاں اور میرا تمام کام تشہیر اور مکمل عوامی زندگی سے وابستہ ہے۔

بقیہ | خیالات | 41

کتوبر کو ہوگا۔ جس میں صوبائی وزراء کی موجودگی یقینی بنائی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پاکستان مسلم لیگ (ن) اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے زیر اہتمام ضلعی کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ترجمان شاکر محمد حسنی، نثار خان اچکزئی، ہمایوں خان کاکڑ، ذیشان خان کاکڑ، صدام خان اچکزئی اور دیگر بھی موجود تھے۔ مقررین نے کہا کہ پارٹی کے دیرینہ ساتھیوں اور کارکنوں نے ہمیشہ مشکل وقت میں پارٹی کا ساتھ دیا ہے اور اپنے قائدین کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔ وہ کارکن پارٹی کا قیمتی اثاثہ اور سرمایہ ہے ایسے کارکنوں کی حوصلہ افزائی اور ان کے مسائل کا حل ہماری ذمہ داری ہے اس لئے پارٹی کو مضبوط اور مرکزی صوبائی، ضلعی سطح پر کارکنوں کے درمیان رابطوں کو مضبوط اور موثر بنانے کے لئے اقدامات اٹھارہے ہیں۔ اس وقت وفاق اور بلوچستان میں مخلوط حکومت کے باوجود پارٹی قائد میاں نواز شریف کی قیادت میں میاں شہباز شریف وزیر اعظم اور مریم نواز پنجاب کی وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے کام کر رہی ہیں۔ آج بلوچستان میں 35 سال بعد خاتون وزیر تعلیم کے منصب پر ذمہ داری سرانجام دے رہی ہے جنہوں نے اپنے وزارت سنبھالنے کے بعد اب تک 4 ہزار غیر فعال سکول فعال کرکے 14 ہزار اساتذہ کو میرٹ پر بھرتی کرنے کے ساتھ بلوچستان میں 11 یونیورسٹیوں کے مسائل کے حل میں اپنا کردار ادا کرتے ہوئے ان کے بجٹ میں اضافہ اور پروفیسرز سمیت اساتذہ کی تنخواہوں کو یقینی بنایا ہے۔

بقیہ | وزیر اعلیٰ | 42

بیان میں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا کہ کرنل مجیب کھیازئی کی شہادت ایک بڑا سانحہ ہے، جس سے ان کے خاندان، قبیلے اور علاقے کے لوگوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بے گناہ اور معزز قبائلی شخصیات کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت عمل ہے۔ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری نے شہید کرنل مجیب کھیازئی کے اہل خانہ اور قبائلی عمائدین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کرنل مجیب کھیازئی کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کے درجات بلند کرے اور سوگوار خاندان کو یہ ناقابل تلافی صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ | ڈاکٹر عبداللہ | 43

عباس، ترجمان ڈاکٹر عبداللہ ورگ، فنانس سیکرٹری ڈاکٹر طارق بلوچ، پی ایم اے کوئٹہ زون کے صدر ڈاکٹر نادر اچکزئی، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر شعیب بلوچ اور نائب صدر ڈاکٹر کامیار شامل تھے وفد نے ایف بی آر اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) کی جانب سے ڈاکٹروں پر عائد ٹیکسوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والی مشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے اس معاملے کا سنجیدگی سے جائزہ لینے اور قابل عمل حل نکالنے کی ضرورت پر زور دیا وفد نے اے آئی اینڈنس سسٹم کے حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ پی ایم اے پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی اور حاضری کے ضوابط پر عمل درآمد کی مکمل حمایت کرتی ہے اور غیر حاضری کی کسی صورت حوصلہ افزائی نہیں کرتی۔ تاہم، وفد کے مطابق، بلوچستان کے مخصوص جغرافیائی، انتظامی اور زمینی حقائق کو مدنظر رکھے بغیر موجودہ نظام کا نفاذ فرائض کی باقاعدہ ادائیگی کرنے والے ڈاکٹروں کیلئے بھی مشکلات پیدا کررہا ہے وفد نے مطالبہ کیا کہ اس نظام پر نظرثانی کرتے ہوئے زمینی حقائق اور طبی اداروں کی عملی ضروریات کو ملحوظ خاطر رکھا جائے وفد نے مزید موقف اختیار کیا کہ صحت کا شعبہ تکنیکی شعبہ ہے۔

بقیہ | پیشہ ورانہ | 44

ڈاکٹرز کے ساتھ غیر پیشہ ورانہ اور تضحیک آمیز رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کا موقف ہے کہ انتظامی معاملات میں پیدا ہونے والی کسی بھی کوتاہی یا کمزوری کو چھپانے کے لیے ڈاکٹروں کو دباؤ، دھمکی، ہراسانی یا غیر ضروری انتظامی کارروائیوں کا نشانہ بنانا قابل قبول نہیں۔ تنظیم واضح کرنا چاہتی ہے کہ کسی بھی انتظامی عہدیدار کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ اپنی من مانی مسلط کرنے یا ذاتی رائے منوانے کے لیے ڈاکٹرز کے ساتھ ناروا سلوک روا رکھے۔ ڈاکٹرز ہسپتال کے اہم ترین اسٹیک ہولڈرز ہیں اور ان کے ساتھ عزت، وقار اور پیشہ ورانہ اصولوں کے مطابق برتاؤ انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ ڈاکٹرز کے جائز حقوق، عزت نفس اور پیشہ ورانہ وقار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ | خراج | 45

نے کامل اقدام پر ہم ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں تاہم بلیلی تا کچلاک کے درمیان کثیر آبادی والے علاقے کلی کتیر، کلی ماشیل کلی اندرا، کلی تاج وال، کلی سمنگلی، کلی داوی، کلی شریف، کلی کرک، کلی ملاز، کلی جمیل اباد، ڈی ایچ اے، کلی علی محمد، کلی صوفی و دیگر گاؤں پیپلزٹرین کی سہولت سے محروم ہیں۔ ہم علاقے کے عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ کلی ملازئی کے قریب پک اینڈ ڈراپ کیلئے ایک سٹاف اسٹیشن بنایا جائے جہاں ریلوے کے کوارٹرز پہلے سے موجود ہیں۔

بقیہ | صورتحال | 46

ہے کی سیاسی و علاقائی صورتحال، پارٹی امور اور تنظیمی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر پارٹی کو مزید فعال اور منظم بنانے سمیت باہمی تعاون کے فروغ پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے اور کارکنوں سے رابطے مضبوط کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

بقیہ | حاصل | 47

کے خلاف کے شواہد بھی حاصل کرلیے اور ان افراد کے خلاف تحقیقات آخری مراحل میں داخل ہو چکے ہیں جس سے کئی افسران روپوش ہوگئے اینٹی کرپشن بلوچستان کے ترجمان کے مطابق وزیر اینٹی کرپشن صادق عمرانی کے مبینہ فرنٹ مینوں کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ کارروائی کے دوران ایس ڈی او امین عمرانی کے متعدد کمپنیوں کی ملکیت سے متعلق شواہد سامنے آنے پر تحقیقات تیز کر دی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ اریگیشن، محکمہ زراعت، واٹر مینجمنٹ، مارکیٹ کمیٹی، ریونیو اور فوڈ ڈیپارٹمنٹ سے متعلق مبینہ مالی بے ضابطگیوں، سرکاری و کمرشل اراضی پر قبضوں اور ان زمینوں پر قائم پٹرول پمپس اور سی این جی اسٹیشنز کا ریکارڈ بھی جمع کیا جارہا ہے۔ دوسری جانب محکمہ اریگیشن میں پٹ فیڈر کینال کے منصوبے میں اربوں روپے کی مبینہ کرپشن کی بھی تحقیقات کی جارہی ہیں۔

بقیہ | استعمال | 48

صاف پانی استعمال کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ پانی کو ممکنہ آلودگی سے محفوظ رکھنے کے لیے اسے ابال کر استعمال کیا جائے، جبکہ بازار سے خریدے جانے والے پھل اور سبزیاں بھی صاف پانی سے اچھی طرح دھو کر استعمال کی جائیں۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ ایسے کھانے پینے کے مراکز سے گریز کریں جہاں صفائی ستھرائی کے مناسب انتظامات موجود نہ ہوں، کیونکہ آلودہ پانی اور غیر معیاری خوراک مختلف بیماریوں کے پھیلاؤ کا سبب بن سکتی ہے۔ ڈاکٹر یاسر اقبال خوستی نے کہا کہ ٹائیفائیڈ کی علامات ظاہر ہونے کی صورت میں خود سے ادویات استعمال کرنے کے بجائے مستند ڈاکٹر سے رجوع کیا جائے اور معالج کی ہدایت کے مطابق علاج مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بیماریوں سے بچاؤ کے لیے شہریوں کے ساتھ متعلقہ اداروں کو بھی صاف پانی، خوراک کے معیار اور صفائی کے انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے۔

بقیہ | ڈسٹرکٹ | 49

دی جارہی ہے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر تربت، ڈاکٹر نوروز یعقوب نے عوام سے اپیل کی ہے کہ زچگی اور ڈلیوری کے لیے ڈی ایچ کیو تربت کے مادر و بچہ صحت مرکز سے رجوع کریں، جہاں 24 گھنٹے طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماں اور بچے کی صحت محکمہ صحت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، جبکہ محفوظ زچگی کے لیے بروقت طبی امداد کی فراہمی انتہائی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حاملہ خواتین کو چاہیے کہ وہ زچگی کے دوران کسی بھی ممکنہ پیچیدگی سے بچاؤ اور اپنی صحت کے تحفظ کے لیے مستند طبی عملے کی خدمات حاصل کریں۔ بروقت طبی معائنہ اور مناسب طبی سہولیات ماں اور بچے کی صحت کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، اس لیے عوام کو سرکاری صحت مراکز میں دستیاب سہولیات سے بھرپور استفادہ کرنا چاہیے۔ محکمہ صحت تربت عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری صحت مراکز پر اعتماد کی بحالی کے لیے کوشاں ہے۔ مادر و بچہ صحت مرکز تربت میں 24 گھنٹے زچگی کی سہولیات کی دستیابی اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ ان سہولیات سے فائدہ اٹھائیں اور محفوظ زچگی کے فروغ کے لیے محکمہ صحت کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ | وسائل کو موقع | 50

یات سنیں جبکہ متعدد مسائل کو موقع پر ہی حل کیا گیا اور متعلقہ افسران کو فوری کارروائی کی ہدایات جاری کی گئیں۔ کھلی کچہریوں کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان رابطے کو مزید مؤثر بنانا، شہریوں کی شکایات براہ راست سننا اور ان کے مسائل کا بروقت ازالہ یقینی بنانا ہے۔

بقیہ | روشنی | 51

خصوصی ہدایات کی روشنی میں عوامی شکایات کے ازالے کے حوالے سے انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی برانچ کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر ڈی آئی جی IAB نے واضح ہدایت دی کہ عوامی شکایات پر مؤثر، شفاف اور بروقت کارروائی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور شکایات کے ازالے میں کسی قسم کی غیر ضروری تاخیر، غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اجلاس کے دوران فیصلہ کیا گیا کہ سنگین نوعیت کی تمام شکایات فوری طور پر "پینل آف انکوائریز" کو بھجوائی جائیں گی۔ اس پینل میں اچھی شہرت کے حامل گریڈ 18 سے گریڈ 21 تک کے سینئر PSP افسران شامل ہوں گے، جو اہم اور حساس نوعیت کے الزامات وشکایات کی غیر جانب دارانہ تحقیقات کریں گے۔ اجلاس میں متعلقہ افسران کو ہدایت دی گئی کہ انکوائری کا عمل مکمل شفافیت، غیر جانبداری اور میرٹ کی بنیاد پر انجام دیا جائے اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔

بقیہ | اسحاق حیدری | 52

ہزارہ، جواد آغا، اسحاق حیدری جعفر اصغری حماد حسین رحیم شاہ سید، رحمت علی دوست محمد دوستو، ناظم حسین ہزارہ، سجاد علی اور اعجاز احمد شامل تھے۔ انہوں نے اپنے تحفظات کا اظہار کیا، پارٹی کے صوبائی صدر اسلم بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی ایک سیاسی و جمہوری جماعت ہے جو بلوچستان کے تمام اقوام زبان ثقافت اور نسل سے تعلق رکھنے والے افراد کو عزت اور قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے ہزارہ قوم تو روز اول سے بلوچستان کی ترقی پسند و جمہوری سیاست کا حصہ رہتے ہوئے بلوچستان کو اپنا وطن تصور کیا ہے، انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی ایک جمہوری جماعت ہے اس کے تمام فیصلے پارٹی ادارے کرتے ہیں بلوچستان کی موجودہ صورتحال میں تمام پڑھے لکھے باشعور افراد کو بھرپور انداز سے اپنا سیاسی کردار ادا کرنا چاہیے۔

بقیہ | عظمت | 53

ہے۔ واقعے میں عظمت رسول اور محسن جٹ شہید ہوئے، جبکہ ایک شہری زخمی ہوا۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ عظمت رسول اور محسن جٹ کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ بین الاقوامی سرحد پر نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا انسانی جان کی حرمت اور طے شدہ سرحدی ضوابط کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم پاکستانی شہریوں کے خون کو بھارتی حکومت اور میڈیا کسی من گھڑت بیانیے کے ذریعے نہیں چھپا سکتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے، تاہم ملک کی امن پسندی کو کمزوری نہ سمجھا جائے۔ قوم اپنی خودمختاری اور سلامتی کے دفاع کے لیے متحد ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ بھارت کو معرکہ حق کے نتائج سے سبق سیکھتے ہوئے بین الاقوامی سرحد پر طے شدہ ضوابط اور انسانی جان کے احترام کو یقینی بنانا چاہیے۔

بقیہ | 54

میں واقعہ کے نتیجے میں ایک نوجوان کی ہلاکت اور دو نوجوانوں کے زخمی ہونے پر انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے عوام سے جاری صورتحال کے پیش نظر ایک شہر سے دوسرے شہر سفر کے دوران احتیاط برتنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ فارم 47 کی مسلط اور نااہل حکومت نے صوبے کی صورتحال کو ناقابل بیان بناکر رکھ دیا ہے۔ بیان میں نوجوان کی ہلاکت پر اسکے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد مکمل صحت یابی کی دعا مانگی گئی۔

بقیہ | عامر حسین | 55

میں مبینہ طور پر دیور عامر حسین نے کلہاڑیوں کی وار کے اپنی بھابھی زوجہ محرم خان بروہی جو کہ دو بچوں کی ماں تھی بے دردی سے قتل کر کے فرار ہوگیا واقعے کی اطلاع پر ورثاء اور مقامی پولیس موقع پر پہنچ کر لاش کو ڈی ایچ کیو گنداوہ منتقل کردیا گیا تاہم ڈاکٹرز نہ ہونے کی وجہ سے مقتولہ کا پوسٹ مارٹم نہ ہونے پر ورثاء نے شدید احتجاج کرتے ہوئے گنداوہ کوتوال روڈ بلاک کردی جس سے ٹریفک کی روانگی معطل ہوگئی واقعے کی اطلاع پر ڈی ایس پی و پولیس کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے

بقیہ | رائے | 56

کے مطابق ارکان کی رائے تھی کہ محمود خان اچکزئی اور علامہ راجا ناصر عباس کی بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کی صورت میں کوئی راہ نکل سکتی ہے جبکہ بعض ارکان کی رائے تھی کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات میں پی ٹی آئی رہنما بھی جائیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں مذاکرات کے دوران میڈیا پر بیانات نہ دینے پر اتفاق ہوا، تاہم بعض ارکان نے کہا کہ رانا ثناءاللہ اور شیری رحمان نے میڈیا پر بیانات دے کر اچھا نہیں کیا۔ پی ٹی آئی کی سیاسی و کور کمیٹی کے اجلاس میں محسن نقوی کی مذاکرات میں دہشت گردی سے متعلق بریفنگ اور کے پی حکومت کے بارے میں ان کے بیانات کا جائزہ لیا گیا، جبکہ ارکان نے اتفاق کیا کہ صوبائی حکومت اور وفاق میں روابط ہونے چاہئیں۔

بقیہ | واجبات | 57

زمین حج 2027 اپنی واجبات کی دوسری قسط 5 اکتوبر سے جمع کراسکیں گے، دوسری قسط 5 تا 20 اکتوبر تک جمع کراسکیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ حج واجبات کی دوسری قسط بھی پاک حج ایپ یا ڈیجیٹل پورٹل کے ذریعے جمع ہوگی لہٰذا عازمین حج مقررہ تاریخ تک دوسری قسط کی ادائیگی یقینی بنائیں۔ ترجمان مذہبی امور نے کہا کہ مقررہ تاریخ تک واجبات جمع نہ کروانے پر حج درخواست منسوخ تصور ہوگی، درخواست منسوخی کے بعد جمع شدہ رقم عازم حج کے اکاؤنٹ میں واپس بھجوا دی جائے گی۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق حج میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ دوسری قسط سے قبل اپ لوڈ کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے، میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ پاک حج ایپ یا ڈیجیٹل حج پورٹل پر اپ لوڈ کیا جائے۔ ترجمان نے واضح کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری عازمین حج مقررہ تاریخ سے قبل تمام مطلوبہ کارروائی مکمل کرلیں۔

بقیہ | مطابق طالبہ نے | 58

گیا۔ پولیس کے مطابق طالبہ نے سوشل میڈیا پر اعلیٰ حکام سے انصاف کی اپیل کی تھی، جس پر ڈی آئی جی آپریشنز کے حکم پر فوری مقدمہ درج کیا گیا۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ ملزم عبدالرحمان کی طالبہ سے کسی بات پر تلخ کلامی ہوئی، جس کے دوران اس نے سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں اور نازیبا زبان استعمال کی۔ پولیس کے مطابق ملزم نے طالبہ کے اپارٹمنٹ میں داخل ہو کر توڑ پھوڑ بھی کی اور کمرے کو نقصان پہنچایا۔ ترجمان نے بتایا کہ گرفتار ملزم کو مزید تفتیش کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کردیا گیا ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کا کہنا ہے کہ خواتین اور بچوں سے متعلق واقعات پر زیرو ٹالرنس پالیسی ہے اور کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

بقیہ | تعیناتی کے | 59

سہیل جہانگیر کی تعیناتی کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں، جس کے بعد وہ بلوچستان میں نادرا کے انتظامی امور، شہریوں کو شناختی دستاویزات کی فراہمی اور متعلقہ معاملات کی نگرانی کریں گے۔ سہیل جہانگیر کی تعیناتی کے بعد نادرا بلوچستان کوئٹہ زون کے امور میں مزید بہتری اور شہریوں کو سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کیے جانے کی توقع ہے۔

بقیہ | اضافی تجارت | 60

رسائی اور اضافی تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے ایکسپورٹ فنانس بینک آف پاکستان کے لیے برآمدی مالیاتی مصنوعات کی تیاری سے متعلق مجوزہ اقدامات بیان کیے گئے ہیں۔ ان امور پر وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور ورلڈ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر بولورما امگابازار کی قیادت میں آنے والے وفد کے درمیان ایک اجلاس میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں جاری اقتصادی اصلاحاتی شراکت داری کے تحت پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ | فائرنگ | 61

رہا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ فائرنگ کے بعد ملزم چلتی گاڑی سے فرار ہوگیا، تاہم بعدازاں اسے گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقتول اور ملزم کے درمیان مالی تنازع چل رہا تھا۔ دونوں گزشتہ 10 برس سے دوست اور کاروباری شراکت دار بھی تھے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گاڑی میں تلخ کلامی کے دوران ملزم نے مقتول پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں وہ جاں بحق ہوگیا۔ واردات میں استعمال ہونے والا پستول بھی ملزم سے برآمد کرلیا گیا ہے۔

بقیہ | کانفرنس | 62

کوئٹہ نواں کلی علاقائی کانفرنس کے کھلے اجلاس میں مرکزی تحریری اجتماع بیاد شہدائے جمہوریت و شہدائے وطن منعقد ہوگا بیان میں کہا گیا ہے کہ 7 اکتوبر 1983 کا دن ملک کی جمہوری تاریخ میں ایک اہم حیثیت رکھتا ہے آمریت کے بدترین دور میں جب ملک میں آئینی و جمہوری اداروں کو معطل، سیاسی سرگرمیوں پر پابندیاں عائد اور عوام کے بنیادی سیاسی حقوق سلب کیے گئے تھے، اس وقت جمہوریت پسند سیاسی کارکنوں نے آمریت کے سامنے سرجھکانے سے انکار کیا۔

بقیہ | انتظام مکمل | 63

ل سے کہہ رہے ہیں کہ پورا انتظام مکمل طور پر کولیپس ہو چکا ہے، لیکن اب جوں جوں وقت گزر رہا ہے سب کو یہ حقیقت تسلیم کرنا پڑ رہی ہے۔ ایک تقریب میں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ ریاست مکمل طور پر چند سرمایہ داروں کے شکنجے اور قبضے میں آچکی ہے۔ مجھے محمد علی درانی کی اس بات سے مکمل اتفاق ہے کہ تمام سابقہ و موجودہ نیشنس پر آئین کے آرٹیکل 6 کے تحت غداری کے مقدمات چلائے جائیں اور اس کی ابتدا بسم اللہ کر کے فیلڈ مارشل ایوب خان کے دور سے کی جائے۔ پی پی رہنما نے کہا کہ بھٹو کا تو پورا خاندان پہلے ہی پھانسی چڑھ چکا ہے، لیکن باقی تمام ڈکٹیٹرز اور حکمرانوں کو بھی اس کٹہرے میں کھڑا کیا جائے، میں خود بھی اس کے لیے حاضر ہوں، آپ لوگ بھی حاضر ہوں اور اس ملک کو تباہ کرنے والے سب کو پھانسی پر لٹکایا جائے۔ ندیم افضل چن کا کہنا تھا کہ صوبوں کے حقوق اور مطالبات اپنی جگہ بالکل جائز اور درست ہیں

بقیہ | واقعہ کی | 64

فراد نے اغواء کرلیا واقعہ کی اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز نے علاقے میں ان کی بازیابی کیلئے سرچ آپریشن شروع کردیا۔

بقیہ | صوبائی | 65

محمد تحقیق، عابد حسین کو صوبائی معاونین برائے استصواب امرائے اضلاع مقرر کرکے اپنی نگرانی میں تمام اضلاع کو طلبہ پیپرز بذریعہ ڈاک و دستی ارسال کیے گئے ہیں۔ مرتضیٰ خان کاکڑ نے اضلاع کی سطح پر بھی استصواب کے عمل کو بہتر منظم و شفاف بنانے کیلئے مزید 20 معاونین مقرر کر دیئے۔ ناظمین استصواب پہلی فرصت میں ہر ضلع میں انتخابی اجتماع ارکان کی تاریخ طے کریں گے جس میں ضلع کے تمام ارکان کو کرڈ افراد یا بذریعہ فون مطلع کریں گے تاکہ حاضری سو فیصد رہے۔

بقیہ | موبائل | 66

سے لاکھوں روپے نقدی موبائل فونز و دیگر سامان چھین کر فرار ہوگئے پولیس کے مطابق بختیار آباد پولیس تھانے کی حدود قومی شاہراہ پر مسلح ڈاکوؤں نے ناکہ لگا کر کوئٹہ سے جیکب آباد جانے والی گاڑیوں کو روک کر مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی درجنوں موبائل فون گھڑیاں و دیگر سامان لوٹ کر فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی اور علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ | بدامنی | 67

کہ کوئٹہ شہر بدامنی اور انتظامی بے حسی کے باعث عملاً شہر بے یار و مددگار بن چکا ہے عوام کی جان و مال محفوظ نہیں قتل و غارت گری اور جرائم روز مرہ کا معمول بنتے جارہے ہیں حکومت اور انتظامیہ کی خاموشی نے عوامی تشویش میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو تحفظ فراہم کرنا حکومت اور انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے شہر میں امن و امان کی ابتر صورتحال اور بڑھتے ہوئے جرائم کے باعث شہری شدید اضطراب کا شکار ہیں۔ جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ نے ہمیشہ شہریوں کے بنیادی مسائل امن و امان اور عوامی حقوق کے حوالے سے جاندار آواز بلند کی ہے اور آئندہ بھی عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ 8 اکتوبر کو منعقد ہونے والے ضلعی مجلس عمومی کے اجلاس میں کوئٹہ کی موجودہ صورتحال سمیت شہر کو درپیش اہم مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا اور اراکین کی مشاورت سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ اجلاس کیلئے تمام اراکین کو دعوت نامے ارسال کیے جاچکے ہیں۔ موجودہ حالات کے تناظر میں اجلاس میں اہم فیصلے متوقع ہیں۔

بقیہ | سلام کے لاکھوں | 68

تی اور عالم اسلام کے لاکھوں رضا کار حرمین الشریفین کے تحفظ کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں استعماری قوتیں امت مسلمہ کے صبر، اتحاد اور غیرت وحمیت کا امتحان نہ لیں۔ شعائر اسلام اور مقدس مقامات صرف زمین کا ایک ٹکڑا نہیں بلکہ یہ ہمارے ایمان کا حصہ، ہماری اسلامی تاریخ اور شناخت کی علامت ہیں۔ یہ صرف مکہ مکرمہ پر حملہ نہیں۔ بلکہ دنیا بھر کے ڈیڑھ ارب سے زائد مسلمانوں کے دلوں پر حملہ ہے۔ شعائر اسلام کا دفاع اور ان کی حرمت کی پاسداری صرف ایک خطے کا مسئلہ نہیں، بلکہ پورے عالم اسلام کا مشترکہ فریضہ ہے۔

بقیہ | 69

قوتیں امت مسلمہ کے صبر، اتحاد اور غیرت وحمیت کا امتحان نہ لیں۔ شعائر اسلام اور مقدس مقامات صرف زمین کا ایک ٹکڑا نہیں بلکہ یہ ہمارے ایمان کا حصہ، ہماری اسلامی تاریخ اور شناخت کی علامت ہیں۔ یہ صرف مکہ مکرمہ پر حملہ نہیں۔

بقیہ | لانگ مارچ | 70

ل اور لانگ مارچ کے لئے ذاتی وسائل بھی استعمال کیے، اس مقصد کے لیے قرضے لیے اور جائیدادیں تک فروخت کیں، انہوں نے کہا کہ انہیں اس وقت دکھ ہوا جب ان کی بہن علیمہ خان نے ان اخراجات سے متعلق طنزیہ انداز میں سوال کیا، حالانکہ وہ جانتی ہیں کہ میں نے پارٹی کیلئے مالی طور پر کتنا تعاون کیا ہے۔ گنڈاپور کا کہنا تھا کہ اس معاملے پر انہیں اپنا موقف درست ثابت کرنے کیلئے اہم دستاویزات بھی شیئر کرنا پڑیں۔ لانگ مارچ کی تیاریوں کے بارے میں سابق وزیراعلیٰ نے کہا کہ انہیں لوگوں کی تعداد کا درست اندازہ نہیں، تاہم عمران خان سے محبت رکھنے والے کارکن نکلیں گے اور جو انتظامی ذمہ داریاں دی گئی ہیں انہیں پورا کیا جائے گا۔ انہوں نے اپنی سیاسی جدوجہد سے متعلق کہا کہ یہ میلہ بھی ہے، جھمیلا بھی ہے، پارٹی بھی ہے اور جنگ بھی ہے اور کوشش جاری رکھنا اور کارکنوں کو متحرک کرنا ان کا کام ہے، باقی نتیجہ اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ علی امین گنڈاپور نے پارٹی کے اندرونی معاملات اور بعض رہنماؤں سے متعلق سوالات پر جواب دینے سے گریز کیا اور کہا کہ وہ وقت کے ساتھ بہت کچھ سیکھ چکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ انسان کو اپنے تجربے کے ساتھ ساتھ دوسروں کے تجربات سے بھی سیکھنا چاہیے، تاہم بعض معاملات پر دو ٹوک الفاظ گفتگو نہیں کرنا چاہتے۔ عمران خان کی جانب سے انہیں دوبارہ پارٹی یا حکومت کی ذمہ داری دیئے جانے سے متعلق سوال پر گنڈاپور نے کہا۔

بقیہ | تحقیقات شروع | 71

سے گہرائی سے تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ بچے کی موت کے حوالے سے مزید حقائق اور اصل وجوہات تفتیش مکمل ہونے کے بعد ہی سامنے آسکیں گی۔

بقیہ | 510 | 72

ب احمد کے قبضے سے 510 گرام چرس برآمد کرلیا۔ قائد آباد پولیس نے محمد عقیل کے قبضے سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلئے دوسری کارروائی میں نجیب اللہ کے قبضے سے 410 گرام چرس برآمد کرلی۔ سٹی پولیس نے اکبر احمد کے قبضے سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ اور عاصم کے قبضے سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلئے۔ تھانہ عبدالخالق شہید کے عملے نے مہربان کے قبضے سے 2 موٹرسائیکلیں برآمد کرلی۔

بقیہ | 2026 | 73

15 اکتوبر 2026 کو راولپنڈی میں منعقد ہوگا۔ اس قرعہ اندازی میں کل 1,700 خوش نصیب نمبروں کو انعامات دیئے جائیں گے۔ قرعہ اندازی کے تحت ایک خوش نصیب شخص کو 15 لاکھ روپے کا پہلا انعام دیا جائے گا، جبکہ 3 افراد کو 5 لاکھ روپے فی کس دوسرا انعام ملے گا۔ اس کے علاوہ 1,696 کامیاب بانڈ ہولڈرز کو 9 ہزار 300 روپے فی کس تیسرا انعام دیا جائے گا۔

بقیہ | پارٹی | 74

میں پابند سلاسل رہے اور پارٹی کے کارکن ڈھائی سال تک مارشل لاء کورٹ میں پیش کرتے رہے اور محمود خان اچکزئی ساڑھے 6 سال روپوش رہے اور اسی طرح 11 اکتوبر 1991 کو شہداء وطن عبدالرحیم کلیوال شہید، صابر شاہ شہید، حبیب الرحمٰن شہید، صاحب خان شہید اور بازمحمد بازشہید کی شہادت ہوئی تھی پشتونخوا میپ ملک میں آئینی سیاسی جمہوری روایات کی بحالی، ملکی پارلیمنٹ کے اختیارات اور فیڈریشن کے زریں اصول اقتدار میں قوموں کی شراکت کو عملاً تسلیم کرنے، ملک کو سیاسی جمہوری پٹڑی پر ڈالنے، سیاسی استحکام سے مسائل حل کرنے کے اقدامات کے شعار کے تحت شہداء جمہوریت اور شہداء وطن کی برسیوں کے موقع پر 7 اکتوبر 2026 بروز بدھ کو ژوب شہر میں ضلع شیرانی اور ضلع ژوب کا مشترکہ جلسہ صبح 11 بجے منعقد کرنے جارہی ہے۔

بقیہ | بہت ہو | 75

رہے ہیں، لیکن اب بہت ہو چکا ہے۔ مزید بے گناہ جانوں کا ضیاع کسی صورت قابل قبول نہیں حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ہمارے قاتلوں کو جلد از جلد کیفر کردار تک پہنچائیں انہوں نے کہا کہ تمام ایجنسیز ادارے اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشتگردی کے سدباب میں مکمل طور پر ناکام نظر آرہے ہیں۔

مخلوط حکومت صوبے میں تعلیمی بہتری کیلئے اقدامات کر رہی ہے، مسلم لیگ (ن)

صوبائی وزیر تعلیم نے 4 ہزار غیر فعال سکول فعال، 14 ہزار اساتذہ کو میرٹ پر بھرتی اور 11 جامعات کے مسائل کے حل کیلئے

پارٹی کارکنوں کی حوصلہ افزائی اور ان کے مسائل کا حل ہماری ذمہ داری ہے، سردار یعقوب، جمال شاہ کاکڑ، راحیلہ درانی و دیگر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر نائب صدر و رکن قومی اسمبلی سردار یعقوب خان ناصر، صوبائی قائمقام جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، رکن قومی اسمبلی اختری بی بی، ایم ایس ایف بلوچستان کے صوبائی صدر حیدر خان اچکزئی سمیت دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ ہماری جماعت مخلوط حکومت میں تعلیم سمیت دیگر شعبوں کی بہتری کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے کسی بھی جماعت میں کارکن ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں کارکنوں کے مسائل کے حل کیلئے صوبائی رابطہ دفتر کا افتتاح 5 .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کی ضلعی کانفرنس کے موقع پر اراکین قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، سردار یعقوب ناصر و دیگر کا ایم ایس ایف کے طلباء کے ہمراہ گروپ فوٹو

اپنے حق سے دستبردار نہیں ہونگے، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ کچھ لوگوں نے سپاہیگر کا کردار ادا کیا ہے معاملات کو خراب کرنے کی کوشش کی ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لیکن ہمارا مقصد بہت بڑا ہے کہ اس ملک میں ریاست اور قوم میں ہم آہنگی ہو، اس کیلئے ہم ہر وہ قدم اٹھائیں گے جو ضروری ہو، اپنے حق سے دستبردار نہیں ہونگے۔

سریاب تا کچلاک پیپلز ٹرین چلانے کا خیر مقدم کرتے ہیں، جماعت اسلامی

کلی ملازئی کے قریب پک اینڈ ڈراپ کیلئے ایک سٹاف تاکہ شہری مستفید ہوسکیں

کچلاک کے درمیان کثیر آبادی والے علاقے سہولت سے محروم ہیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) سریاب تا کچلاک پیپلز ٹرین چلانے کا خیر مقدم کرتے ہیں لیکن اس روٹ پر کثیر آبادی وبڑے علاقے اسٹیشن اسٹاف سے محروم ہیں۔ حافظ نور علی نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان۔ نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا حافظ نور علی نے کہا کہ موجودہ مہنگائی کے دور میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کا کوئٹہ میں عوام دوست ٹرین چلا .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے پیپلز پارٹی کے رہنما ربانی خان کی ملاقات

ملاقات میں صوبے کی سیاسی و علاقائی صورتحال، پارٹی امور اور تنظیمی معاملات پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ نے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی ملاقات کے دوران صو .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

خواتین مریضوں کو بروقت طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے، ڈاکٹر نوروز

سہولیات ماں اور بچے کی صحت کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر تمپ، ڈاکٹر نوروز یعقوب کی سربراہی میں ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال تمپ کے مادر و بچہ صحت مرکز (MCH) میں عوام کا اعتماد بحال کرنے اور ماں و بچے کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ اس سلسلے میں زچگی کی سہولیات کو مؤثر بنانے اور خواتین کو بروقت طبی امداد فراہم کرنے پر خصوصی توجہ .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ کے خروٹ آباد تھانے میں کھلی کچہری کا انعقاد

افسران نے شہریوں کے مسائل سنے اور فوری حل کیے گئے

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی ہدایات پر تھانہ خروٹ آباد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری ایس پی صدر شفقت جتوئی، ڈی ایس پی شوکت جدون کی سربراہی میں ایس ایچ او احسان مروت ایس ایچ او بروری نصیب اللہ ناصر کی موجودگی میں منعقد ہوئی، جس میں علاقے کے معتبرین، معززین اور شہریوں نے شرکت کی۔ پولیس افسران نے شہریوں کے مسائل اور شکا .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور، دو میٹرو بسوں میں تصادم، 10 مسافر زخمی

لاہور (آئی این پی) لاہور کے آزادی اسٹیشن پر دو میٹرو بسیں آپس میں ٹکرا گئیں، حادثے میں دس مسافر زخمی ہوگئے۔ ریسکیو کے مطابق حادثہ شاہدرہ کے قریب آزادی اسٹیشن پر پیش آیا، جہاں دو میٹرو بسیں آپس میں ٹکرا گئیں، حادثے میں دس مسافر زخمی ہوئے، جن میں سے 9 کو معمولی چوٹیں آئیں۔

پی ٹی آئی کور کمیٹی کا اجلاس، ارکان کا میڈیا پر بیانات نہ دینے پر اتفاق

ایمرجنسی لگانے کا مکمل پلان نظر آتا ہے، سلمان اکرم راجا، حکومت مثبت پیش رفت کرتی ہے تو مارچ کی تاریخ آگے بڑھائی جا سکتی ہے، ارکان

اجلاس میں محسن نقوی کی مذاکرات میں دہشت گردی پر بریفنگ اور کے پی حکومت کے بارے میں ان کے بیانات کا جائزہ لیا گیا، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت سے مذاکرات کے پہلے دور کے بعد ہونے والے پی ٹی آئی کی سیاسی و کور کمیٹی کے اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں بیرسٹر گوہر نے حکومت کے ساتھ ہونے والے مذاکرات سے متعلق بریف کیا جبکہ سلمان اکرم راجا نے کہا کہ ایمرجنسی لگانے کا مکمل پلان نظر آتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے اجلاس میں شریک ارکان کی اکثریت کی رائے تھی کہ مذاکرات کا سلسلہ آگے بڑھایا جائے، حکومت مثبت پیش رفت کرتی ہے تو لانگ مارچ ختم کرنے کے بجائے تاریخ آگے بڑھائی جا سکتی ہے۔ ذرائع .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی آئی جی پولیس انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی برانچ (IAB) برکت حسین کھوسہ عوامی شکایات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سہیل جہانگیر (نادرا) کوئٹہ زون کے ڈائریکٹر جنرل تعینات

بلوچستان میں نادرا کے انتظامی امور ... کی نگرانی کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) سہیل جہانگیر کو ڈائریکٹر جنرل نادرا کوئٹہ زون تعینات کر دیا گیا .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

7 اکتوبر کو جمہوریت پسند سیاسی کارکنوں نے سر جھکانے سے انکار کیا، پشتونخوا میپ

شہداء نے نعرے بلند کرتے ہوئے جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوام کے حق حکمرانی کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا

... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ بدامنی کے باعث شہر ناپرساں بن چکا، مولانا عبدالرحمان رفیق

حکومت اور انتظامیہ کی خاموشی نے عوامی تشویش میں مزید اضافہ کر دیا، امین اللہ شمس

جمعیت نے شہریوں کے حقوق کیلئے ہمیشہ جاندار آواز بلند کی، مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی امین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے کہا ہے .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، نواں کلی بائی پاس پر پل کی تعمیر کا منظر

کوئٹہ پولیس کی کارروائیاں جاری، جرائم میں ملوث 9 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے بھاری مقدار میں چرس، موٹر سائیکلیں، اسلحہ و ایمونیشن برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں، سنیچرز اور مختلف مقدمات میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 9 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں چرس، موٹر سائیکلیں، اسلحہ، ایمونیشن برآمد کرلیا پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر سٹیلائٹ ٹاؤن پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے محمد جان کے قبضے سے 515 گرام چرس اور آفتا .... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

بھاگ، بی سی آر جی اہلکار دوران سفر پراسرار طور پر لاپتہ

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ضلع کچھی کے علاقے بھاگ کا نوجوان بی سی آر جی کا اہلکار دوران سفر پراسرار طور پر لاپتہ ورثاء کی جانب سے اغواء کا خدشہ ظاہر کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق بی سی آر جی کا نوجوان اہلکار ریاض احمد مغیری گزشتہ روز چھٹی پر اپنے گھر کوئٹہ سے بھاگ جاتے ہوئے بھاگ کی حدود سے پراسرار طور پر لاپتہ ہوگیا ہے ورثاء کے مطابق گزشتہ دو روز سے وہ لاپتہ اور اسکا موبائل فون بھی مسلسل بند جا رہا ہے۔

پارلیمنٹ کیساتھ سنگین مذاق نے ملک کو بحرانوں میں مبتلا کیا، پشتونخوا میپ

معاشی طور پر ملک کنگال ہو چکا، مہنگائی، بیروزگاری عروج پر ہے اور وحشت و دہشت کھلے عام جاری ہے

شہداء جمہوریت کی برسی کے موقع پر 7 اکتوبر کو ژوب میں جلسہ ہوگا جس سے چیئرمین پشتونخوا میپ محمود خان اچکزئی خطاب کریں گے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک پر مسلط طویل مارشل لاء اور سندھ کے قومی سیاسی جمہوری کی جمہوری آواز کو قاتلانہ حملوں سے دبانے کے خلاف کوئٹہ میں ایم آر ڈی کی جانب سے 7 اکتوبر 1983 کو احتجاجی مظاہرے پر گولیاں چلانا جس میں پارٹی کے چار کارکنوں کا محمود شہید، اولس یار شہید، داؤد شہید اور رمضان شہید ہوئے اور ڈاکٹر کلیم اللہ، عبدالقہار خان وداان اور تقریباً دو درجن سے زیادہ کارکنوں کے ساتھ اپنے ہی کارکن کے قتل کے جھوٹے بے بنیاد مقدمات .... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسلام آباد پالیسی ریسرچ انسٹیٹیوٹ میں تقریب کے دوران موضوع پر اظہار خیال کر رہے ہیں

ٹکری مجیب کھیازئی کی شہادت دلخراش واقعہ ہے، نواب زہری

قبائلی شخصیات کو دہشتگردی کا نشانہ بنانا قابل مذمت عمل ہے، سابق وزیر اعلیٰ

ٹکری مجیب کی شہادت پورے علاقے کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے، چیف آف جھالاوان

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے ممتاز قبائلی رہنما ٹکری مجیب کھیازئی کی دہشت گرد حملے میں شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

بی ایم سی ہسپتال کی انتظامیہ اپنا قبلہ دوست کرے، ترجمان

ڈاکٹرز کیساتھ غیر پیشہ ورانہ رویہ برداشت نہیں، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال انتظامیہ کے بعض ذمہ داران کی جانب سے ڈاکٹروں کے ساتھ مبینہ بدتمیزی، ناروا رویے کے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

اینٹی کرپشن نے مختلف محکموں میں کرپشن کیخلاف تحقیقات تیز کر دیں

اریگیشن اور دیگر محکموں میں کرپشن کیخلاف شواہد بھی حاصل کر لیے

کوئٹہ (اے این این) اینٹی کرپشن ایک بار پھر متحرک، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی خصوصی ہدایات پر مختلف محکموں میں کرپشن کیخلاف تحقیقات نہ صرف تیز کر دی بلکہ اریگیشن اور دیگر محکموں کے خلاف کرپشن .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی شکایات کے ازالے میں تاخیر برداشت نہیں، ڈی آئی جی

عوامی شکایات پر مؤثر، شفاف اور بروقت کارروائی ہر صورت یقینی بنائی جائے جو ہماری اولین ترجیح ہے، برکت حسین کھوسہ

شکایات فوری طور پر "پینل آف انکوائریز" کو بھجوائی جائیں گی جس میں اچھی شہرت کے حامل گریڈ 18 سے 21 کے سینئر افسران شامل ہوں گے

انکوائری کا عمل مکمل شفافیت، غیر جانبداری اور میرٹ کی بنیاد پر انجام دیا جائے، زیر صدارت اجلاس میں ہدایت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان پولیس نے عوامی شکایات کے مؤثر، شفاف اور بروقت ازالے کو یقینی بنانے اور غیر جانبدار احتساب کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں ڈی آئی جی انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی برانچ (IAB) برکت حسین کھوسہ کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں IAB اور متعلقہ اضلاع کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان کی .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، عالمگیر خان مندوخیل ینگ لائرز فورم کے صدر منتخب ہونے پر حلف لے رہے ہیں

جھل مگسی، دیور نے بھابھی کو بے دردی سے قتل کر دیا، ملزم فرار

لاش ہسپتال منتقل، ڈاکٹرز نہ ہونے کی وجہ سے پوسٹ مارٹم نہ ہو سکا

لاش کے ہمراہ لواحقین کا احتجاج گنداواہ تو تال روڈ بلاک ٹریفک معطل

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی کوٹرہ میں دیور کے ہاتھوں دو بچیوں کی ماں بے دردی سے قتل کر دیا گیا ملزم فرار، لاش گنداواہ پوسٹ مارٹم کیلئے سول اسپتال منتقل، ڈاکٹرز نہ ہونے کی وجہ سے پوسٹ مارٹم نہ ہونے پر لواحقین کا شدید احتجاج گنداواہ تو تال روڈ بلاک ٹریفک معطل ہو گئی۔ پولیس کے مطابق گزشتہ شب جھل مگسی پولیس تھانہ کوٹرہ کی حدود .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

عازمین حج واجبات کیلئے دوسری قسط جمع کروانے کا آغاز کل سے ہوگا

عازمین حج مقررہ تاریخ تک دوسری قسط کی ادائیگی یقینی بنائیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزارت مذہبی امور نے کہا ہے کہ سرکاری عازمین حج 2027 کے تحت حج واجبات کی دوسری قسط جمع کروانے کا آغاز کل 5 اکتوبر (پیر) سے ہوگا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق ترجمان وزارت مذہبی امور نے بتایا کہ سرکاری عا .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، سی ویو پر چلتی گاڑی میں قتل، پولیس اہلکار ملوث نکلا

گاڑی میں تلخ کلامی کے دوران ملزم نے مقتول پر فائرنگ کر دی

کراچی (آئی این پی) کراچی کے علاقے سی ویو میں گاڑی سے لاش ملنے کا معمہ حل ہوگیا اور قاتل پولیس اہلکار نکلا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم اسرار فارن سکیورٹی سیل میں تعینات ہے اور واقعے کے وقت پولیس یونیفارم میں مقتول کی گاڑی میں موجود تھا۔ ایس ایس پی ساتھ کے مطابق ملزم اسرار پولیس اہلکار ہے اور فارن سکیورٹی سیل میں فرائض انجام دے .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ انڈسٹریل پولیس کی کارروائی، قتل کے مقدمے میں ملوث ملزم گرفتار

ملزم نے فائرنگ کر کے زعفران نامی شخص کو قتل کیا تھا، مزید تفتیش جاری ہے، پولیس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) انڈسٹریل پولیس نے قتل کے مقدمے میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ روز تھانہ انڈسٹریل کے علاقے اے ٹی ایل چوک کے قریب ایک شخص عبدالخالق نے فائرنگ کر کے زعفران نامی شخص کو زخمی کر دیا پولیس نے واقعے کی اطلاع ملنے پر موقع پر پہنچ کر زخمی کو ہسپتال منتقل کیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا پولیس نے ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر کے مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

کوئٹہ، نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے لوگ ملاقات کر رہے ہیں

بختیار آباد میں قومی شاہراہ پر ڈاکوؤں کی لوٹ مار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بختیار آباد میں قومی شاہراہ پر ڈاکوؤں کی لوٹ مار متعدد گاڑیوں کے مسافروں .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی عرب پر حوثی حملوں نے عالم اسلام کو ہلا کر رکھ دیا، جمعیت نظریاتی

حرمین الشریفین کی جانب حوثیوں کی جارحیت عالم اسلام پر حملے کے مترادف ہے، مولانا عبدالقادر لونی، مولانا محمود الحسن قاسمی

حرمین الشریفین کا تحفظ تمام مسلمانوں کی اولین ذمہ داری ہے، مفتی شفیع الدین، سید عبدالستار شاہ چشتی، حاجی حیات اللہ کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مرکزی مجلس عاملہ کے ارکان وصوبوں کے امراء وناظمین نے کہا کہ سعودی عرب پر حوثیوں کے حملے نے عالم اسلام کو ہلا کر رکھ دیا حرمین الشریفین پر حوثیوں کی جارحیت عالم اسلام پر حملے کے مترادف ہے حرمین الشریفین کا تحفظ تمام مسلمانوں کی ایمان کا حصہ ہے جمعیت نظریا .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

لاڑکانہ، فائرنگ سے باپ 3 بیٹوں سمیت 5 افراد جاں بحق

پولیس نے ملزمان کی گرفتاری کیلئے علاقے کی ناکہ بندی کر دی گئی

لاڑکانہ (آئی این پی) لاڑکانہ میں فائرنگ سے باپ اور 3 بیٹوں سمیت 5 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا واقعہ رتوڈیرو کے جیکب آباد روڈ پر پیش آیا جہاں نامعلوم مسلح ملزمان نے اندھا دھند فائرنگ کی جس کے نتیجے میں 5 افراد .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

750 روپے کے پرائز بانڈز کیلئے قرعہ اندازی کی تاریخ کا اعلان

کل 1,700 خوش نصیب نمبروں کو انعامات دیئے جائیں گے، اسٹیٹ بینک

راولپنڈی (آئی این پی) 750 روپے کے پرائز بانڈز رکھنے والے افراد کے لئے قرعہ اندازی کی تاریخ کا اعلان کر دیا گیا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور قومی بچت کے سالانہ شیڈول کے مطابق 750 روپے والے پرائز بانڈ کا اگلا ڈرا جمعرات ...... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، مشرقی بائی پاس پر نالیوں کا گندا پانی سڑک پر بہہ رہا ہے

شعبہ صحت کی بہتری کیلئے ہر ممکن مثبت کردار ادا کرینگے، مالک بلوچ

سابق وزیر اعلیٰ سے پی ایم اے کے وفد کی ملاقات، حکومت کی جانب سے ڈاکٹروں پر عائد ٹیکسوں سے پیدا مشکلات سے آگاہی حاصل کی

ملاقات میں نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر ڈاکٹر اسحاق بلوچ، رکن صوبائی اسمبلی پھلین بلوچ و پارٹی کے دیگر رہنما بھی موجود تھے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) بلوچستان اور کوئٹہ زون کی کابینہ کے ایک نمائندہ وفد نے پی ایم اے بلوچستان کے صدر ڈاکٹر نعیم زرکون کی قیادت میں نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے ملاقات کی ملاقات میں ڈاکٹروں کو درپیش مسائل، ٹیکسوں کے نفاذ، اے آئی اینڈ نیس سسٹم اور صحت کے شعبے میں انتظامی ذمہ داریوں سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر ڈاکٹر اسحاق بلوچ، رکن صوبائی اسمبلی پھلین بلوچ اور پارٹی کے دیگر رہنما بھی موجود تھے پی ایم اے بلوچستان کے وفد میں جنرل سیکرٹری ڈاکٹر زرک محمد شاہی، جوائنٹ سیکرٹری ڈاکٹر احمد .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر، صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی جی ڈی اے سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلاول بھٹو زرداری کا ملک عیسیٰ خان ملازئی کی والدہ کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے نائب صدر ملک عیسیٰ خان ملازئی کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے ملک عیسیٰ خان ملازئی اور ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کیلئے دعائے مغفرت کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ملک عیسیٰ خان ملازئی سمیت تمام سوگوار اہل خانہ کیلئے صبر جمیل کی بھی دعا کی۔

کوئٹہ میں ٹائیفائیڈ کے کیسز میں اضافہ باعث تشویش

بچاؤ کیلئے شہری احتیاطی تدابیر اختیار کریں، ڈاکٹر یاسر خوتی

آلودہ پانی سے گریز اور مستند ڈاکٹر سے رجوع کیا جائے، ماہر معالج

کوئٹہ (یو این اے) ممتاز معالج ڈاکٹر یاسر اقبال خوتی نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر میں ٹائیفائیڈ کے کیسز میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے، جبکہ بعض مریضوں میں ادویات کے خلاف مزاحمت رکھنے والا ٹائیفائیڈ بھی سامنے آ رہا ہے، جس کے علاج کے لیے مہنگے انجکشن استعمال کرنا پڑتے ہیں۔ اپنے بیان میں ڈاکٹر یاسر اقبال خوتی نے شہریوں کو ٹائیفائیڈ سے بچاؤ کے لیے صفائی اور حفظان صحت کے اصولوں پر سختی سے عمل کرنے اور پینے کے لیے .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

رحیم یار خان، شیخ زید ہسپتال میں فالج کا پہلا انٹروینشنل کیس کامیابی سے مکمل

رحیم یار خان (آن لائن) شیخ زید ہسپتال رحیم یار خان میں وزیر اعلیٰ پنجاب سٹروک انٹروینشن پروگرام کے تحت فالج کا پہلا انٹروینشنل کیس کامیابی سے مکمل کر لیا گیا۔ پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد سلیم لغاری کے مطابق نیوروسرجن انٹروینشنل نیوروسرجن ڈاکٹر جاذب اور ان کی ٹیم نے مریض کی گردن کی بڑی شریان میں رکاوٹ دور کرنے کے لیے کیروٹڈ انجیو پلاسٹی اور سٹینٹنگ کامیابی سے کی۔ ڈاکٹر جاذب کے مطابق 35 سے 40 سالہ مریض کو بار بار فالج کے حملے ہو رہے تھے، جس پر سیریبرل انجیوگرافی کے ذریعے شریانوں کا معائنہ کیا گیا۔ پروسیجر کے بعد مریض کی حالت مستحکم رہی اور اسے مزید نگہداشت کے لیے آئی سی یو منتقل کر دیا گیا۔ حکام کے مطابق اس پروگرام کے تحت فالج کے مریضوں کو جدید تشخیص اور علاج کی سہولیات مقامی سطح پر میسر آسکیں گی، جس سے بروقت علاج اور دور دراز شہروں میں منتقلی کی ضرورت میں کمی آئے گی۔

نیشنل پارٹی سیاسی و جمہوری جماعت ہے، اسلم بلوچ

دوست نئے جذبے کے ساتھ پارٹی کو منظم کرنے میں کردار ادا کریں، حاجی عطاء محمد ہنگورگی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ، نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر حاجی عطاء محمد ہنگورگی، اور ضلعی یوتھ سیکرٹری عنایت بزدار نے علمدار روڈ اور ہزارہ ٹاؤن کے پارٹی دوستوں سے علمدار روڈ پر ملاقات کی ان کے تحفظات دور کر کے انہیں پارٹی میں فعال کردار ادا کرنے سے متعلق بات چیت کی ملاقات میں شبیر حسین .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین پیپلز پارٹی کی بھارتی جارحیت کی شدید مذمت

پاکستان امن کا خواہاں ہے، تاہم ملک کی امن پسندی کو کمزوری نہ سمجھا جائے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے قصور کے قریب پاک بھارت بین الاقوامی سرحد پر بھارتی بارڈر سکیورٹی فورس کی فائرنگ سے دو پاکستانی شہریوں کی شہادت کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ نہتے پاکستانی شہریوں کو فائرنگ کا نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

بولان میں ہزارہ نوجوانوں پر قاتلانہ حملہ قابل مذمت ہے، ایچ ڈی پی

قانون نافذ کرنے والے عوام کو تحفظ دینے میں مکمل ناکام ہو چکے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں بولان سے کوئٹہ کی طرف آنے والے ہزارہ نوجوانوں پر قاتلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت اور قاتلوں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کرتے ہوئے قومی شاہراہوں پر امن و امان کی مخدوش صورتحال کو صوبائی حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بدترین ناکامی قرار دیا۔ بیان .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

ورلڈ بینک کا پاکستان سے پراپرٹی و زرعی ٹیکس پر عملدرآمد کا مطالبہ

ترمیم شدہ صوبائی قوانین پر عملدرآمد، ڈیجیٹل رجسٹریشن، ریٹرن جمع کرانے، ادائیگی نظام اور وفاقی و صوبائی سطح پر ڈیٹا کے تبادلے کی ضرورت ہے

... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

قلات، مسلح افراد نے 3 نوجوانوں کو اغوا کرلیا

سیکیورٹی فورسز نے بازیابی کیلئے سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے، ذرائع

... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

جماعت اسلامی بلوچستان کے اہم اضلاع کیلئے انتخابی عمل کا آغاز

... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کا مینڈیٹ ہی پارٹی کے فیصلوں کی بنیاد ہے، علی امین گنڈاپور

لانگ مارچ کے حوالے سے پارٹی قیادت جو ہدایات دے گی، عمل کیا جائے گا

انسان کو اپنے تجربے کے ساتھ دوسروں کے تجربات سے بھی سیکھنا چاہیے

ڈیرہ اسماعیل خان (آئی این پی) سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ عمران خان کا مینڈیٹ ہی پارٹی کے فیصلوں کی بنیاد ہے، خیبر پختونخوا اسمبلی تحلیل کرنے کا اختیار بھی بانی کی ہدایت کے بغیر استعمال نہیں کیا جاسکتا، لانگ مارچ کے حوالے سے پارٹی قیادت جو ہدایات دے گی، ان پر عمل کیا جائے گا۔ ایک انٹرویو میں علی امین گنڈاپور نے لانگ مارچ کے اخراجات سے متعلق سوال پر کہا کہ انہوں نے ماضی میں پارٹی کی احتجاجی سرگرمیو .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، انڈسٹریز، بلوچستان انڈسٹریز اور پاکستان بطور ... ایسوسی ایشن کی مشترکہ پریس کانفرنس سے صالح آغا و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کراچی، درجہ حرارت 35 ڈگری تک جانے کا امکان، بارش کا کوئی امکان نہیں

کراچی (آئی این پی) محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ کراچی میں زیادہ تر موسم دھوپ رہنے کی توقع ہے، جبکہ فی الحال بارش کا کوئی امکان نہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں ہوا میں نمی کا تناسب 81 فیصد ریکارڈ ہو رہا ہے، جبکہ جنوب مغربی سمت سے سمندری ہوائیں 12 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چل رہی ہیں۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ کراچی میں آج زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33 سے 35 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ شہر میں موسم زیادہ تر صاف رہنے کی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ آنے والے دنوں میں کراچی میں رات اور صبح کے اوقات میں معمولی خنکی محسوس کی جاسکتی ہے۔

تربت، خاتون نے تیزاب پی لیا، ہسپتال میں دم توڑ گئی

تربت (یو این اے) تربت کے علاقے مچھلی مارکیٹ میں ایک خاتون نے مبینہ طور پر تیزاب پی لیا، جنہیں انتہائی تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ دوران علاج جانبر نہ ہوسکیں اور انتقال کر گئیں۔ اسپتال ذرائع کے مطابق مچھلی مارکیٹ کے علاقے کی رہائشی خاتون نے مبینہ طور پر تیزاب پیا تھا جس سے ان کی حالت بگڑ گئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی انہیں فوری طور پر طبی امداد کے لیے اسپتال پہنچایا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے ان کی زندگی بچانے کی سرتوڑ کوشش کی لیکن وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دوران علاج دم توڑ گئیں۔

سنجاوی، لاپتہ ہونے والے پانچ سالہ بچے محمد آصف دمڑ کی لاش برآمد

واقعے کے بعد علاقے میں غم کی فضا، پولیس نے تحقیقات کا آغاز کر دیا

سنجاوی (یو این اے) سنجاوی میں گزشتہ روز اچانک لاپتہ ہو جانے والے پانچ سالہ معصوم بچے محمد آصف دمڑ کی لاش برآمد کر لی گئی ہے۔ اس دردناک واقعے کے بعد پورے علاقے میں شدید غم و صدمے کی فضا پھیل گئی ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق معصوم بچے کی موت کے اصل محرکات اور اسباب تاحال سامنے نہیں آسکے ہیں۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے فوری طور پر کارروائی کرتے ہوئے شواہد اکٹھے کر لیے ہیں اور واقعے کی مختلف زاویوں .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

بولان میں ہزارہ نوجوانوں پر فائرنگ قابل مذمت ہے، بلوچستان شیعہ کانفرنس

تین دہائیوں سے اپنے نوجوانوں، بزرگوں اور بھائیوں کی قربانیاں دے رہے ہیں، مزید بے گناہ جانوں کا ضیاع قبول نہیں، جواد رفیعی

حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشتگردی کے سدباب میں مکمل طور پر ناکام نظر آ رہے ہیں، پریس کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان شیعہ کانفرنس کے صدر انجینئر حاجی محمد جواد رفیعی نے بولان میں شیعہ ہزارہ نوجوانوں پر فائرنگ کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شیعہ ہزارہ نوجوانوں کا قتل کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ بولان کے افسوسناک واقعہ میں مصطفیٰ ولد حاجی نادر علی شہید جبکہ دو نوجوان شدید زخمی ہوئے ہیں۔ اس المناک واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انجینئر حاجی محمد جواد رفیعی نے کہا کہ ہم گزشتہ تین دہائیوں سے اپنے نوجوانوں، بزرگوں اور بھائیوں کی قربانیاں دے .... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر